فیوضاتِ درخواستی

مع

مجرباتِ درخواستی

ازافادات

شیخ الاسلام حضرت درخواستیؒ کے علمی جانشین
شیخ المحدثین والمفسرین امام العلماء والصلحاء شیخ الحدیث والتفسیر
شیخ طریقت حضرت مولانا **شفیق الرحمٰن درخواستی** نور اللہ مرقدہٗ
بانی مرکزی جامعہ عبداللہ بن مسعودؓ خان پور

مرتب

شیخ الحدیث حضرت درخواستیؒ کے جانشین
شیخ الحدیث والتفسیر خطیب اسلام
پیر طریقت حضرت مولانا **حماد اللہ درخواستی** مدظلہ امین وناشر علوم درخواستی

مہتمم ۔ مرکزی جامعہ عبداللہ بن مسعودؓ خان پور
مرکزی راہنما ۔ جمعیت علماء اسلام پاکستان
نائب امیر مرکزیہ ۔ مجلس علماء اہلسنت والجماعت پاکستان

ناشر

تصوف وسلوک کے فضائل ومسائل
مجرب عملیات وتعویذات پر مشتمل ایک جامع اور دلکش کتاب

فیوضاتِ درخواستی
مع
مجرباتِ درخواستی

تصوف کی دنیا کا شاہکار

از افادات

شیخ الاسلام حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کے علمی جانشین
شیخ المحدثین والمفسرین امام العلماء والصلحاء شیخ الحدیث والتفسیر
شیخ طریقت حضرت مولانا **شفیق الرحمن درخواستی** صاحب نور اللہ مرقدہ
بانی۔ جامعہ عبداللہ بن مسعودؓ خان پور

مرتب

شیخ الحدیث حضرت درخواستیؒ کے جانشین
شیخ الحدیث والتفسیر خطیب اسلام
پیر طریقت حضرت مولانا **حماد اللہ درخواستی** صاحب مدظلہ امین وناشر علوم درخواستی

نائب مہتمم۔ ناظم اعلیٰ۔ ناظم تعلیمات۔ جامعہ عبداللہ بن مسعودؓ خان پور
مرکزی راہنما۔ جمعیت علماء اسلام پاکستان
نائب امیر مرکزیہ۔ مجلس علماء اہلسنت والجماعت پاکستان

ناشر

مکتبہ شیخ درخواستیؒ جامعہ عبداللہ بن مسعودؓ خانپور ضلع رحیم یار خان
0333 7496876

ضابطہ

نام کتاب : فیوضاتِ درخواستی مع مجرباتِ درخواستی

ازافادات : شیخ طریقت حضرت مولانا شفیق الرحمن صاحب درخواستی نوراللہ مرقدہ

ترتیب : حضرت مولانا حماد اللہ صاحب درخواستی مدظلہ

تاریخ طباعت : اپریل 2012ء جمادی الثانی ۱۴۳۳ھ

تعداد طبع ششم : ایک ہزار

طباعت باہتمام : شبیر احمد فاروقی 0300-6714356

قطب الاقطاب حضرت خلیفہ غلام محمد صاحب دین پوری ـــــ رحمۃ اللہ علیہ

حافظ الحدیث والقرآن حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی ـ رحمۃ اللہ علیہ

قطبِ زمان امام السالکین حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب بہلوی ـ رحمۃ اللہ علیہ

ولیِ کامل حضرت مولانا عبدالرؤف صاحب درخواستی ـــــ رحمۃ اللہ علیہ

کے نام

جنکے علمی وروحانی فیض نے ایک عالم کو
رب کے دین کا دیوانہ بنادیا۔

افقر الی اللہ

حماد اللہ درخواستی

یکم جمادی الاول
۱۴۳۹ھ

فہرست مضامین

حدیثِ دل

شیخ الحدیث حضرت درخواستیؒ کے جانشین

استاذ الحدیث والتفسیر خطیب اسلام پیر طریقت حضرت مولانا حماد اللہ درخواستی مدظلہ دامت برکاتہم

نائب مہتمم۔ناظم اعلیٰ۔ناظم تعلیمات۔جامعہ عبداللہ بن مسعود خان پور

مرکزی راہنما ۔ جمعیت علماء اسلام پاکستان

نائب امیر مرکزیہ۔ مجلس علماء اہلسنت والجماعت پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم. اما بعد

شیخ الاسلام والمسلمین امام المحدثین والمفسرین حافظ القرآن و الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی نور اللہ مرقدہ کو پروردگار عالم نے بے مثال و لازوال محاسن وکمالات واوصاف سے نوازا تھا۔آپ کو علم وعمل .....صورت وسیرت ..... کردار واخلاق .....عادات واطوار.....صبر وتحمل ..... قناعت وتوکل .....ایثار وقربانی ..... تواضع وانکساری.....جود وسخا.....حلم وحیا.....فقر واستغناء.....مہر ووفا .....زہد وتقوی جلال و جمال ..... استقامت و استقلال ..... احسان و اخلاص ..... انعام واکرام جامعیت ونافعیت ..... راہنمائی وہدایت ..... رحمت ورأفت ..... نصرت واعانت غیرت وحمیت .....عفوو درگزر ..... بے مثال حافظہ وذہانت..... اتباع قرآن وسنت حب رسول واصحاب رسول ..... حب رسول وآل رسول ..... حب رسول و مدینۃ الرسول حب اولیاء اللہ ..... حب مساجد و مدارس دینیہ ..... ذوق حفظ قرآن و حدیث اعلاء کلمۃ اللہ ..... اصلاح بین الناس ..... اصحاب علم وعمل سے قُرب ونزدیکی ارباب اختیار واقتدار سے بُعد ودوری ..... جیسی بے شمار اوصاف حمیدہ سے نوازا گیا تھا۔ اتنا کہ الفاظ ختم ہوجائیں لیکن اوصاف ختم ہونے میں نہ آئیں۔

اور پھر زندگی کی ہر ہر ادا میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع و پیروی اور آپ کی اداؤں کو اپنانے کا جذبہ۔

اس لئے ہر کام میں ..... صورت وسیرت ..... عادات واطوار ..... اخلاق وکردار
چال وڈھال ..... تکلم وگفتگو ..... پوشاک ولباس ..... دن ورات ..... ماہ وسال .....
قول وقرار ..... چلنا پھرنا ..... اٹھنا بیٹھنا ..... ہنسارونا ..... رہن سہن ..... خوشی وغم .....
پیارے نبی کی پیاری اداؤں کو اپنایا جارہا ہے۔اور پھر بھی ..... اوصاف حمیدہ ..... عادات جمیلہ
کمالات عجیبہ ..... ہمیں شیخ الاسلام حضرت درخواستیؒ کے علمی جانشین شیخ المحدثین والمفسرین
امام العلماء والصلحاء حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی نور اللہ مرقدہ میں منتقل ہوتی نظر آتی ہیں
اسی وجہ سے آپ زندگی کی ہر ہر ادا میں درس حدیث ہو یا درس تفسیر شیخ الاسلام حضرت درخواستیؒ
کی ہو بہو تصویر ..... کاپی ..... اور عکس جمیل نظر آتے ہیں۔

اسی وجہ سے جب آپ بیان کرتے تو یوں نظر آتا جیسے شیخ درخواستیؒ کی روح بول رہی ہو۔

دونوں کی زندگی کا مشن ونظریہ ایک۔ خدمت واشاعت قرآن وحدیث

دونوں کی عمر بھر کی جفاکشی۔ محنت۔ جہد مسلسل کا مقصد ایک

اللہ کی دھرتی پہ اللہ کے بندوں کو اللہ کا نظام نصیب ہو جائے۔

ولیس علی اللہ بمستنکر ان یجمع العالم فی واحد

شیخ الاسلام حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ
کی حیات اور وفات میں ایک حیرت انگیز مماثلت ومشابہت نظر آتی ہے۔

چند جھلکیاں ملاحظہ فرمائیں۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

پیدائش ماہ محرم الحرام میں۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

پیدائش ماہ محرم الحرام میں۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

وفات ماہ اگست میں۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

وفات ماہ اگست میں۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

موت الفجأة نعمة ۔ کے مصداق اچانک وفات۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

موت الفجأة نعمة ۔ کے مصداق اچانک وفات۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

نماز جنازہ نارمل اسکول خانپور کے وسیع وعریض میدان میں۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

نماز جنازہ نارمل اسکول خانپور کے وسیع وعریض میدان میں۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

عظیم الشان نماز جنازہ۔ ہزاروں علماء وطلباء واہل اللہ اور زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے لاکھوں فرزندان توحید کی شرکت۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

عظیم الشان نماز جنازہ۔ ہزاروں علماء وطلباء واہل اللہ اور زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے لاکھوں فرزندان توحید کی شرکت۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کا مدفن دین پور شریف کا قبرستان۔ احاطہ خاص۔ جسے حضرت لاہوریؒ نے جنت کا ٹکڑا کہا

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کا مدفن دین پور شریف کا قبرستان۔ احاطہ خاص۔ جسے حضرت لاہوریؒ نے جنت کا ٹکڑا کہا۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

بظاہر جگہ کے کم ہونے کی وجہ سے موجودہ مقام پر قبر کا نہ بن سکنا۔ لیکن پھر اللہ رب العزت کے فضل وکرم کا متوجہ ہونا۔ اور ہمسایوں کا جگہ دینا۔ اور قبر کا کشادہ ہو جانا۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

بظاہر جگہ کے کم ہونے کی وجہ سے موجودہ مقام پر قبر کا نہ بن سکنا۔ لیکن پھر اللہ رب العزت کے فضل وکرم کا متوجہ ہونا۔ اور ہمسایوں کا جگہ دینا۔ اور قبر کا کشادہ ہو جانا۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کے جنازہ کے موقع پر آدھا دن سخت گرمی رہی اور پھر باقی آدھا دن بارش ہوتی رہی گویا کہ آپ کی وفات پر آدھا دن زمین روتی رہی اور آدھا دن آسمان روتا رہا۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کے جنازہ کے موقع پر بھی اولاً سخت گرمی رہی پھر جیسے ہی جنازہ پنڈال میں لایا گیا تو ایک دم ٹھنڈی ہوا اور بادلوں نے پورے میدان کو گھیر لیا اور رحمت وسکینت کی گھٹا چھا گئی۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ پر زندگی میں ایک مرتبہ قاتلانہ حملہ ہوا اور اللہ رب العزت نے آپ کی جان کی حفاظت فرمائی۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ پر زندگی میں ایک مرتبہ قاتلانہ حملہ ہوا اور اللہ رب العزت نے آپ کی جان کی حفاظت فرمائی۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کے مرشد قطب الاقطاب حضرت خلیفہ غلام محمد صاحب دین پوری رحمۃ اللہ علیہ نے

اپنی دستار مبارک آپ کے سر پر رکھی تھی اور آپ کی دستار بندی کرائی تھی۔اسی وجہ سے آپ کو فنافی الشیخ کا مقام حاصل ہوا تھا۔

★شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کے مرشد شیخ الاسلام حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی کئی مرتبہ ختم بخاری شریف اور اجتماعات کے موقع پر اپنا رومال اور دستار مبارک پہنا کر آپ کی دستار بندی فرمائی اور آپ کو شیخ الحدیث اور شیخ التفسیر کے القاب سے پکارتے رہے اور اپنی زندگی میں ہی حدیث اور تفسیر کی مسند کو آپ کے حوالے کیا۔اور خود پس پردہ اسباق سنتے رہے اور دعائیں دیتے رہے۔اسی وجہ سے آپ کو بھی فنافی الشیخ کا مقام حاصل تھا۔

نہ کتابوں سے نہ وعظوں سے نہ زر سے پیدا
دین ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا
لفظ تو لفظ ہی سکھاتے ہیں
آدمی آدمی بناتے ہیں
مکتب عشق کا دیکھا یہ نرالا دستور
اس کو چھٹی نہ ملی جس کو سبق یاد ہوا

◉شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

حدیث۔تفسیر۔فقہ اور دیگر کتب کی تدریس میں پوری توجہ کتاب پر مرکوز رہتی خصوصاً حدیث وتفسیر کے اسباق گھنٹوں چلتے رہتے لیکن ذوق تدریس اور توجہ میں کوئی کمی نہ آتی۔

★شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

حدیث۔تفسیر۔فقہ۔اور دیگر کتب کی تدریس میں پوری توجہ کتاب پر مرکوز رہتی۔خصوصاً حدیث وتفسیر کے اسباق میں سات سات، آٹھ آٹھ گھنٹے گزر جاتے لیکن نشست

تبدیل نہیں فرماتے تھے۔ابتداسبق سے لیکراختتام سبق تک منظریہی رہتا کہ .....
ہاتھ قرآن وحدیث پر ..... نظر قرآن وحدیث پر ..... توجہ قرآن وحدیث پر .....
اور جس ھیئت ونشست میں بیٹھتے آخر تک اسی کیفیت کو برقرار رکھتے۔اور قرآن وحدیث
کی محبت اتنی غالب رہتی کہ نشست تبدیل کرنے کا خیال بھی نہ آتا۔

توحید تو یہ ہے کہ خدا حشر میں کہہ دے
یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لئے ہے
یہ شہادت گہ الفت میں قدم رکھنا ہے
لوگ آساں سمجھتے ہیں مسلماں ہونا
ومن مذھبی حب النبی وکلامہ
وللناس فیما یعشقون مذاھب
ماہرچہ خواندہ ایم فراموش کردہ ایم
الا حدیث یار کہ تکرار می کنیم

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔
اللہ رب العزت نے آپ کو بے مثال قوت حافظہ سے نوازا تھا جس کا اظہار درس وتدریس۔
وعظ وتبلیغ۔اور خصوصاً دورہ تفسیر میں ہوتا تھا کہ بغیر حواشی واشارات کے سادہ قرآن مجید
اپنے سامنے رکھتے اور مسلسل پانچ سے سات گھنٹے تک درس تفسیر جاری رہتا اور انتہائی پروقار
سنجیدہ اور خوبصورت انداز میں قرآنی سورتوں اور رکوعات اور آیات میں یوں ربط واضح
کرتے چلے جاتے جیسے ایک لڑی میں موتی پروئے جاتے ہیں۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔
اللہ رب العزت نے آپ کو بے مثال قوت حافظہ سے نوازا تھا جس کا اظہار درس وتدریس۔
وعظ وتبلیغ۔اور خصوصاً دورہ تفسیر میں ہوتا تھا کہ بغیر حواشی واشارات کے سادہ قرآن مجید

اپنے سامنے رکھتے اور مسلسل پانچ سے سات گھنٹے تک درس تفسیر جاری رہتا از راانتہائی پر وقار سنجیدہ اور خوبصورت انداز میں قرآنی سورتوں اور رکوعات اور آیات میں یوں ربط واضح کرتے چلے جاتے جیسے ایک لڑی میں موتی پروئے جاتے ہیں۔ اور یوں لگتا کہ

بلبل چہک رہا ہے ریاض رسول میں۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

دوران سبق کسی اور طرف توجہ نہ فرماتے چاہے کوئی بڑے سے بڑا آدمی کیوں نہ آجائے کیونکہ جب حدیثِ یار چل رہی ہو تو آنے والوں کو کون پوچھتا ہے۔ آنے والے یا تو قال اللہ وقال الرسول والی مجلس کا حصہ بن جائیں یا پھر اپنی راہ لیں۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

دوران سبق کسی اور طرف توجہ نہ فرماتے چاہے کوئی بڑے سے بڑا آدمی کیوں نہ آجائے کیونکہ جب حدیثِ یار چل رہی ہو تو آنے والوں کو کون پوچھتا ہے۔ آنے والے یا تو قال اللہ وقال الرسول والی مجلس کا حصہ بن جائیں یا پھر اپنی راہ لیں۔

درِ فیض محمدی وا ہے آئے جس کا جی چاہے
نہ آئے آتش دوزخ میں جائے جس کا جی چاہے
مریضانِ گناہ کو دو خبر فیض پیمبر کی
بلا قیمت دوا ملتی ہے آئے جس کا جی چاہے

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

درس گاہ میں دوران سبق کبھی کسی کی غیبت۔ عیب جوئی۔ الزام تراشی اور کسی کی ذات کے بارے میں منفی تبصرہ نہیں فرمایا۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

درس گاہ میں دوران سبق کبھی کسی کی غیبت۔عیب جوئی۔الزام تراشی اور کسی کی ذات کے بارے میں منفی تبصرہ نہیں فرمایا۔

کہہ رہا ہے شورِ دریا سے سمندر کا سکوت
جس کا جتنا ظرف ہے وہ اتنا ہی خاموش ہے
نشہ پلا کے گرانا تو سب کو آتا ہے
مزا تو تب ہے کہ گرتوں کو تھام لے ساقی
جہاں میں اہلِ ایماں صورت خورشید جیتے ہیں
اِدھر ڈوبے اُدھر نکلے اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کو روضۃ الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سلام آئے۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کو بھی روضۃ الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سلام آئے۔

ادب گاہیست زیر آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا
کے بود یارب کہ رُو در یثرب وبطحاء کنم
گاہ بمکہ منزل گاہ در مدینہ جا کنم
آرزوئے جنت المأویٰ بروں کردم زدل
جنتم ایں بس کہ درخاک درت ماوا کنم
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

عمر بھر کا مشغلہ ۔ توحید و رسالت کا اعلان
درس حدیث و قرآن ۔ قریہ قریہ حق کا بیان

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

عمر بھر کا مشغلہ ۔ توحید و رسالت کا اعلان
درس حدیث و قرآن ۔ قریہ قریہ حق کا بیان

مریضِ عشق پہ رحمت خدا کی
مرض بڑھتا ہی گیا جوں جوں دوا کی

اب ڈھونڈ انہیں چراغ رخ زیبا لے کر

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

پوری دنیا میں آپ کے حدیث و تفسیر اور علمی و روحانی فیض یافتہ شاگرد ہزاروں کی تعداد میں موجود ہیں اور دنیا کے کونے کونے میں دینِ متین کی خدمت میں مصروف ہیں۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

پوری دنیا میں آپ کے حدیث و تفسیر اور علمی و روحانی فیض یافتہ شاگرد ہزاروں کی تعداد میں موجود ہیں اور دنیا کے کونے کونے میں دینِ متین کی خدمت میں مصروف ہیں۔

دنیا بھر میں پھیلتا یہ فیضان فیضانِ درخواستی ہے۔

◉ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

حفظ قرآن وحدیث اور علم قرآن وحدیث نسل درنسل۔

★ شیخ الحدیث حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ۔

حفظ قرآن وحدیث اور علم قرآن وحدیث نسل درنسل۔

یوں لگتا ہے جیسے دونوں کا خمیر ایک ہی مٹی سے بنایا گیا۔

افقر الی اللہ
حماد اللہ درخواستی
یکم جمادی الاول
۱۴۳۹ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کلماتِ لطیف

عالمی مبلغ اسلام حضرت مولانا **مفتی عبداللطیف** صاحب مدظلہ
مہتمم جامعہ مدنیہ فاروق اعظم رحیم یار خان پاکستان

فیوضات درخواستی مع مجربات درخواستی۔ تصوف وسلوک کے فضائل ومسائل اور مجرب عملیات وتعویذات پر مشتمل ایک جامع اور دلکش کتاب ہے۔ جس کو پروردگار عالم نے انتہائی مقبولیت ومحبوبیت سے نوازا ہے۔ اور جس سے عوام وخواص نفع اور فیض حاصل کر رہے ہیں۔ یہ کتاب شیخ الاسلام حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کے علمی جانشین شیخ الحدیث والتفسیر امام العلماء والصلحاء پیر طریقت رہبر شریعت استاذنا المکرم حضرت مولانا شفیق الرحمٰن صاحب درخواستی نور اللہ مرقدہ کے افادات پر مشتمل ہے۔ جو آپ کو حضرت دین پوریؒ حضرت درخواستیؒ۔ حضرت لاہوریؒ اور حضرت بہلویؒ سے براہ راست حاصل ہوئے۔

اس کتاب لاجواب کی ترتیب وتبویب کی سعادت شیخ الحدیث حضرت درخواستیؒ کے بڑے فرزند اور جانشین شیخ الحدیث والتفسیر خطیب اسلام، پیر طریقت حضرت مولانا حماد اللہ صاحب درخواستی دامت برکاتہم العالیہ کو حاصل ہوئی۔ جو الولد سر لابیہ کے مصداق شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کی طرح جامع الصفات اور آپ کے علوم وعرفان کے وارث اور امین ہیں۔

اللہ رب العزت نے جیسے شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ سے۔تدریس۔تبلیغ۔ تصنیف۔تصوف۔سیاست اسلامیہ۔دین کے ہر شعبہ میں کام لیا۔ویسے ہی شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ نے دین کے ہر شعبہ میں اپنے بڑے فرزند اور جانشین حضرت مولانا حماد اللہ صاحب درخواستی مدظلہ کی نہ صرف یہ کہ تربیت فرمائی بلکہ علمی و روحانی میدان میں عوام و خواص کی اصلاح و رہنمائی کیلئے اجازت وخلافت سے بھی نوازا۔اور اپنی زندگی میں ہی اپنی علمی اور روحانی توجہات کا مرکز بنایا اور اپنا نائب و جانشین بنایا۔اور اپنے شاگرد۔اولاد و خاندان۔اور متعلقین و مریدین ومحبین۔سب سے کہا کہ مولانا حماد اللہ صاحب کو میری جگہ پر سمجھنا۔ میرے نام کو اسی نے روشن کیا ہے اور میرے نام کو دین کے ہر شعبہ میں اسی نے زندہ رکھنا ہے۔ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء اور یہ اللہ رب العزت کا خاص فضل وکرم اور والدین کی خصوصی دعاؤں کا ثمرہ ونتیجہ ہے کہ برادر محترم حضرت مولانا حماد اللہ صاحب درخواستی مدظلہ تدریس۔تبلیغ۔تصنیف۔تصوف۔سیاست اسلامیہ۔دین کے ہر شعبہ میں بہترین و بے مثال خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔اور آج مولانا حماد اللہ صاحب درخواستی کے روپ میں شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کا مشن جاری وساری ہے۔

اور قدرت کا یہ عجیب اتفاق ہے کہ جیسے شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ شیخ الاسلام والمسلمین حافظ القرآن والحدیث امام المحدثین والمفسرین حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کے زیر سایہ وزیر تربیت 18 سال تک حدیث۔تفسیر۔اور فقہ کے اسباق پڑھاتے رہے۔ویسے ہی حضرت مولانا حماد اللہ صاحب درخواستی مدظلہ اپنے عظیم والد و استاذ مربی ومحسن۔مشفق ومرشد۔شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کے زیر سایہ وزیر تربیت 18 سال تک حدیث۔تفسیر۔اور فقہ کے اسباق پڑھاتے رہے۔

شیخ الاسلام حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد کئی ساتھیوں نے خواب میں دیکھا کہ شیخ الاسلام حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ دودھ کا بھرا ہوا گلاس لائے اور وہ دودھ شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کو پلایا۔ اور اسی طرح شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد کئی ساتھیوں نے خواب میں دیکھا کہ شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ دودھ کا بھرا ہوا گلاس لائے اور وہ دودھ مولانا حماد اللہ درخواستی کو پلایا۔

اور دودھ کا پلانا اس کی تعبیر و مصداق علم و روحانیت ہی تو ہے۔ تو یہ علمی و روحانی فیض و نسبت یونہی نسل در نسل منتقل ہوتی رہتی ہے۔ اور اللہ رب العزت اپنے دین متین کا کام یونہی نسل در نسل لیتے رہتے ہیں۔ اور قیامت تک علم و عمل اور معرفت و روحانیت کا سلسلہ یونہی چلتا رہتا ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ برادر محترم حضرت مولانا حماد اللہ صاحب درخواستی کیلئے انتہائی خوش نصیبی کی بات ہے۔ کہ والدین کی دعاؤں کے صدقے۔ والدین کی زندگی میں۔ والدین کی نگاہوں کے سامنے۔ پروردگار عالم نے انہیں قرآن وحدیث کی۔ تدریس۔ تبلیغ۔ اشاعت اور خدمت کیلئے قبول کر لیا۔ اللھم زد فزد۔

آج جب شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں تو مولانا حماد اللہ درخواستی کی صورت میں شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کا علمی و روحانی فیض اور مشن جاری ہے۔

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ جیسے شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ نے دین کے ہر شعبہ میں شیخ الاسلام حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کی یاد کو تازہ کر دیا اور ان کی روح کو خوش کر دیا۔ ویسے ہی حضرت مولانا حماد اللہ صاحب درخواستی دین کے ہر شعبہ میں شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کی یاد کو تازہ کر دیں اور ان کی روح کو خوش کر دیں۔

اور شیخ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کے تمام صدقات جاریہ کو اور خصوصاً جامعہ عبداللہ بن مسعودؓ۔ جمعیت علماء اسلام۔ مجلس علماء اہلسنت والجماعت۔ مسند حدیث وتفسیر۔ مسند خطابت۔ اور مسند تصوف کو اپنی خداداد صلاحیتوں اور اپنے عظیم والد کی شفقتوں۔ محبتوں۔ دعاؤں اور تربیتوں کے صدقے چار چاند لگا دیں۔ اور خانوادہ درخواستی کیلئے عزت وافتخار۔ اور سرفرازی وسربلندی کی علامت ونشان بن جائیں۔

آمین یارب العالمین۔ بجاہ سید المرسلین
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

[illegible]
مہتمم جامعہ [illegible] رحیم یار خان
۱۱/۴/۱۴۲۹ہجری
۱۸-۴-۰۸

کلمہ حق

استاذ الحدیث والتفسیر
حضرت مولانا مفتی عبدالستار صاحب مدظلہ
جامعہ عبداللہ بن مسعودؓ خان پور پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد وستائش اس ذات کے لئے جس نے کارخانہ عالم کو وجود بخشا اور مخلوق کی ہدایت کے لئے کتاب کو نازل فرمایا، اور بے شمار درود وسلام اس آخری نبی پر جس نے دنیا میں حق کا بول بالا کر دیا اور اس کو چار دانگ عالم میں پھیلایا۔

قارئین کرام!

یہ کتاب فیوضات درخواستی مع مجربات درخواستی جو آپ کے ہاتھوں میں ہے اس عظیم شخصیت کی تصنیف ہے جو یگانہ ونابغہ روزگار ہیں۔ علمیت وروحانیت میں سباق الغایات ہیں۔ منقولات ومعقولات کے جامع اور تمام علوم دینیہ کے اصول وفروع سے واقف ہیں۔ بالخصوص علم تفسیر وحدیث میں اپنی مثال آپ ہیں۔ اس سے میری مراد منبع العلوم والفیوض، رہبر شریعت، پیر طریقت شیخ التفسیر والحدیث

استاذیم حضرت مولانا شفیق الرحمٰن صاحب درخواستی دامت برکاتہم العالیہ کی ذات بابرکات ہے۔آپ ان درویشان باخدا علماء حق میں سے ہیں جو دین حق کی سربلندی اور اعلاء کلمۃ اللہ کیلئے دین کی شمع کو روشن کیے ہوئے صراط مستقیم پر گامزن ہیں۔

فیاض ازلی نے آپ کو جامع صفات بنایا ہے۔آپ جہاں تدریس وتبلیغ کے لئے زینت ہیں وہاں ریاضت ومجاہدہ،فناء وعبدیّت ،معرفت وطریقت کے بھی آفتاب و ماہتاب ہیں ۔ گویا آپ علم ،معرفت ،طریقت ،شریعت کے مجمع البحرین ہیں ۔بندہ ناچیز راقم الحروف نے کئی بار پڑھا اور سنا ہے کہ

لَیْسَ مِنَ اللّٰہِ بِمُسْتَنْکَرٍ اَنْ یَّجْمَعَ العالَمَ فِیْ وَاحِدٍ

مگر دور حاضر میں اس کا کامل اور صحیح تر مصداق حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ ہی کی ذات کو پایا ہے اس لئے کہ آپ تواضع وانکساری غمخواری ،غمگساری ، ایثار ، ہمدردی ، الفت ومحبت ،شفقت ورحمت ،صداقت ودیانت ،شرافت وامانت اور ظاہر وباطن میں باکمال ہیں۔

آپ ایسے کیوں نہ ہوتے جب آپ کے ظاہر کی تربیت آپ کے والد محترم حضرت مولانا عبدالرؤف صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کی تھی جو علم وعمل میں یکتا تھے اور زہد وتقویٰ ،حلم ومتانت ،صورت وسیرت میں نمونہ سلف تھے اور آپ کے باطن کی تربیت قطب الاقطاب حضرت میاں عبدالہادی صاحب دین پوری رحمۃ اللہ علیہ اور تاج الاولیاء حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب بہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ الاسلام حافظ الحدیث والقرآن حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ نے کی جو اپنے اپنے وقت کے جنیدؒ وغزالیؒ تھے۔

حضرت شیخ الحدیث صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد

بزرگوار سے حاصل کی اور باقی علوم حضرت شیخ الاسلام حضرت درخواستی نور اللہ مرقدہ کی زیرنگرانی حاصل کیے اور پھر حضرتؒ ہی کے ساتھ ایک ہی مسند پر پندرہ سال کے طویل عرصہ تک تفسیر وحدیث پڑھائی اور خود حضرت ہی نے آپ کو شیخ التفسیر اور شیخ الحدیث کے اعزاز سے نوازا۔ آپ نے منقولات کی طرح معقولات میں بھی بہت بڑی شہرت اور امتیازی مقام حاصل کیا ہے۔ آپ کی قوت تفہیمیہ اس قدر قوی ہے کہ قاضی، حمد اللہ، صدرا، اقلیدس، تصریح، چغمینی اور دوسری مشکل کتب کے پیچیدہ مقامات کونہایت سہولت کے ساتھ سمجھا دیتے ہیں۔ معمولی استعداد والا طالب علم بھی خوب سمجھ جاتا ہے۔

حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم العالیہ حضرت درخواستیؒ کے علوم کا عکس ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ حضرت رحمۃ اللہ کی وفات حسرت آیات کے بعد بالاتفاق آپ ہی کو آپؒ کا علمی جانشین تسلیم کیا گیا ہے چنانچہ آپ اپنے بیان میں حضرت درخواستیؒ کی طرح ایک ہی موضوع پر احادیث مسلسل پڑھتے چلے جاتے ہیں۔ اور سامعین پر علوم وعرفان کی بارش کردیتے ہیں۔

فیاض ازلی نے آپ کے انداز خطابت میں بھی حضرت درخواستیؒ جیسی سحر آمیز آواز اور رقت بھرا طرز رکھ دیا ہے کہ حضرتؒ کی یاد تازہ ہوجاتی ہے۔ بس یوں معلوم ہوتا ہے کہ حضرت درخواستیؒ کی روح بول رہی ہو۔

یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا

آپ کا روحانی تعلق قطب الاقطاب حضرت میاں عبدالہادی صاحب دین پوریؒ اور تاج الاولیاء حضرت مولانا عبداللہ صاحب بہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ اور شیخ الاسلام حضرت درخواستیؒ کے ساتھ رہا۔ اور حضرت بہلویؒ کے جانشین

حضرت مولانا عبدالحی صاحب مدظلہ العالی نے آپ کو خلافت دے کر سلاسل اربعہ میں بیعت کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی ہے اور ہزاروں افراد متوسلین و مسترشدین آپ کے فیوض و برکات سے مستفید ہو رہے ہیں۔

حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم العالیہ نے اس دولت روحانیہ کو مزید عام کرنے کے لئے زیر نظر کتاب فیوضات درخواستی مع مجربات درخواستی کی ترتیب و تبویب کی اجازت دے کر امت مسلمہ پر احسان عظیم فرمایا ہے اس لئے کہ بندگان خدا جو انبیاء علیہم السلام کے نقش قدم پر چل کر واصل الی اللہ ہوتے ہیں، ان کے اوراد و معمولات بلکہ ان کا اوڑھنا بچھونا بھی خلق خدا کے لئے ہدایت ہوتا ہے۔ اور ایسے صلحاء امت کی پیروی کے بارے میں اللہ تعالیٰ حکماً ارشاد فرماتے ہیں۔ وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ کیونکہ تکمیل اصلاح تو منیب الی اللہ کی اتباع ہی سے ہو سکتی ہے۔

اس کتاب کی ترتیب و تبویب کی سعادت جس شخصیت کو حاصل ہوئی وہ حضرت ہی کے فرزند ارجمند ہیں جو نہایت زیرک، ذہین، فہیم، عقیل، صاحب علم و عمل ہیں اس سے میری مراد صاحبزادہ مولانا حماد اللہ صاحب درخواستی مدظلہ ہیں اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِيْهِ کے مطابق حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم کی طرح جامع صفات ہیں۔ چنانچہ آپ بیک وقت نہایت باصلاحیت مدرس بھی ہیں اور پر اثر مقرر و خطیب بھی ہیں اور کلام کی عمدگی و سلاست میں اعلیٰ درجہ کے فصیح و بلیغ بھی ہیں۔ محفل ادب کے حیران کن ادیب بھی ہیں اور غمزدہ قلوب کے انیس بھی ہیں۔ آپ تدریسی اور تصنیفی مصروفیات کے ساتھ جامعہ عبداللہ بن مسعودؓ جیسی عظیم دینی درس گاہ کے ناظم تعلیمات اور نائب مہتمم بھی ہیں۔ آپ نے زیر نظر کتاب فیوضات درخواستی مع مجربات درخواستی کو نہایت حسن ترتیب سے مرتب فرمایا ہے۔ اس کتاب کی ترتیب

سے مرتب کے حسن ذوق اور کافی محنت کا پتہ چلتا ہے۔ مرتب مدظلہ کی قلم حقیقت رقم کے دل آویز انداز نے قاری کے دل پر گہرے اثرات چھوڑے ہیں جو مرتب کی کامیابی پر روشن دلیل ہے۔

اس کتاب کی ترتیب ابواب اربعہ پر کی گئی ہے۔ پہلے باب میں سلوک و تصوف کے مسائل کو قرآن واحادیث کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔ اور دوسرے باب میں سلاسل اربعہ .... کے اسباق کو بیان کیا گیا ہے۔ اور تیسرے باب میں مسنون دعاؤں کو جمع کر دیا گیا ہے۔ جب کہ چوتھے باب میں ان وظائف و عملیات ومجربات کو ایک جگہ جمع کر دیا گیا ہے۔ جو حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم کو حضرت دین پوریؒ اور حضرت لاہوریؒ، اور حضرت بہلویؒ، اور حضرت درخواستیؒ سے براہ راست حاصل ہوئے ہیں۔

تمام اہل علم بالخصوص سالکین اور مسترشدین کے لئے اور موجودہ دور میں پریشان کن حالات سے نجات طلب کرنے والوں کے لئے ایمان افروز اور سکون وراحت بخش مضامین پر مشتمل یہ کتاب قابل مطالعہ اور لائق استفادہ ہے۔

اللہ رب العزت سے دعاء ہے کہ وہ اس کتاب کے نفع کو عام اور تام کرے اور دنیا میں ذریعہ ہدایت اور آخرت میں ذریعہ نجات بنائے۔ (آمین)

عبدالستار بقلم خود
استاذ حدیث و تفسیر و مفتی دارالافتاء
جامعہ عبداللہ بن مسعود خانپور
[illegible] ۱۴۱۸ھ [illegible] ۱۹۹۷ء

آراء گرامی مشائخ عظام

سلطان العارفین سراج السالکین حضرت مولانا
خواجہ خان محمد صاحب مدظلہ
امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان۔ سجادہ نشین درگاہ عالیہ سراجیہ کندیاں شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ اَمَّا بَعْدُ

شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان کے چشم و چراغ حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی درس و تدریس، تعلیم و تعلم وعظ و تبلیغ کے ذریعہ خدمت اسلام کا مقدس فریضہ انجام دے رہے ہیں۔

مولانا موصوف جامعہ عبداللہ بن مسعودؓ کے شیخ الحدیث والتفسیر ہیں۔ دیگر دینی مصروفیات کے علاوہ آپ نے تحریری طور پر بھی گرانقدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ تفسیر القرآن الکریم پر کام کر رہے ہیں۔ حال ہی میں آپ نے تصوف وسلوک طریقت واحسان کے عنوان پر قلم اٹھایا ہے۔ فیوضات درخواستی مع مجربات درخواستی کے نام سے قابل قدر محنت کی ہے۔ امور سلوک کو قرآن وسنت کی روشنی میں خوب سے خوب تر واضح کیا ہے۔ سلاسل اربعہ نقشبندی سہروردی، چشتی، قادری سلاسل کے اسباق تصوف کو بیان کیا ہے، رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسنون دعائیں وظائف وعملیات پر خامہ فرسائی کی ہے۔

فقیر دعاء گو ہے کہ مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی کے ذریعہ شیخ الاسلام حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کا فیض عام ہو، خلق خدا نفع حاصل کرے۔ فلاح ونجاح اس میں ہے کہ ہم اکابر کے طرزِ عمل کو اپنائے رکھیں۔

اللہ رب العزت اس کتاب کو شرف قبولیت سے سرفراز فرمائیں، مصنف کے علم وعمل میں برکتیں نصیب فرمائیں۔

(امین بجاہ النبی الامی الکریم)

فقیر خان محمد عفی عنہ

رائے گرامی

پیر طریقت حضرت مولانا عبدالحی صاحب مدظلہ العالی
سجادہ نشین خانقاہ بہلویہ (شجاع آباد)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام مسنون!

حضرت علامہ شیخ الحدیث مولانا شفیق الرحمٰن صاحب درخواستی نے کتاب فیوضات درخواستی مع مجربات درخواستی تحریر فرمائی ہے۔ یہ کتاب عام وخاص کے لئے مفید تر ہے اور خصوصاً اللہ والوں کے ملفوظات پڑھنے دیکھنے سے ایمان تازہ ہوتا ہے۔

حضرت شیخ الحدیث صاحب نے تمام علماء اور فضلاء کرام پر احسان فرمایا ہے۔

اللہ ایسی شخصیت کی زندگی عافیت سے دراز فرماویں (آمین)

فقیر عبدالحی [illegible]

رائے گرامی

حضرت مولانا خواجہ محمد عبدالماجد صدیقی صاحب
مدیر جامعہ مالکیہ خانیوال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اما بعد

موجودہ دور میں امۃ مسلمہ کی حالت یہاں تک بگڑ چکی ہے کہ حق باطل سے اور جھوٹ سچ سے بالکل پیوست ہو چکا ہے۔

عوام الناس کی روحانی تنزلی کا یہ حال ہو چکا ہے کہ ایک گروہ نے طریقت کو لازم سمجھ کر فرائض کو ترک کر کے شریعت و طریقت کو الگ الگ کر ڈالا ہے۔ دوسرے گروہ نے طریقت کو گمراہی قرار دے کر اس کی مخالفت کو مقصد بنالیا ہے۔

ان حالات میں حضرت شیخ الحدیث مولانا شفیق الرحمن درخواستی صاحب کو جو حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کے علمی اور روحانی جانشین ہیں۔ علمی خدمات کے ساتھ ساتھ تصوف کے باب میں بھی عظیم خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

ان کی کتاب فیوضات درخواستی مع مجربات درخواستی میں اپنے منتخب موضوع کی حقانیت کو ثابت کیا ہے۔ بندہ مؤلف موصوف کو اس بہترین کاوش پر تہ دل سے مبارک باد دیتا ہے۔

للّٰہیت اور اخلاص سے جو کام ہوتا ہے اس کا دنیوی اور اخروی فائدہ یقیناً ہوتا ہے اللہ تعالیٰ تصنیف ہذا کو قبول فرما کر ان کے لئے ذخیرہ آخرت اور امۃ مسلمہ کے لئے مفید بنائے (آمین)

فقط بندہ خواجہ محمد عبدالماجد صدیقی
خانیوال

رائے گرامی

پیر طریقت صاحبزادہ حضرت مولانا عبد الرحیم صاحب نقشبندی مجددی

سجادہ نشین خانقاہ حبیبیہ نقشبندیہ چکوال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ اَمَّا بَعْدُ

حضرات گرامی! حضرت شیخ الحدیث مولانا شفیق الرحمٰن صاحب درخواستی دامت برکاتہم کی کتاب فیوضات درخواستی مع مجربات درخواستی تصوف کے موضوع پر ایک علمی خزانہ ہے۔ موضوع کے اعتبار سے یہ کتاب بہترین معلوم ہوتی ہے۔ اس کے مختلف ابواب تصوف کی لائن اختیار کرنے والوں کے لئے ان شاء اللہ مشعل راہ ثابت ہونگے۔ ہم سب کے اسلام اور ایمان کا اعلیٰ معیار اس وقت تک قائم نہیں ہوسکتا جب تک کہ ہم اپنے آپ کو سچا مسلمان بنانے کی کوشش نہیں کرپاتے۔ درجہ احسان اختیار کرنے سے ہی معیت خداوندی نصیب ہوتی ہے اور اسی چیز کا اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے۔ درجہ احسان کی بدولت ہی اعمال میں وزن پیدا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں کامل مسلمان بننے کی توفیق نصیب فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ کتاب کو اور حضرت مؤلف مدظلہ العالی کو قبولیت عامہ نصیب فرمائیں اور ہم سب کو اس کتاب سے اور بزرگان دین کے فیوضات و برکات سے کامل استفادہ کی توفیق نصیب فرمائے۔

بندہ اس علمی کاوش پر حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم

اور ادارہ جامعہ عبد اللہ بن مسعودؓ کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ انہیں مزید اشاعت دین کی ہمت اور توفیق نصیب فرمائیں (آمین)

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد۔ والسلام مع الاحترام

[illegible]

رائے گرامی

پیر طریقت رہبر شریعت حضرت مولانا محمد شمس الزمان شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کوٹ شاہ مظفر چک نمبر 18BC ڈاکخانہ خانقاہ شریف ضلع بہاول پور

بہ محترم المقام مولانا شفیق الرحمٰن صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جناب کا مکتوب گرامی موصول ہوا۔ جس میں بندہ کو کتاب کے متعلق اظہارِ رائے کا حکم فرمایا گیا۔ سو اس ضمن میں پہلی عرض تو یہ ہے کہ کیا میں اور کیا میری رائے۔ لیکن امتثالِ امر کے طور پر مختصراً اتنا عرض ہے کہ اسکی صحت میں کسے کلام کہ جس کتاب کے مدوّن و مؤلِف وہ فاضل نوجوان ہوں جو قبلہ استاذیم کی زندگی میں ہی ان کے علمی جانشین کے طور پر زبان زد خلق تھے۔ اور جسکو انہوں نے اپنے زیر نگرانی درس و تدریس کی تربیت دی ہو۔ اور جس نے حضرت استاذیم کو نہایت قریب سے دیکھا اور سمجھا ہو۔ اور پھر اس میں افادات وارشادات و تعویذات حضرت سیدی وسندی درخواستی رح جیسی ہستی کے ہوں۔ یہ تو اس سرائیکی ضرب المثل کے مصداق ہے کہ گھی اور پھر خالہ آمنہ والا بلکہ مجھ جیسے ہیچمدان کا اس کے مؤیدین کی فہرست میں نام تو اس طرح ہے جیسا کہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اپنی شاعری کے متعلق کہا تھا لٰکن مدحت مقالتی بمحمدٍ الثا میرے لیے عزت افزائی ہے۔ دعا کرتا ہوں کہ یہ مجموعہ بارگاہ ایزد و متعال میں شرفِ قبولیت پا کر عوام کیلئے باعث منفعت بنے۔ آمین

تمام پرسانِ حال کو تسلیمات

فقط والسلام

محمد شمس الزمان شاہ

رائے گرامی

مولانا محمد ابوبکر صدیق نقشبندی
سجادہ نشین درگاہ عالیہ یوسفیہ فضلیہ چنی گوٹھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْم اَمَّا بَعْدُ

بحمد اللہ ہر دور میں اللہ تعالیٰ کے بندوں نے دین متین کی ہر قسم کی خدمت کی ہے۔ اسی طرح شیخ الحدیث پیر طریقت حضرت مولانا شفیق الرحمٰن صاحب درخواستی۔ شیخ الاسلام حافظ الحدیث حضرت درخواستی رحمۃ اللہ علیہ کے علمی جانشین ہیں۔ آپ اس دور میں جس طرح عاشقان قرآن وحدیث کی پیاس بجھا رہے ہیں اسی طرح طالبان تصوف پر بھی محنت فرما رہے ہیں۔

آپ کی تصنیف جو کہ آپ نے علم تصوف میں لکھی ہے۔ میں نے دیکھی تو دل کو بڑی تسلی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ جمیع مسلمانوں کو حضرت کی کتاب سے اور آپ کی ذات سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرماویں (آمین ثم آمین)

چونکہ ہم کو بھی اللہ رب العزت کا یہی حکم ہے یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ

اللہ پاک سچے لوگوں اور حق والوں سے مل کر رہنے کی توفیق عطا فرماویں کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرماویں اور خلوص ومحبت عطا فرماویں (آمین ثم آمین)

فقیر لاشئ محمد ابوبکر صدیق نقشبندی

رائے گرامی

حضرت مولانا صاحبزادہ پیر محمد شاہ صاحب

سجادہ نشین خانقاہ نقشبندیہ فضلیہ مسکین پور شریف۔ تحصیل جتوئی ضلع مظفر گڑھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْم اَمَّا بَعْدُ

شیخ الحدیث استاذ العلماء حضرت علامہ مولانا شفیق الرحمن صاحب درخواستی مدظلہ جو کہ عرصہ تقریباً پندرہ برس حضرت حافظ الحدیث والقرآن حضرت درخواستیؒ کے ساتھ علم حدیث وتفسیر پڑھاتے رہے ہیں جس کی وجہ سے ہی آپ کو حضرت درخواستی کا علمی جانشین کہا جاتا ہے۔

بحمد اللہ! علم تصوف میں آپ کی بیعت اولی حضرت شیخ مولانا عبدالہادی رحمۃ اللہ علیہ (دین پور شریف) سے تھی۔ اور دوسری بیعت حضرت شیخ التفسیر قطب وقت مولانا محمد عبداللہ بہلویؒ سے تھی۔

اب آپ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں حضرت مولانا عبدالحی صاحب مدظلہ العالی جانشین شیخ بہلویؒ سے مجاز بیعت ہیں۔ آپ نے جو علم تصوف پر جامع کتاب جس میں اسباق روحانیہ اور اوراد وعملیات ہیں لکھی ہے۔ اس دور میں عام مسلمانوں اور طالبان طریقت کیلئے انتہائی مفید ہے۔ اس کی راہنمائی سے انسان کو قرب الٰہی کے ساتھ صراط مستقیم پر چلنا نصیب ہوگا۔

میری دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ صاحب موصوف کو عمر نوح عطا فرماویں اور آپ کی جانب سے تشنگانِ طریقت کو مستفیض فرمائیں۔ (آمین)

حسین محمد شاہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بَابْ اَوَّلْ

تصوف کے متعلق امور ضروریہ میں ہے

تصوف کی تعریف : تعمیر الظاہر والباطن یعنی ظاہر و باطن کی اصلاح کرنا ۔
موضوع تصوف : تزکیہ و تصفیہ ہے ۔
غرض تصوف : سعادت ابدیہ کا حاصل کرنا ہے

ضرورتِ تصوف

انسان دو چیزوں سے مرکب ہے ۔ ایک جسم دوسرا روح ۔ جسم عالمِ سفلی سے ہے اس لئے اس کی غذا بھی اللہ تعالیٰ نے عالمِ سفلی سے بنائی جیسے گندم ، چاول ، دودھ ، مکھن ، سبزیاں وغیرہ اور روح عالمِ علوی سے ہے اس لئے اس کی غذا عالمِ علوی سے بنائی ، جیسے تلاوت قرآن کریم ، ذکر مراقبہ وغیرہ ـــــ ظاہری غذا سے جسم کو طاقت ملتی ہے ۔ اور اسی طرح باطنی غذا سے روح کو طاقت ملتی ہے لیکن جس طرح جسم بیمار ہوتا ہے اسی طرح روح بھی بیمار ہوتی ہے ـــــ تو جسمانی بیماریوں کا علاج جسمانی معالج یعنی حکماء ، واطباء و ڈاکٹروں سے ہوتا ہے ۔ وہ مرض ظاہری کی تشخیص کرتے ہیں پھر اس کے مطابق علاج تجویز کرتے ہیں ـــــ

اسی طرح روحانی بیماریوں کا علاج روحانی معالج یعنی علماء ، وصلحاء ، و اتقیاء سے ہوتا ہے وہ ہر روحانی بیماری کا علاج بتلاتے ہیں ۔ جسم کی بیماری سے جان کو نقصان ہوتا ہے ، مگر روحانی بیماریوں سے ایمان کو نقصان ہوتا ہے ـــــ اس لئے ہر مسلمان کو جان سے زیادہ ایمان کی سلامتی کی فکر کرنی چاہیئے اور اس کے لئے تصوف کا حاصل کرنا ضروری ہے ۔ تاکہ تندرست رہے اور انسان شریعت پر چلتا رہے شیخ طریقت حضرت مولانا فضل علی قریشی ؒ

فرماتے ہیں کہ طریقت ہمارے پاس لوگوں کو شریعت کی طرف لانے کا جال ہے، شکاری جال ڈالتا ہے کچھ مچھلیاں پھنس جاتی ہیں اور کچھ نکل جاتی ہیں۔ جو پھنس جاتی ہیں ان کا پیٹ چاک کیا جاتا ہے ان سے نجاست نکالی جاتی ہے، پھر اپنے کام میں لائی جاتی ہیں جبکہ طالب طریقت کے جال میں پھنس جاتا ہے تو اس کے سینہ سے غیر شرعی و نفسانی خواہشات و کدورات کو ذکر الٰہی کے ذریعہ نکالا جاتا ہے اور اس کو شریعت پر چلنے کے لئے آمادہ کیا جاتا ہے۔ کرامات دیکھنا دکھلانا اور ہوا میں اُڑنا اُڑانا یہ مقصد نہیں، مقصد انسانوں کو شریعت پر چلانا ہے ــــــ

حقیقت تصوّف

بعض لوگ کشف و کرامات و تصرفات کو تصوف کا نام دیتے ہیں، اور بعض نے افعال و احوال و مراقبات کو تصوف کہا اور بعض نے کہا کہ تصوّف سے مقصد دُنیادی کاموں میں فتح و کامیابی کا وعدہ اور آخرت میں بخشوانے کی ذمہ داری اور بعض نے کہا کہ اس سے مقصد یہ ہے کہ پیر کی توجہ سے مُرید کی خود بخود اصلاح ہو جائے کہ گناہ کا خیال بھی نہ آئے اور خود بخود عبادت کے کام ہوتے رہیں اور عبادت میں کوئی خطرات نہ آئیں ــــــ

اور بعض نے وحدت الوجود یا وحدت الشہود کے نظریات کو تصوّف کہا یہ سب امور غلط ہیں اور بعض نے تصوّف و سلوک و طریقت کو شریعت کی ضد کہا اور بعض جاھل صوفیوں نے شریعت کا درجہ کم کر دیا اور طریقت کا درجہ زیادہ کہا۔ یہ گمراہی کے راستے ہیں۔ تصوّف کی حقیقت شریعت کے احکام پر عمل کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنا ہے کیونکہ طریقت شریعت کے تابع ہے ــــــ

حضرت مولٰنا امام ربانی مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: الطریقۃ والمعرفۃ کلاھما وزیران للشریعۃ۔ طریقت و معرفت دونوں شریعت کے وزیر ہیں اور فرمایا الطریقۃ خلاف الشریعۃ زندقۃ۔ جو طریقت شریعت کے خلاف ہے وہ بے دینی ہے۔

شریعت کے احکام دو قسم کے ہیں ۱: وہ احکام جو ظاہر سے متعلق ہوں خواہ مامورات کے قبیلہ سے ہوں جیسے نماز، روزہ، حج بیت اللہ۔ زکوٰۃ، نکاح، طلاق،

وغیرہ یا منہیات کے قبیلہ سے ہوں جیسے کفر، شرک، زنا، چوری، سود وغیرہ۔ ان ظاہری احکام کو علم الفقہ کہتے ہیں۔

۲۔ وہ احکام جو باطن سے متعلق ہیں خواہ مامورات کے قبیلہ سے ہوں جیسے خوفِ خدا، عقائدِ حقہ، اخلاص، صبر و شکر وغیرہ یا منہیات کے قبیلہ سے ہوں جیسے حرص، تکبر، عجب، حسد و ریا وغیرہ ان باطنی احکام کو علمِ تصوف کہتے ہیں۔ تو تصوف کی حقیقت اصلاحِ نفس ہے کہ انسان عادات و کیفیاتِ حسنہ سے مزین ہو جائے اور عادات و خصائلِ رذیلہ سے پاک ہو جائے۔ اس کے لئے دو مجاہدہ ہیں۔

پہلا مجاہدہ اجمالی جس میں چار چیزیں ہیں ۱۔ قلتِ کلام ۲۔ قلتِ طعام ۳۔ قلتِ منام ۴۔ قلتِ اختلاط مع الانام۔ مگر ان امور میں درمیان روی بحسب تعلیم مرشد اختیار کرے۔ اتنی زیادہ نہ کرے کہ صحت و قوت پر زیادہ اثر ہو جائے۔

دوسرا مجاہدہ تفصیلی ہے جس میں اخلاقِ حمیدہ کو بڑھانا اور اخلاقِ رذیلہ کو ترک کرنا ہے۔ اب اخلاقِ حمیدہ پندرہ ہیں ۱۔ توبہ ۲۔ صبر ۳۔ شکر ۴۔ خوف ۵۔ رجاء ۶۔ زہد ۷۔ توحید ۸۔ توکل ۹۔ محبت ۱۰۔ شوق ۱۱۔ صدق ۱۲۔ مراقبہ ۱۳۔ محاسبہ ۱۴۔ تفکر ۱۵۔ اخلاص

کسی بزرگ نے اختصاراً نو چیزوں کو اس طرح ذکر کیا ہے۔

رُباعی

خواہی کہ شوی بمنزلِ قربِ مقیم ؛ نہ چیز بہ نفسِ خویش کن تعلیم
صبر و شکر و قناعت و علم و یقین ؛ تفویض و توکل و رضا و تسلیم

یعنی انسان ان چیزوں کو اپنانے سے منزلِ مقصود تک پہنچتا ہے۔ اور خصائلِ رذیلہ گیارہ ہیں ۱۔ شہوت ۲۔ آفاتِ لسان ۳۔ غضب ۴۔ حسد ۵۔ حقد یعنی کینہ ۶۔ حبِ جاہ ۷۔ بخل ۸۔ حبِ دنیا ۹۔ ریا ۱۰۔ عجب ۱۱۔ غرور

کسی بزرگ نے ان میں سے دس چیزوں کو اس طرح ذکر کیا ہے:۔

رُباعی

خواہی کہ شود دل چوں آئینہ : ڈہ چیز برون کن زدرون سینہ
حرص[۱] و امل[۲] و غضب[۳] و دروغ[۴] و غیبت[۵] : بخل[۶] و حسد[۷] و کبر[۸] و ریا[۹] و کینہ

یعنی ان چیزوں سے پرہیز کرنے سے تیرا دل مثل آئینہ کے ہو جائے گا۔

اور حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں کہ تصوف کی بنا، آٹھ چیزوں پر ہے ۱۔ سخاوت ۲۔ رضا ۳۔ صبر، ۴۔ اشارہ ۵۔ غربت ۶۔ سادہ لباس ۷۔ سیاحت، ۸۔ فقر۔

سخاوت حضرت ابراہیم علیہ السّلام کا ورثہ ہے۔ **رضا** حضرت اسماعیل علیہ السّلام کا ورثہ ہے۔ **صبر** حضرت ایوب علیہ السّلام کا ورثہ ہے۔ **اشارہ** حضرت زکریا علیہ السّلام کا ورثہ ہے۔ **غربت** حضرت یحییٰ علیہ السّلام کا ورثہ ہے۔ **سادہ لباس** پہننا حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا ورثہ ہے اور **سیاحت** حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا ورثہ ہے ــــ اور **فقر** حضرت **محمّد** مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلّم کا ورثہ ہے۔

جب تصوف سے باطن کو درست کرے گا تو ظاہر بھی درست ہو جائے گا۔ اس لئے اصل میں تصوّف ظاہر و باطن دونوں کی تعمیر و اصلاح کا نام ہوا، اس سے ظاہر و باطن دونوں امور کی اصلاح ہو گی۔ لہٰذا وہ جاہل صوفی گمراہ ہے جو شریعت کو سیاہ الفاظ کہتا ہے اور حقیقت طریقت کو کہتا ہے۔ طریقت وہی معتبر ہے جو شریعت کے موافق ہو، حضرت جُنید بغدادیؒ فرماتے ہیں :۔

اَلتَّصوفُ ذِکرٌ مَعَ اجتِمَاعٍ وَ وَجدٌ مَعَ سِمَاعٍ وَعَمَلٌ مَعَ اِتبَاعٍ۔

یعنی تصوف تین چیزوں کا نام ہے **اجتماع** میں ذکر اللہ کو نہ چھوڑے اور اللہ کا نام سُننے تو وجد میں آئے اور عمل میں اتباعِ سُنّت کا خیال رکھے، اب اس کے حاصل کرنے کے لئے مراقبات و مجاہدات و ریاضات کرنا اور اوراد و وظائف پڑھنا ــــ یہ ایسے ہے جیسے جہاد کرنا آلاتِ جدیدہ کے ساتھ، جو لوگ اس تصوّف کو ناجائز اور بدعت کہتے ہیں وہ مغالطہ میں پڑے ہوئے ہیں یہ تقویٰ حاصل کرنے کے لئے اللہ والوں نے طریقے مقرر کئے ہیں جو امراضِ رُوحانی کے لئے علاجِ رُوحانی ہیں۔ اصل اصلاحِ نفس کا ذکر قرآن و حدیث میں ہے

البتہ سلاسلِ طیبہ کے وظائف علاجِ نفس کے لیے اہل اللہ نے بتلائے ہیں جیسے قرآن وحدیث میں صرف جہاد کا ذکر ہے لیکن ٹینک، توپ، مشین گن وغیرہ کا ذکر نہیں۔ اسی طرح قرآن وحدیث میں مطلقاً جسم کے علاج کا ذکر ہے لیکن گلِ بنفشہ ونیلوفر وکشتہ جات وغیرہ کا ذکر نہیں

اسی طرح قرآن وحدیث میں نفسِ تعلیم کا ذکر ہے لیکن اسی طرح مدارسِ دینیہ کا بنانا اس کا ذکر نہیں۔ جب ان امور میں کوئی اشکال واعتراض نہیں تو روحانی علاج کے طریقوں میں کس طرح اعتراض ہوسکتا ہے۔ حقیقت میں یہ طریقے قرآن وحدیث سے بطورِ اشارۃ النص واقتضاء النص ثابت ہوتے ہیں۔

ضرورتِ مرشد وضرورتِ بیعت

اللہ تعالیٰ کی عادت وقانون اسی طرح جاری ہے کہ کسی فن میں کمال بغیر استاد کے حاصل نہیں ہوتا تو جس طرح انسان ظاہری امور میں کسی کی شاگردی حاصل کرکے ان امور کے حاصل کرنے کے طریقے سیکھتا ہے تو اسی طرح باطنی امور میں کمال حاصل کرنے کیلئے بھی شیخِ کامل کی بیعت کے بغیر چارہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے لئے سب سے زیادہ آسان راستہ یہی ہے جس کی مثال بزرگوں نے اس چیونٹی سے دی جس کے دل میں کعبہ جانے کی خواہش تھی مگر وہ اس خیال میں تھی کہ نہ میرے پر ہیں اور نہ سرمایہ ہے اور نہ اتنی چلنے کی طاقت ہے میں کیسے پہنچوں گی۔ ابھی اس خیال میں تھی کہ اچانک کبوتروں کا غول آگیا دانے چگنے لگا۔ جب فارغ ہوئے تو ایک کبوتر نے کہا کہ جلدی دانے چگ لو کیونکہ خانہ کعبہ بہت دور ہے جہاں ہم نے پہنچ کر اپنے بچوں کی خبر لینی ہے اور وقت بھی بہت تھوڑا ہے جلدی تیزی سے اڑیں گے تو پہنچیں گے تو چیونٹی نے اس موقعہ کو غنیمت جانا کہ اگر میں ان کے ساتھ ہوگئی تو میرا مطلب بھی حل ہو جائیگا تو وہ ایک کبوتر کے پاؤں سے چمٹ گئی اور کبوتر اس کو اپنے ساتھ لے کر اڑ گیا جب کبوتر کعبہ میں پہنچے تو ایک نے دوسرے کو آواز دی کہ کعبہ آگیا ہے زیارت کرلو، طواف کرلو تو چیونٹی نے سمجھ لیا کہ میرا مقصود پورا ہوگیا تو اس نے اس کے پنجہ کو چھوڑ دیا اور منزلِ مقصود کو پہنچ گئی تو اسی طرح

_____ اگر اللہ تعالیٰ کی ذات کا طالب کسی اللہ والے مُرشد کا دامن مضبوطی سے پکڑ لے تو جہاں وہ پہنچے گا اس کو بھی ساتھ لے جائے گا اور جہنّم کے ایندھن بننے سے بچ جائے گا

ے مور مسکین ہوسے داشت کہ در کعبہ رسد ؛ دست بر پائے زد ناگاہ رسد

(ترجمہ) مسکین چیونٹی کو دل میں خواہش ہوئی کہ کعبہ میں پہنچے، اس نے کبوتر کے پاؤں کو مضبوطی سے پکڑ لیا اور اچانک پہنچ گئی _____

کیونکہ انسان کے لئے شیطان کھلا دشمن ہے — اسے ہٹانے کی کوشش کرتا ہے

اِنَّ الشَّیْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ (پ۱۲ ع ۱۱) ترجمہ: بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے

اسی طرح نفسِ امّارہ بھی انسان کو غلط راستہ پر ڈالنے کی کوشش کرتا ہے۔

اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (پ۱۳ ع۱)

ترجمہ: تحقیق نفس حکم کرنے والا ہے ساتھ برائی کے مگر جس پر میرا رب رحم کرے، تحقیق رب میرا البتہ بخشنے والا مہربان ہے۔

تو اس کے مکروفریب سے بچنے کے لئے اور نفسِ امّارہ کو مطمئنہ بنانے کے لئے اور اخلاقِ حمیدہ حاصل کرنے کے لئے مراحل و منازل کو طے کرنا ہوگا اور اس کے لئے مُرشدِ کامل جیسے کنٹرولر کی ضرورت ہے جو امراضِ رُوحانی کا علاج بتلائے، اور اِتباعِ رسولؐ کی ترغیب دیتا رہے جس سے اللہ کی ذات مل جائے اور رسولؐ مل جائے۔

جیسے مولانا رُومؒ فرماتے ہیں: _____

ے چوں تو کردی ذات مُرشد را قبول ؛ ہم خدا آمد ز ذاتش ہم رسولؐ

(ترجمہ) جب تُو نے مُرشد کی ذات کو قبول کر لیا۔ تو اس سے اللہ تعالیٰ بھی مل گیا اور رسولؐ بھی

ے نفس نتواں کشت الّا ذاتِ پیر ؛ دامنِ آں نفس کش محکم بگیر

(ترجمہ) نفس کو پیر کی ذات کے سوا کوئی نہیں مار سکتا ؛ تو اس نفس کے مارنے والے پیر کا دامن مضبوط پکڑ۔

اھلُ اللہ کی صُحبت میں اثر ہوتا ہے _____

ے یک زمانہ صُحبتے با اولیاء ؛ بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا

(ترجمہ) اللہ کے دوستوں کی صُحبت میں تھوڑا وقت بیٹھنا۔ سَو سال کی بے ریا عبادت سے بہتر ہے۔

۵ سگِ اصحاب کہف روزے چند ؛ پئے نیکاں گرفت و آدم شد

(ترجمہ) اصحاب کہف کے کتے نے چند دن نیکوں کی پیروی کی اور آدمی ہو گیا۔

حضرت گنگوہیؒ "امداد السلوک صہ پر لکھتے ہیں:۔

" در عالم کسے بجز شیخ راہ بمطلب تواند رساند شیطان در و تصرف کند واز جائے لغزاید

(ترجمہ) اور جہاں میں جو بغیر شیخ جس مطلب تک پہنچے گا تو شیطان اس میں تصرف کرے گا اور جگہ سے پھسلا دے گا، اس لئے تلاش مرشد کامل ضروری ہے۔"

بیعت طریقت کا ثبوت

مردوں کی بیعت کا ذکر سورۃ فتح میں ہے:۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ فَمَنْ نَّکَثَ فَاِنَّمَا یَنْکُثُ عَلٰی نَفْسِہٖ وَمَنْ اَوْفٰی بِمَا عٰھَدَ عَلَیْہُ اللّٰہَ فَسَیُؤْتِیْہِ اَجْرًا عَظِیْمًا (پ ۲۶ ع ۹)

(ترجمہ) جو لوگ آپ سے بیعت کر رہے ہیں بے شک اللہ سے بیعت کر رہے ہیں، اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے، جس نے عہد توڑا اس کے عہد توڑنے کا وبال اسی پر ہوگا اور جو اس بات کو پورا کرے گا جس پر خدا سے عہد کیا تو عنقریب خدا اسے بڑا اجر دے گا۔

عورتوں کی بیعت کا ذکر سورۃ ممتحنہ میں ہے۔

یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَکَ الْمُؤْمِنٰتُ یُبَایِعْنَکَ عَلٰٓی اَنْ لَّا یُشْرِکْنَ بِاللّٰہِ شَیْئًا وَّلَا یَسْرِقْنَ وَلَا یَزْنِیْنَ وَلَا یَقْتُلْنَ اَوْلَادَھُنَّ وَلَا یَاْتِیْنَ بِبُھْتَانٍ یَّفْتَرِیْنَہٗ بَیْنَ اَیْدِیْھِنَّ وَاَرْجُلِھِنَّ وَلَا یَعْصِیْنَکَ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَبَایِعْھُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَھُنَّ اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

(پ ۲۸ ع ۸) ترجمہ: اے نبی جب مسلمان عورتیں آپ کے پاس آئیں کہ آپ سے ان باتوں پر بیعت کریں کہ اللہ کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ کریں گی، اور نہ چوری کریں گی۔ اور نہ زنا کریں گی اور نہ اپنے بچوں کو قتل کریں گی اور نہ لاویں گی بہتان

کہ باندھ لیویں اس کو درمیان ہاتھ اپنے کے اور پاؤں اپنے کے اور پاؤں اپنے کے اور نہ نافرمانی کریں تیری بیچ کسی حکم شرعی کے۔ پس آپ ان کو بیعت کر لیا کریں اور ان کے لئے اللہ سے مغفرت طلب کریں، تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

ان آیات سے نفسِ بیعت بھی ثابت ہوئی اور طریق بیعت بھی ثابت ہوا کہ مردوں کی بیعت ہاتھ دینے سے ہے جیسا کہ یَدْ کا لفظ دلالت کرتا ہے۔ اور عورتوں کی بیعت زبانی ہوگی ہاتھ میں ہاتھ دینا نہیں ہے جس طرح بیعت آیاتِ قرآنیہ سے ثابت ہے اسی طرح احادیث نبویہ سے بھی بیعت ثابت ہے۔

حدیث ۱: عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْبَجَلِيِّ قَالَ بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى إِقَامَةِ الصَّلٰوةِ وَإِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ۔ (بخاری ص ۱۳ ج ۱)

(ترجمہ) حضرت جریرؓ بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے پر۔

حضرت جریرؓ اسلام لا چکے تھے اس لئے یہ بیعت اسلام نہیں تھی بلکہ یہ وہی بیعت طریقت تھی جس میں احکام ظاہری و باطنی کے التزام کا معاہدہ کیا جاتا ہے جو صوفیاء کرام میں معمول ہے

حدیث ۲: عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَةً أَوْ ثَمَانِيَةً أَوْ تِسْعَةً فَقَالَ أَلَا تُبَايِعُوْنَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَسَطْنَا أَيْدِيَنَا فَقَالَ قَائِلٌ يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنَّا قَدْ بَايَعْنَاكَ فَعَلٰى مَا نُبَايِعُكَ قَالَ أَنْ تَعْبُدُوا اللهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَتُصَلُّوا الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ وَتَسْمَعُوْا وَتُطِيْعُوْا وَأَسَرَّ كَلِمَةً خَفِيَّةً قَالَ وَلَا تَسْأَلُوا النَّاسَ شَيْئًا فَلَقَدْ رَأَيْتُ بَعْضَ أُولٰئِكَ النَّفَرِ يَسْقُطُ سَوْطُهٗ فَلَا يَسْأَلُ أَحَدًا يُنَاوِلُهٗ (ابن ماجہ ص ۲۰۶)

(ترجمہ) حضرت عوف بن مالک اشجعیؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے (نو آدمی یا آٹھ یا سات) آپ نے فرمایا کہ تم رسولِ خدا سے بیعت نہیں کرتے. ہم نے اپنے ہاتھ پھیلائے اور عرض کیا کس چیز پر آپ کی بیعت کریں یارسول اللہ! تو آپ نے فرمایا کہ ان امور پر کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک کرو اور پانچوں نمازیں پڑھو اور احکام سنو اور مانو اور ایک بات آہستہ فرمائی وہ یہ کہ لوگوں سے کوئی چیز مت مانگو، راوی کہتے ہیں کہ میں نے ان میں سے بعض حضرات کی یہ حالت دیکھی کہ اتفاقاً چابک گر پڑا تو وہ بھی کسی سے نہ مانگا کہ اٹھا کر دیدے بلکہ خود اس کو اٹھایا —

فائدہ: اس کے مخاطب صحابہؓ ہیں جو پہلے اسلام لا چکے تھے لہٰذا یہ بھی بیعتِ اسلام نہ تھی اور نہ یہ بیعتِ جہاد تھی بلکہ بیعتِ طریقت تھی کیونکہ اس میں اعمال کے اہتمام کے التزام کا وعدہ لیا گیا ہے —

حدیث ۳

عَنْ مُجَاشِعِ بْنِ مَسْعُوْدٍ السُّلَمِیِّ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُبَایِعُہٗ عَلَی الْھِجْرَۃِ فَقَالَ اِنَّ الْھِجْرَۃَ قَدْ مَضَتْ لِاَھْلِھَا وَلٰکِنْ عَلَی الْاِسْلَامِ وَالْجِھَادِ وَالْخَیْرِ — (مسلم ص ۱۳۰ ج ۲)

مجاشع بن مسعود سلمی فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا کہ ہجرت کروں تو حضور نے فرمایا ہجرت تو اہلِ ہجرت کے لئے ہو چکی یعنی اب ہجرت فرض نہیں رہی البتہ اسلام و جہاد و بھلائی پر بیعت ہو سکتی ہے —

خیر کا لفظ جامع ہے جسمیں تمام حسنات پر بیعت لینے کا ذکر ہے۔

حدیث ۴

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ کُنَّا اِذَا بَایَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی السَّمْعِ وَالطَّاعَۃِ یَقُوْلُ لَنَا فِیْمَا اسْتَطَعْتُمْ (مسلم ص ۱۳۱ ج ۲)

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے احکام سننے اور اطاعت کرنے پر بیعت کرتے تھے تو آپ فرماتے جس پر تمہیں استطاعت ہو سکے —

حدیث ۵

عَنْ اَنَسٍ قَالَ خَرَجَ النَّبِیُّ صلعم فِیْ غَدَاةٍ بَارِدَةٍ وَالْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ یَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ الْخَیْرَ خَیْرُ الْاٰخِرَةِ فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ فَاَجَابُوْا نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَی الْجِهَادِ مَا بَقِیْنَا اَبَدًا ۔۔۔ (بخاری جلد ۲ صفحہ ۱۰۶۹ کتاب الاحکام)

حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ٹھنڈی صبح کو نکلے اور مہاجرین و انصار خندق کھود رہے تھے تو آپؐ نے فرمایا کہ اے اللہ بہتر خیر تو آخرت والی ہے تو لہذا مہاجرین و انصار کو معاف فرما دیں تو انہوں نے جواب میں کہا کہ ہم تو وہ لوگ ہیں جنہوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت جہاد پر کی ہے کہ جب تک رہیں گے جہاد کرتے رہیں گے ۔۔۔

حدیث ۶

عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ عُبَیْدٍ قَالَ قُلْتُ لِسَلَمَةَ عَلٰی اَیِّ شَیْءٍ بَایَعْتُمُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یَوْمَ الْحُدَیْبِیَةِ قَالَ عَلَی الْمَوْتِ ۔۔۔ (فتح الباری صفحہ ۱۹۷ جلد ۳)

یزیدؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت سلمہؓ سے سوال کیا کہ تم نے حضورؐ کے ساتھ حدیبیہ کے دن کس چیز پر بیعت کی، تو فرمایا، موت پر ۔۔۔

تو ان احادیث مشہورہ سے ثابت ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی ہجرت پر، کبھی جہاد پر، کبھی اسلام کے ارکان پر قائم رہنے پر، کبھی مسلمانوں کی خیر خواہی کرنے پر بیعت لیتے تھے تو احکام شرعیہ کی پابندی کرنا، برے کاموں سے بچنا، اس پر بیعت لینا ثابت ہوا۔ اور یہی اہل تصوف کی بیعت ہے، لہذا بعض کم فہم لوگوں کا یہ کہنا کہ بیعت تو صرف اسلام کی ہے اور خلافت و سلطنت کی ہے اور اہل تصوف کی بیعت شریعت کے خلاف ہے۔ یہ خیال انتہائی غلط ہے۔ بیعت طریقت قرآن و حدیث سے ثابت ہے ۔۔۔

حدیث ۷

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ صَامِتٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَحَوْلَهٗ عِصَابَةٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ بَایِعُوْنِیْ

حضرت عبادہؓ سے روایت ہے کہ :- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارد گرد صحابہؓ کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی اور حضورؐ نے فرمایا کہ میرے ساتھ بیعت کرو کہ اللہ

تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ وَلَا تَاْتُوْا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَاَرْجُلِكُمْ وَلَا تَعْصُوْا فِيْ مَعْرُوْفٍ فَمَنْ وَفٰى مِنْكُمْ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوْقِبَ بِهٖ فِي الدُّنْيَا فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَهُوَ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَآءَ عَفَا عَنْهُ وَاِنْ شَآءَ عَاقَبَهٗ فَبَايَعْنَاهُ عَلٰى ذٰلِكَ۔

(متفق علیہ) مشکوٰۃ ص ۱۳

نہ کرو گے اور نہ زنا کرو گے اور اپنی اولاد کو قتل نہ کرو گے اور کسی پر خودساختہ بہتان نہ باندھو گے اور نیک کاموں میں نافرمانی نہ کرو گے، پس تم میں سے جس نے یہ عہد پورا کیا اس کا اجر خدا کے ذمہ ہے اور جس نے اس کے کچھ خلاف کیا اور دنیا میں اس کو اس کی سزا مل گئی تو یہ سزا اس کا کفارہ ہے اور جس نے ان میں سے کچھ باتوں کے خلاف عمل کیا اور خدا نے اس کی پردہ پوشی کی تو اس کا معاملہ خدا کے ہاتھ میں ہے، چاہے تو وہ معاف کردے چاہے تو سزا دے۔

عبادہ بن صامت رضؓ کہتے ہیں۔ کہ ہم سب لوگوں نے اس پر بیعت کی۔

حکمِ بیعت

جبکہ احادیث سے یہ بات ثابت ہو چکی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے احکام شرعیہ کے اہتمام و التزام کرنے پر بیعت لی ہے، تو اس سے واضح ہو گیا کہ بیعت سنت ہے اور سنت پر عمل قربِ الٰہی کا ذریعہ ہے، لہٰذا مرشدِ کامل سے بیعت ہو کر قربِ خداوندی کے طریقے حاصل کرنے چاہئیں

طریق بیعت

اگر ایک شخص ہے تو مرشد کے سامنے دوزانو ہو کر بیٹھے اور اپنے دونوں ہاتھ مصافحہ کے طریق پر شیخ کے ہاتھ میں دے اور اگر زیادہ

مردوں کی جماعت ہے تو مرشد اپنی چادر یا پگڑی یا رومال پھیلا دے اور ان سے کہے کہ اسکو پکڑلو ——— اور اگر عورتوں کی جماعت ہے تو عورت کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں نہ لے یہ حرام ہے بلکہ ان کو پردے میں بٹھا دے اور زبانی ان کو تلقین کرے ———

اب مرشد و پیر پہلے خطبہ مسنونہ پڑھے :———

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ

اس کے بعد یہ دو آیتیں پڑھیں ———

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْۤا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ———

اس کے بعد مرید کو کہے کہ میں جو کچھ کہوں آپ میرے ساتھ ساتھ پڑھتے جائیں۔ اب پہلے ایمان مجمل پڑھے :———

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ۔

اس کے بعد ایمان مفصل پڑھے :———

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ——— وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ———

اس کے بعد پڑھے ———

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ——— پھر پڑھے : اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ

پھر یہ کلمات کہلوائے :-

عبارتیں ہیں خلاصہ یہ ہے کہ وہ سب بارہ گروہ ہیں ۔

اقطاب[۱] ، غوث[۲] ، امامین[۳] ، اوتاد[۴] ، ابدال[۵] ، اخیار[۶] ، ابرار ، نقباء[۸] ، نجباء[۹] ، عمد[۱۰] ، مکتومان[۱۱] ، مفردان[۱۲] ، ـــــــ

قطب عالم ایک ہوتا ہے۔ اس کو قطب العالم و قطب اکبر و قطب الارشاد و قطب الاقطاب و قطبِ مدار بھی کہتے ہیں اور عالم غیب میں اس کا نام عبداللہ ہوتا ہے اس کے دو وزیر ہوتے ہیں جو لفظاً امامین کہلاتے ہیں، وزیر یمین کا نام عبدالملک ہوتا ہے اور وزیر لیسار کا نام عبدالرب ہوتا ہے اور بارہ قطب اور ہوتے ہیں۔ سات اقلیم میں رہتے ہیں ان کو قطبِ اقلیم کہتے ہیں اور پانچ یمن میں ان کو قطب ولایت کہتے ہیں۔ یہ عدد تو اقطابِ معینہ کا ہوتا ہے اور غیر معین ہر بستی، ہر شہر میں ایک ایک قطب رہتا ہے ـــــ

غوث ایک ہوتا ہے اور بعض نے کہا کہ قطب الاقطاب ہی کو غوث کہتے ہیں اور بعض نے کہا کہ وہ اور ہوتا ہے اور وہ مکہ شریف میں رہتا ہے اور بعض نے اس میں بھی اختلاف کیا ہے ـــــ

اوتاد چار ہوتے ہیں عالم کے چاروں رکن میں رہتے ہیں ـــــ

ابدال چالیس ہوتے ہیں۔ بائیس[۲۲] یا بارہ[۱۲] شام میں اور اٹھائیس[۲۸] یا اٹھارہ[۱۸] عراق میں رہتے ہیں ۔

اخیار پانچسو ہوتے ہیں یا سات سو، اور ان کو ایک جگہ قرار نہیں ہوتا، سیاح ہوتے ہیں، ان کا نام حسین ہوتا ہے اور ابرار کرنے ان کو ابدال کہا ہے ۔

نقباء تین سو ہوتے ہیں ملک مغرب میں رہتے ہیں سب کا نام حسن ہے اور محمد چار ہوتے ہیں اور زمین کے چار گوشوں میں رہتے ہیں سب کا نام محمد ہوتا ہے اور غوث ترقی کرکے فرد ہوجاتا ہے اور فرد ترقی کرکے قطبِ وحدت ہوجاتا ہے اور مکتوم تو مکتوم ہی ہیں ۔

اصلاحِ اغلاط

بعض کہتے ہیں کہ فقیری میں اتباعِ شریعت کی ضرورت نہیں حالانکہ یہ غلط ہے ۔

فتوحات میں ہے : ـــــ

۱۳ اگر خواب میں کچھ دیکھے تو اس کو مرشد سے بیان کرے اور اگر اس کی تعبیر ذہن میں ہو تو وہ بھی بتلا دے ــــ

۱۴ اپنے شیخ کی اجازت کے بغیر دوسرے شیخ کی طرف بغرض بیعت رجوع نہ کرے،

۱۵ اگر شیخ دنیا سے رخصت ہوجائے تو اس کے لئے استغفار و ایصالِ ثواب کرے تاکہ روحانی تعلق باقی رہے ــــ

حقیقتِ ولایت

ولایت وصول الی اللہ کا نام ہے۔ سالک کے دل میں اکثر ریاضت و مجاہدہ کے بعد اور کبھی بغیر ریاضت کے محض اللہ کے فضل و کرم سے دل میں ایک خاص تعلق جذبی مقصودِ حقیقی کے ساتھ پیدا ہوتا جاتا ہے، اس کو نسبت و سکینہ و نور سے تعبیر کرتے ہیں اور اسی نسبت کے پیدا ہوجانے کے نام کو وصول الی اللہ کہتے ہیں۔

مدارِ ولایت

اس کی مدار دو چیزیں ہیں ۱ ایمان ۲ تقویٰ اس کی دلیل آیتِ قرآنیہ ہے اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ (پ ۱۱ ع ۱۲) یونس

اقسامِ ولایت

جس درجہ کا ایمان و تقویٰ ہوگا اسی درجہ کی ولایت ہوگی۔

۱ اگر ادنیٰ درجہ کا ایمان و تقویٰ ہوگا جس میں عقائدِ ضروریہ کی اصلاح و ضروری اعمال کی پابندی ہے تو یہ ولایت کا ادنیٰ درجہ ہوگا جس کو ولایتِ عامہ کہتے ہیں اور یہی اس آیت سے مراد ہے۔ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (پ ۳ ع ۲)

۲ اور اگر اعلیٰ درجہ کا ایمان و تقویٰ ہے جس کا ذکر يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ (پ) میں ہے تو اس کو ولایتِ خاصہ کہتے ہیں اصطلاحِ تصوف میں اسی کو ولی کہتے ہیں۔

اقسام اولیائے کرام

تعلیم الدین ناقلاً عن انوار العارفین میں مذکور ہے کہ اس باب میں بزرگوں کی مختلف

(۱) یا اللہ تو ایک ہے تیرا کوئی شریک نہیں (۲) حضور صلی اللہ علیہ وسلم تیرے سچے اور آخری پیغمبر ہیں (۳) قرآن مجید تیری سچی اور آخری کتاب ہے (۴) ہماری تمام گناہوں سے توبہ ہے۔ (۵) ہم عہد کرتے ہیں کہ احکام شرعیہ کی پابندی کریں گے (۶) اور غیر شرعی احکام سے بچیں گے۔

اس کے بعد ان کو تلقین کرے عقائد حقہ اپنانا اور اچھے اعمال کرنا، اخلاق حمیدہ حاصل کرنا، تقویٰ کو حاصل کرو، غلط عقائد سے پرہیز کرو، بری عادات سے بچو، جیسے شرک، بے نمازی، چوری، زنا، غیبت، بہتان، حسد وغیرہ اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرے اس کے بعد اس کو کہے کہ میں نے تجھ کو سلسلہ نقشبندیہ یا قادریہ وغیرہ میں بیعت کیا ہے۔ پھر اس سلسلہ کے مطابق اس کو اسباق و اذکار بتلائے۔

غائبانہ بیعت کا ثبوت

عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ بِبَيْعَةِ الرِّضْوَانِ كَانَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَسُوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَهْلِ مَكَّةَ قَالَ فَبَايَعَ النَّاسُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عُثْمَانَ فِىْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِهٖ فَضَرَبَ بِاِحْدٰى يَدَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى فَكَانَتْ يَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ لِعُثْمَانَ خَيْرًا مِنْ اَيْدِيْهِمْ لِاَنْفُسِهِمْ ——

(رواہ الترمذی ص ۲۱۱ ج ۲)

حضرت انسؓ سے روایت کی ہے کہ جب حضورؐ نے بیعت رضوان کا حکم دیا اس وقت حضرت عثمانؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قاصد کے حیثیت سے مکہ گئے ہوئے تھے تو حضورؐ نے فرمایا، عثمان خدا اور اس کے رسول کے کام پر گئے ہوئے ہیں، پھر اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر دے مارا یعنی عثمان کی طرف سے بیعت کی، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ عثمان کے لئے بہتر تھا، ان ہاتھوں سے جنہوں نے اپنے ہاتھوں سے بیعت کی

فائدہ حضورؐ نے حضرت عثمانؓ کو مکہ مکرمہ بھیجا اور ادھر بیعت کی کہ اپنا ایک ہاتھ حضرت عثمانؓ کا قرار دیا اور اس کو دوسرے ہاتھ پر رکھا اور کہا یہ ان کی طرف سے بیعت ہے۔

حَقِیْقَۃٌ عَلٰی خِلَافِ الشَّرِیْعَۃِ زَنْدِقَۃٌ بَاطِلَۃٌ۔	جو حقیقت شریعت کے خلاف ہے وہ بد دینی اور مردود ہے ۔

اسی طرح حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مکتوبات میں فرمایا ہے:
اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ نے دلیل العارفین اور قوت قلوب میں ابو طالب مکیؒ نے اور رسالہ قشیریہ میں ذوالنون مصریؒ اور سری سقطیؒ رحمۃ اللہ علیہما نے نقل فرمایا ہے۔

توجہ کی تعریف

دل کو کسی کی طرف اس طرح مجتمع کرنا اور یکسو کرنا کہ دوسری چیز کا اس میں خیال نہ ہو اس کو توجہ کہتے ہیں اور ہمت بھی کہتے ہیں

طریق توجہ

کمال محبت و رغبت اور نیاز و دعاء سے اپنے نفس ناطقہ کو طالب کے نفس ناطقہ سے ملا کر جس حالت کا القاء کرنا ہو اس حالت میں یکسو ہو کر کچھ دیر متوجہ رہنا امید کہ وہ حالت طالب کو بفضلہ تعالیٰ نصیب ہو گی۔

شرائطِ توجہ

۱ صاحب توجہ سلسلہ طریقت میں مجاز ہو ۲ متقی ہو ۳ صاحب استقامت ہو ۴ نفی وساوس و خطرات پر قادر ہو ۵ مخلصاً للہ فائدہ پہنچانے کے لئے قصد رکھتا ہو ۶ بے طمع توجہ کرے ۷ اپنی شہرت یا خدمت گزاری کے لئے نہ کرے ۸ شیخ فانی و کمزور نہ ہو ۹ ایسی بیماری میں بھی نہ ہو جو اس کے رگ و ریشے میں سرایت کر گئی ہو ۱۰ طالب بھی ایسا بیمار نہ ہو ۱۱ شیخ کی طالب سے محبت ہو اس سے متنفر نہ ہو ۱۲ حالت غصہ و پریشانی میں توجہ نہ کرے۔

اقسامِ توجہ

۱ توجہ عام، یہ عام مراقبے کے وقت ضروری ہے کہ شیخ مریدین کے قلب پر توجہ ڈالے ورنہ فائدہ ظاہر نہ ہوگا۔

۲ توجہ خاص، اس کے لئے پیر و مرید کا خلوت میں ہونا ضروری ہے، شیخ حسب تعلیم مشائخ سب سے پہلے اللہ کی طرف سے اپنے دل پر رحمت خداوندی کے نزول کا تصور کرے پھر زور سے مرید کے قلب پر توجہ ڈالے اس سے خصوصی اثرات ظاہر ہوں گے۔

۳ توجہ خاص الخاص، افعال جوارح پر حسب قاعدہ علیحدہ علیحدہ توجہ ڈالنا اس کے لئے

مرشد کا مرید کے دل پر توجہ سے ہاتھ پھیرنے اور انگلی رکھنے کا ثبوت تاکہ دل میں ذکر کا شوق پیدا ہو اور وسواس دور ہو جائیں

حدیث

عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ کُنْتُ فِی الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ یُصَلِّیْ فَقَرَأَ قِرَاءَۃً اَنْکَرْتُھَا عَلَیْہِ ثُمَّ دَخَلَ اٰخَرُ فَقَرَأَ سِوٰی قِرَاءَۃِ صَاحِبِہٖ فَلَمَّا قَضَیْنَا الصَّلٰوۃَ دَخَلْنَا جَمِیْعًا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنَّ ھٰذَا قَرَأَ قِرَاءَۃً اَنْکَرْتُھَا عَلَیْہِ وَدَخَلَ اٰخَرُ فَقَرَأَ سِوٰی قِرَاءَۃِ صَاحِبِہٖ فَاَمَرَھُمَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَ فَحَسَّنَ شَأْنَھُمَا فَسَقَطَ فِیْ نَفْسِیْ مِنَ التَّکْذِیْبِ وَلَا اِذْ کُنْتُ فِی الْجَاھِلِیَّۃِ فَلَمَّا رَاٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ غَشِیَنِیْ ضَرَبَ فِیْ صَدْرِیْ فَفِضْتُ عَرَقًا وَ کَاَنَّمَا اَنْظُرُ اِلَی اللّٰہِ فَرَقًا۔

(مشکوٰۃ ص ۱۹۲)

حضرت ابی بن کعبؓ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں بیٹھا ہوا تھا ایک صحابیؓ نے نماز میں قرات پڑھی، اور دوسرے نے بھی قرات پڑھی، مگر دونوں کی قراتیں مختلف تھیں، جب ہم نے نماز پوری کی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے میں نے عرض کیا یارسول اللہ! اس کی قرات اس کے مخالف تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں سے سن کر دونوں کی تحسین کی تو میرے دل میں وسوسہ پیدا ہوا کہ یہ دونوں کیسے ٹھیک ہیں حالانکہ جاہلیت میں ایسے نہیں ہوا تھا جب حضورؐ نے دیکھا تو آپؐ نے میرے سینے پر ہاتھ رکھا تو میں پسینہ سے شرابور ہو گیا گویا کہ میں خدا کو دیکھ رہا ہوں —

اجتماعی ذکر کا ثبوت

حدیث

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

عَلَیہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَقْعُدُ قَوْمٌ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ اِلَّا حَفَّتْھُمُ الْمَلَائِکَۃُ وَغَشِیَتْھُمُ الرَّحْمَۃُ وَنَزَلَتْ عَلَیْھِمُ السَّکِیْنَۃُ وَذَکَرَھُمُ اللّٰہُ فِیْمَنْ عِنْدَہٗ (رواہ مسلم ص ۳۴۵ ج ۲)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی قوم اللہ کے ذکر کیلئے جمع ہوتی ہے تو فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں اور اللہ کی رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور ان پر سکون اُترتا ہے اور اللہ ان کا ذکر اپنی مقرب جماعت میں کرتے ہیں

ذکر کے لئے حلقہ کا ثبوت

حدیث

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِیَاضِ الْجَنَّۃِ فَارْتَعُوْا قِیْلَ وَمَا رِیَاضُ الْجَنَّۃِ قَالَ حِلَقُ الذِّکْرِ (رواہ الترمذی مشکوۃ ص ۱۹۸)

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم جنت کے باغوں سے گزرو تو میوے کھالیا کرو، کہا گیا کہ بہشتی باغ کیا ہے۔ فرمایا ذکر کے حلقے۔

اللہ اللہ کے تکرار کا ثبوت

بعض لوگ کہتے ہیں کہ اللہ نامکمل جملہ ہے اس کا کوئی مفہوم نہیں اس لئے اللہ واحد یا اللہ معی کہا جائے۔ یہ ان کی کم علمی کی وجہ سے ان کو مغالطہ ہوا

مسلم شریف کی روایت ہے:

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی لَا یُقَالُ فِی الْاَرْضِ اَللّٰہُ اَللّٰہُ (مشکوۃ ص ۴۸۰)

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت قائم نہ ہوگی جب تک اللہ اللہ کہا جائے گا۔

مراقبہ کا ثبوت

کسی مضمون کا اکثر دل یا ایک محدود وقت میں تصور کرنا اس غرض سے کہ اس کے غلبہ سے

خلوت ضروری ہے مگر عورتوں اور لڑکوں سے خلوت نہ ہو۔

جذب کی حقیقت

پانچ لطائف کا تعلق عالمِ اَمر سے ہے اور عالمِ اَمر اُوپر ہے اور عالمِ خلق کا مقام نیچے ہے جب انسان لطائف پر ذکر اللہ جاری کرتا ہے تو وہ بوجہ عالمِ امر کے تعلق کے عالمِ بالا کی طرف پرواز کرتے ہیں، اِدھر عالمِ خلق کے لطائف بوجہ جسم کثیف کے کثافت کی وجہ سے پرواز سے مانع ہوتے ہیں جس کی وجہ سے سالک انسان ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپتا ہے یا اس انڈے کی طرح جس میں شبنم بھر دی گئی ہو اور اسے پورا بند کر دیا گیا ہو اور اس کو دھوپ میں رکھ دیا گیا ہو تو وہ اُچھلتا ہے، اسی طرح اللہ والے پر جذب کی کیفیت حُبِّ الٰہی و عشقِ الٰہی کی ہوتی ہے۔

اس کے مقتضیٰ پر عمل ہونے لگے اس کو مراقبہ کہتے ہیں جیسے اللہ کی صفات کا مراقبہ یا مراقبہٴ موت ہوتا ہے۔

دلیل ۱

وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ (پ ۲۸ ع ۶)

ترجمہ: ہر ایک کو چاہیئے کہ دیکھ بھال کرے کہ وہ کل قیامت کے لئے کیا بھیج رہا ہے

دلیل ۲

عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ بِبَعْضِ جَسَدِیْ فَقَالَ یَا عَبْدَ اللّٰہِ کُنْ فِی الدُّنْیَا کَاَنَّکَ غَرِیْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِیْلٍ وَعُدَّ نَفْسَکَ مِنْ اَھْلِ الْقُبُوْرِ (ابن ماجہ ص ۳۰۳)

حضرت ابن عمرؓ نے کہا کہ حضورؐ نے میرے جسم کے حصے سے پکڑ فرمایا کہ دنیا میں اس طرح رہ کہ گویا تو مسافر ہے یا راستے سے گزر رہا ہے اور اپنے آپ کو اہل قبور سے شمار کر۔

اور اصل مراقبہ یہی ہے کہ انسان دن رات میں ایک خاص وقت مقرر کر لے جس میں اپنے اعمال کا جائزہ لے، نیک کاموں پر اللہ کا شکر کرے اور برے کاموں پر استغفار کرے، اسی کو محاسبہ کہتے ہیں۔

مراقبہ میں سر پر کپڑا ڈالنے کا ثبوت

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ (صلی اللہ علیہ وسلم) اِذَا صَلّٰی اَحَدُکُمْ فَلْیَجْعَلْ تِلْقَاءَ وَجْھِہٖ شَیْئًا فَاِنْ لَّمْ یَجِدْ فَلْیَنْصِبْ عَصَاہُ فَاِنْ لَّمْ یَکُنْ مَعَہٗ عَصًا فَلْیَخْطُطْ خَطًّا ثُمَّ لَا یَضُرُّہٗ مَا مَرَّ اَمَامَہٗ (ابو داؤد، مشکوٰۃ)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی آدمی نماز پڑھے تو اپنے آگے کوئی چیز رکھ دے اور اگر کوئی چیز نہ پائے تو اپنا عصا کھڑا کر دے اور اگر عصا نہ ہو تو اپنے آگے لکیر کھینچے

اب اس سے مقصد یہ ہے کہ نمازی کے دل میں خیالات منتشرہ نہ آئیں اور یکسوئی حاصل ہو، جبتک یکسوئی نہ ہوگی نماز میں دل نہیں لگے گا اسی طرح ذکر سے مقصود توجہ الی اللہ ہے اور یہ اس وقت ہوگی جب کہ خیالات کی تشویش کم ہو اور یکسوئی حاصل ہو، تو یکسوئی کے حصول کیلئے سر پر کپڑا ڈالدے اور اگر اس کے بغیر کسی انسان کے دل میں خیالات کا انتشار نہیں ہوتا تو کپڑا

نہ ڈالے یہ ضروری نہیں البتہ یکسوئی حاصل کرنے کا ایک طریقہ ہے ——

سبق کو تازہ کرتے وقت پیر کا مُرید کے سینے پر زور سے ہاتھ پھیرنے کا ثبوت

حدیث

عَنْ جَرِیْرٍ قَالَ مَا حَجَبَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَاٰنِیْ اِلَّا تَبَسَّمَ فِیْ وَجْھِیْ وَلَقَدْ شَکَوْتُ اِلَیْہِ اَنِّیْ لَا اَثْبُتُ عَلَی الْخَیْلِ فَضَرَبَ بِیَدِہٖ فِیْ صَدْرِیْ وَقَالَ اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْہُ وَاجْعَلْہُ ھَادِیًا مَّھْدِیًّا۔
(مُسلم ص۲۹۷ ج ۲)

حضرت جریرؓ سے روایت ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ نے کبھی مجھے نہ روکا جب سے میں اسلام لایا اور جب بھی میری طرف دیکھتے مسکرا کر دیکھتے ایک دفعہ میں نے آپؐ کو شکایت کی کہ میں گھوڑے پر سواری نہیں کر سکتا تو آپؐ نے میرے سینہ پر ہاتھ مارا اور دعاء فرمائی کہ اے اللّٰہ اس کو ثابت رکھ اور ہدایت دکھلانے والا اور ہدایت یافتہ بنا۔

تجدیدِ بیعت کا ثبوت

بعض لوگوں کو دھوکہ لگتا ہے اس لئے کہتے ہیں کہ تجدید بیعت کی کیا ضرورت ہے، تو مُسلم میں حدیث ہے کہ حضورؐ نے حضرت سلمہ بن اکوعؓ کو تین مرتبہ بیعت کیا۔ معلوم ہوا کہ صوفیا و اہلِ سلوک کے اعمال سُنّت کے مطابق ہیں لیکن شرط یہ ہے کہ آنکھ انصاف کی نگاہ والی ہو اور نظر بصیرت والی ہو۔

تکرارِ بیعت کا حکم

اگر ایک پیر کی خدمت میں ایک مُدّت اچھے اعتقاد سے گزاری مگر اس سے فائدہ نہ ہوا تو دُوسرا پیر تلاش کرے کیونکہ پیر معبود نہیں بلکہ اس کی بیعت سے مقصود اصلاحِ نفس تھی، جب یہ فائدہ حاصل نہیں تو دوسرے کامل مرشد سے بیعت ہو، لیکن پہلے پیر کے بارے میں نیک گمان رکھیں کیونکہ ممکن ہے کہ یہ بزرگ کامل تھا مگر اس سے فیض اس کے حصے میں

لطائفِ عشرہ

سالکین نے کہا ہے کہ کشف سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ انسان دس لطیفوں سے مرکب ہے پانچ لطائف عالمِ اَمر سے ہیں جو غیر مسبوق بالمادۃ و مسبوق بالمدۃ ہوتے ہیں، ان کو عالمِ امر سے اس لئے کہتے ہیں کہ یہ محض کُنْ کے کہنے سے ظاہر ہوئے ہیں، وہ یہ ہیں۔ ۱ قلب ۲ روح ۳ سر ۴ خفی ۵ اخفی اور پانچ لطائف عالمِ خلق سے ہیں جو مسبوق بالمدۃ والمادۃ ہوتے ہیں ان کو عالمِ خلق سے اس لئے کہتے ہیں کہ یہ بتدریج آہستہ آہستہ پیدا ہوئے ہیں وہ یہ ہیں۔

۱ نفس ۲ آگ ۳ پانی ۴ ہوا ۵ مٹی۔ اہلِ سلوک نے ان لطائف کو دائرہ کی صورت میں سمجھایا ہے۔

عالمِ امر

اصل اخفی

اصل خفی

اصل سر

اصل رُوح

اصل قلب

عرش

عالمِ خلق

نفس

ہوا

پانی

آگ

مٹی

نہیں تھا۔ اسی طرح اگر مُرشد فوت ہو جائے اور مُرید نے اپنی تعلیم پُوری حاصل نہیں کی تو دُوسرے پیر کو تلاش کر سکتا ہے —— اسی طرح اگر پیر اتنا دُور چلا گیا ہے کہ یہ اس سے تعلیم حاصل نہیں کر سکتا تو کسی قریبی ولی سے رالبطہ کرے ——

حضرت مجدد الف ثانی رح نے اس کی دلیل یہ ذکر کی کہ صحابہ رضنے حضورؐ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ وعمرؓ وعثمانؓ وعلیؓ سے بیعت کی جس سے مقصُود باطنی خوبیوں کو حاصل کرنا تھا اگرچہ یہ بیعت خلافت بھی تھی ——

شرائطِ مُرشدِ کامل اور اس کی پہچان

پہلی شرط : قرآن مجید و حدیث کا علم رکھنے والا ہو اس سے مُراد یہ نہیں کہ کمال درجہ کا علم ضروری ہو بلکہ مُراد یہ ہے کہ مثلاً تفسیر جلالین ومدارک یا اس قسم کی تفسیر کسی عالم سے پڑھی ہو اور الفاظ کے معانی وشانِ نزول وناسخ ومنسُوخ اور دو مختلف آیتوں میں مُطابقت وغیرہ جانتا ہو اور حدیث میں مشکوٰۃ یا مشارق الانوار کسی عالم سے پڑھی ہو اور حدیث کے الفاظ کے معانی اور مُشکلات کی تاویل کو جانتا ہو، بس اس قدر علم کافی ہے کیونکہ پیر اپنے مُرید کو شرعی احکام کا حُکم کرے گا اور غیر شرعی امور سے روکے گا تو اس لئے یہ علم ضروری ہے تاکہ مُریدین کی اصلاح کر سکے ——

دُوسری شرط : عدالت و تقویٰ ہے یعنی کبیرہ گناہوں سے بچتا ہو اور صغیرہ گناہوں پر اصرار نہ کرتا ہو کیونکہ اس کے دل کی صفائی ہو گی تو دوسروں پر اس کے کلام و وعظ کا اثر ہوگا، قول بغیر عمل کے تاثیر نہیں رکھتا ——

تیسری شرط : یہ ہے کہ دُنیا سے اس کو نفرت ہو یعنی حرص دُنیا نہ ہو اور آخرت کی طرف اس کا دل راغب ہو، عبادات مؤکدہ اور جو اذکار احادیث سے ثابت ہیں ان پر عمل کرنے کا پابند ہو اور اس کے دل کا تعلق ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے ہو ——

چوتھی شرط : شرعی امور کا حُکم کرے، غیر شرعی چیزوں سے روکے اور مروّت وعقلِ سلیم والا ہو اپنی رائے پر مضبوط ہو، ہرجائی نہ ہو اور ہردم خیالی نہ ہو اور اپنی مستقل رائے رکھتا ہو جو شریعت کے حُکم کے مُطابق ہے ——

پانچویں شرط شیخ کامل سے اجازت یافتہ ہو اور کاملوں کی صحبت میں رہا ہو جن کا سلسلہ تعلق حضورؐ تک لے جاتا ہو، ان سے ادب سیکھا ہو اور زمانہ دراز ان سے باطن کا نور واطمینان حاصل کیا ہو، کیونکہ جیسے ظاہری علم بغیر استاد کے حاصل نہیں ہوتا اسی طرح باطنی علم بھی بغیر استاد کے حاصل نہیں ہوتا۔ اسی طرح باطنی علم بھی بغیر بزرگوں کی صحبت کے حاصل نہیں ہوتا ــــ

چھٹی شرط عوام کی بہ نسبت خواص یعنی علما ۔ وصلحا میں اس کو مقبولیت ہو۔

ساتویں شرط اس کی صحبت میں بیٹھنے سے دنیا کی محبت کم اور اللہ کی محبت زیادہ معلوم ہوتی ہو ــــ

آٹھویں شرط، طریقت کو شریعت کے تابع جانتا ہو کیونکہ شریعت کے بغیر طریقت گمراہی ہے ــــ

شرائطِ مُرید

۱۔ عاقل ہو ۲۔ بالغ ہو ۳۔ شوق والا ہو، کیونکہ غیر بالغ اور مجنون خود ایمان کا مکلف نہیں تو وہ تقویٰ اور اجتہاد فی العبادات یعنی طاعات میں مجاہدہ کا کیونکر مکلف ہو سکتا ہے اور اگر رغبت وشوق رکھنے والا نہیں ہے تو وہ غافل بھی فیض حاصل نہیں کر سکتا ــــ

اور بعض مشائخ نے جو لڑکوں کی بیعت کو جائز رکھا ہے وہ برکت اور نیک فالی کی بنا پر ہے۔ جیسے مسلم میں ہے حضرت زبیرؓ اپنے بیٹے عبداللہؓ کو بیعت کے واسطے حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمتِ اقدس میں لائے، وہ سات یا آٹھ سال کے تھے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کو اپنی طرف متوجہ دیکھ کر مسکرائے پھر بیعت لی، ورنہ اصل وہی ہے جو حضرت انسؓ کو ان کی والدہ حضورؐ کی خدمت میں لائیں کہ آپ اس سے بیعت لیں تو حضورؐ نے اس کے سر پہ ہاتھ پھیرا اور برکت کی دعا کی اور بیعت نہیں کیا ــــ

سُلوک کے مقاماتِ عشرہ

اہلِ سلوک نے سلوک کے مراحل طے کرنے کے لئے دس عادات کے حاصل کرنے کو بنیاد قرار دیا ہے، ان کو اہلِ تصوف کی اصطلاح میں مقاماتِ عشرہ واصولِ عشرہ کہتے ہیں۔

فائدہ ۱ اس دائرہ کا نصف عرش کے اُوپر عالمِ اَمر میں ہے جس میں عالمِ اَمر کے اصول ہیں اور اس دائرہ کا نصف عرش کے نیچے عالمِ خلق میں ہے جس میں عالمِ اَمر کے فروع ہیں عالمِ خلق کے ساتھ

فائدہ ۲ لطیفہ نفس و عناصر اربعہ یہ عالمِ خلق کے لطیفے ہیں اور عالمِ خلق کے ہر لطیفہ کی اصل عالمِ اَمر کے لطیفوں میں سے کسی لطیفہ کی اصل ہے، چنانچہ نفس کی اصل قلب کی اصل ہے اور ہوا کی اصل رُوح کی اصل ہے اور پانی کی اصل سر کی اصل ہے اور آگ کی اصل خفی کی ہے اور مٹی کی اصل اخفیٰ کی اصل ہے ——

پھر عالمِ خلق کے لطیفوں سے ہر لطیفہ کی فنا، و بقار، عالمِ امر کے لطیفوں کے اصول پر مبنی ہے، چنانچہ لطیفہ نفس کی فنا، و بقار مبنی ہے صفات افعالیہ کی تجلّی پر جو لطیفہ قلب کی اصل ہے اور ہوا کی فنا، و بقار مبنی ہے صفات ثبوتیہ کی تجلّی پر جو لطیفہ رُوح کی اصل ہے۔ اور پانی کی فنا، و بقار مبنی ہے شئونات ذاتیہ کی تجلّی پر جو لطیفہ سر کی اصل ہے۔ اور آگ کی فنا، و بقار مبنی ہے صفات سلبیہ کی تجلّی پر جو کہ لطیفہ خفی کی اصل ہے اور مٹی کی فنا، و بقار مبنی ہے باری تعالیٰ کی شانِ جامع کی تجلّی پر جو کہ لطیفہ اخفیٰ کی اصل ہے ——

فائدہ ۳ جب اللہ نے انسان کو پیدا کیا تو اس کے بدن میں عالمِ خلق کے ساتھ عالمِ اَمر کے لطائف کا تعلق پیدا کر دیا تاکہ اِنہیں عالمِ اَمر کا عشق پیدا ہو اور انسانی بدن عالمِ اَمر کی طرف توجہ کر کے آخرت کی کامیابی حاصل کر لے —— اب عالمِ اَمر کے لطائف اپنے اصول کے ساتھ نور و روشائی کے ساتھ بھرے ہوئے تھے ان میں صاف چمک تھی لیکن اس عالمِ خلق میں اپنی بُری صفتوں کی وجہ سے خراب ہو گئے اور اپنے اصلی وطن آخرت کو بھول گئے اور حُبِّ دُنیا کی طرف رُخ کر لیا لیکن وہ لوگ جو ایمان پر قائم رہے اور نیک اعمال کئے وہ ثواب کے مستحق ٹھہرے جیسا کہ قرآنِ مجید کی اس آیت میں مذکور ہے ——

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِيْ أَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِيْنَ إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۔

(پ ۳۰ التین آیۃ ۴ تا ۶)

ترجمہ: البتہ تحقیق پیدا کیا ہم نے آدمی کو بیچ اچھی ترکیب کے پھر پھیر دیا ہم نے اس کو نیچے سب نیچوں کے مگر جو لوگ کہ ایمان لائے اور عمل کیے اچھے پس واسطے ان کے ثواب ہے نہ کاٹا گیا۔

ان سے پہلا مقام توبہ کا ہے اور آخری مقام رضا کا ہے درمیان میں آٹھ مقامات ہیں
۱ زہد ۲ توکل ۳ قناعت ۴ عزلت ۵ دوامِ ذکر ۶ توجہ ۷ صبر ۸ مراقبہ
پھر ان مقامات کا حاصل کرنا تجلیاتِ ثلاثہ پر موقوف ہے ۱ تجلّی ذات ۲ تجلّی افعال
۳ تجلّی صفات۔ پھر مقامِ رضا یہ تجلّی ذات کے ساتھ وابستہ ہے اور باقی نو مقامات
تجلّی افعال و تجلّی صفات کے ساتھ وابستہ ہیں۔

آدابِ مُرشدین

(۱) حقوق اللہ وحقوق العباد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنّت وطریقہ کی پیروی کرے
(۲) اُپنے باطن کو ماسوی اللہ سے خالی کرے اور اپنی بُرائیوں کو بہت زیادہ سمجھے اور
اس پر ندامت واستغفار کثرت سے کرتا رہے

(۴) مُریدوں سے کسی مالی یا جسمانی فائدہ کی خواہش نہ رکھے ان سے دُنیاوی منافع کی
اُمید نہ رکھے بلکہ ہوسکے تو مُرید سے قرض بھی نہ لے کیونکہ طریقت کا راستہ بتانا یہ عبادت
ہے اس پر اُجرت اور دُنیاوی منافع نہ حاصل کرے البتہ اگر ایسا شخص ہے کہ جس کے پاس
ضرورت سے زائد ہے اور اس پر بھروسہ ہے کہ وہ محسوس نہ کرے گا، کیونکہ اس میں عقیدت
ومحبّت واخلاص کا تجربہ ہوچکا ہے تو اس صورت میں بامجبوری اس سے قرض یا تعاون لے
سکتا ہے ورنہ بالکل احتیاط کرے کیونکہ ان صُورتوں میں مُرید کی بے رغبتی ہوگی، تو سلوک کے
راستہ میں یہ چیز رکاوٹ بن جائے گی
(۵) اُپنے مُریدوں پر شفقت کرے سختی نہ کرے البتہ اگر خلافِ شریعت کریں تو اس
وقت تنبیہ کرسکتا ہے
(۶) اگر مُرید سے ایسی غلطی سرزد ہو جو پیر کی ذات سے متعلّق ہے تو اس کو معاف کردے
اور اللہ سے اس کے لئے مغفرت کی دُعا کرے اور اس کی تکلیف پر صبر کرے اور توجہاتِ
باطنی میں کمی نہ کرے
(۷) بعض لوگوں کو خوش کرنے کے لئے طالبانِ طریقت کو اُپنے پاس سے نہ ہٹائے
یہ اللہ کی نعمت کی ناشکری ہے

(۸) مُریدوں میں زیادہ عام اختلاط اور میل جول اور بے تکلّف گفتگو نہ کرے کیونکہ اس سے ان کے دل میں عظمت اُٹھ جائے گی اور اس طرح وہ فیض سے محروم ہو جائیں گے ــــــ

(۹) بعض مُریدوں کو بعض پر صرف دُنیا کی وجہ سے ترجیح نہ دے البتہ اگر بعض سلوک کے مراتب و درجات میں دوسروں سے زیادہ فوقیت رکھتے ہیں تو ان کے ترجیح دینے میں حرج نہیں ہے۔

(۱۰) ایسے غلط اعمال و حرکات سے پرہیز کرے جس کی وجہ سے مخلوق کا اعتماد اُٹھ جائے۔

(۱۱) اُپنے سلسلہ کو ظاہر کرے اور خوب پھیلائے یہ تحدیثِ نعمت ہے ــــ

(۱۲) مُریدوں سے ھدایا لینا جائز ہے مگر اس میں احتیاط برتے ــــ

(۱۳) مُرید کے آنے یا ہدیہ دینے پر زیادہ خوشی نہ کرے کہ شکار آگیا ہے مال آگیا ہے اگر اس طرح دل میں خیال آیا ہے تو استغفار کرے یہاں تک کے دل میں خدا کا خوف آجائے اور یہ ظاہری خوشی کا اثر ختم ہو جائے ــــ

(۱۴) اُپنے سلسلہ کے بزرگوں کے طریقے پر ثابت قدم رہے اس میں تبدیلی نہ کرے۔

(۱۵) دوسرے سلاسل کے بزرگوں پر طعن نہ کرے ــــ

آداب برائے مسترشدین

۱ اپنے مُرشد کا ادب کرے اس کی بے ادبی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔

حضرت خواجہ محمد معصومؒ سرہندی فرماتے ہیں :ــــ

اَلطَّرِیْقَۃُ کُلُّھَا اَدَبٌ	طریقت ساری کی ساری ادب کا نام ہے ــــ
(مکتوب ۱۹۰ دفتر سوم)	

حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ فرماتے ہیں کہ جاننا چاہیئے کہ حضرات اولیاء کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کی بے اُدبی فسق ہے اور کوئی فاسق و بدعتی ولی نہیں ہوتا۔ (مکتوبات ص۲۷)

مولانا رُومؒ فرماتے ہیں کہ :ــــ

از خدا جوئیم توفیقِ اَدب ❊ بے اَدب محروم ماند از لُطفِ رَبّ

ترجمہ : یعنی ہم اللہ تعالیٰ سے اَدب کی توفیق مانگتے ہیں کیونکہ بے اَدب اللہ تعالیٰ کے

توجبکہ عالمِ خلق میں جو لطائف ہیں ان کا عالمِ اَمر کے لطائف سے تعلق ہوگا جس وجہ سے ان لطائف میں بُری خصلتیں وصفتیں آئیں گی توان کا ازالہ ذکرِ الٰہی سے ہوگا جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

مثلاً **لطیفۂ قلب** سے شہوت کا تعلق ہے اور یہ چیز انسان کو محبوبِ حقیقی سے غافل کر دیتی ہے اور **لطیفۂ رُوح** کے ساتھ غضب و غُصہ کا تعلق ہے اور یہ چیز انسان سے نور کو زائل کر کے درندوں جیسی عادت والا بنا دیتی ہے ——— اور **لطیفۂ سِر** کے ساتھ حرص کا تعلق ہے اور یہ چیز انسان کو ذاتِ خداوندی کے مشاہدہ سے محروم کر دیتی ہے۔ اور بُری عادات جیسے زنا، چوری، قتل، طلبِ مال، حُبِ دُنیا کا عادی بنادیتی ہے ——— اور **لطیفۂ خفی** کے ساتھ حسد و بُخل کا تعلق ہے اور یہ چیز ان کو بے نُور کر دیتی ہے جس کی وجہ سے ملأ اعلیٰ کے مقامات و مشاہدات سے محروم ہو جاتا ہے اور **لطیفۂ اخفیٰ** کے ساتھ تکبّر و غرور کا تعلق ہے اور یہ چیز انسان کو سرکشی و نافرمانی میں ڈال دیتی ہے اور یہ اوصافِ مذمومہ عالمِ خلق کے لطائف کے ساتھ تعلق کی وجہ سے ظاہر ہوتے ہیں کیونکہ یہ اوصافِ مذمومہ عالمِ خلق کے لطائف سے فطرتاً متعلّق ہیں کیونکہ نفس انسان میں ایک طاقت ہے جس سے وہ کسی چیز کی خواہش کرتا ہے خواہ وہ خواہش بھلائی کی ہو یا بُرائی کی ہو تو نفس سے بھلائی و بُرائی دونوں کی خواہش متعلّق ہے تو نفس کی صفت و خاصہ خواہش ہوئی اور اس کی اصل قلب کی اصل ہے اس لئے قلب سے شہوت کا تعلق ہُوا، اور ہوا میں شرقاً غرباً شمالاً جنوباً پھیلنا ہے جس کو شہرت لازم ہے ———

تو ہُوا کا خاصہ شہرت وریا ہے۔ اور اس کا طالب غضب و غصّہ کا حامل ہوتا ہے تو ہُوا کی اصل، رُوح کی اصل ہے۔ اس لئے رُوح سے غضب کا تعلق ہُوا۔ اور پانی میں ہر نیچائی کی طرف جھکاؤ ہوتا ہے جس کو غیر مستقل ہونا لازم ہے تو پانی کا خاصہ وصفت عدمِ استقلال ہے اور غیر مُستقل حریص ہوتا ہے تو پانی کی اصل سر کی اصل ہے اس لئے سر سے حرص کا تعلق ہُوا اور آگ میں علو و بلندی ہوتی ہے جس کو تکبّر لازم ہے اور آگ میں جلانا ہوتا ہے جس کو غضب لازم ہے۔ تو آگ کا خاصہ تکبّر و غضب ہُوا ———

اور کبر سے حسد اور اس سے بُخل پیدا ہوتا ہے اور آگ کی اصل خفی کی اصل ہے، اس لئے خفی سے حسد و بُخل کا تعلق ہُوا اور مٹی میں پانی کو جذب کرنا ہے جس کو حرص و لالچ و بُخل لازم

لطف وکرم سے محروم رہ جاتا ہے ــــ

پیر کے سامنے آواز بلند نہ کرے، زوردار قہقہہ نہ لگائے، اُونچی جگہ نہ بیٹھے، اس کی موجودگی میں ہمہ تن متوجہ رہے اس کے قرابت داروں سے صلہ رحمی کرے، اس کے دوستوں، پیر بھائیوں سے رعایت کرے، بلاوجہ اس کے کلام و کام پر اعتراض نہ کرے اس کے متعلق اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے تو اس کی تاویل کرے، بداعتقادی سینہ میں نہ لائے ــــ

بلا اجازت اس کے سامنے نہ کھائے، نہ پانی پیئے، نہ وضو کرے نہ اس کے برتن استعمال کرے نہ اس کی طہارت وضو کی جگہ استعمال میں لائے، نہ اس کی نشست گاہ پر بیٹھے نہ اس کے مصلّے پر پاؤں رکھے اگر اجازت ہو تو استعمال میں لا سکتا ہے کسی کی تعظیم میں شیخ کھڑا ہو تو مرید بھی کھڑا ہو جائے ۔ نمبر۲ جو کچھ اس کو فیض باطنی پہنچے اُسے مرشد کے طفیل سمجھے اگرچہ خواب یا مراقبہ میں دیکھے کہ دوسرے بزرگ سے پہنچا تب بھی یہ جانے کہ مرشد کا کوئی لطیفہ اس بزرگ کی صورت میں ظاہر ہوا ہے ــــ

حضرت مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں: ــــ

" اگرچہ رُوحانی دولت بظاہر کسی اور جگہ سے پہنچے تو درحقیقت اسے اپنے شیخ کی طرف منسوب کرے تاکہ توجّہ کا قبلہ پراگندہ نہ ہو اور کارخانہ میں خلل نہ پڑے اور جس جگہ سے فیض پہنچے اس کو اپنے ہی پیر سے سمجھنا چاہیئے " ــــ (مکتوب نمبر۲۰ دفتر سوم)

اسی طرح خواجہ محمد معصومؒ نے فرمایا ہے ۔ (مکتوب نمبر۲۲۵ دفتر اوّل)

نمبر۳ مرشد کے فرمان کو فوراً بجا لائے، ہر طرح سے مرشد کا مطیع و فرمانبردار رہے کیونکہ مرشد کی عقیدت و محبّت کے بغیر فیض حاصل نہیں ہوتا اور عقیدت و محبّت کا تقاضا اس کی اطاعت ہے اور اطاعت کا مطلب ہے کہ جب مرشد شرعی و دینی امور کا حکم کرے تو اس کی بات پر عمل کرے مثلاً کسی مرید کی ڈاڑھی منڈی ہوئی ہو اور مونچھیں بڑھی ہوئی ہوں اور شیخ اسے نصیحت کرے کہ ڈاڑھی شریعت کے مطابق رکھیں اور مونچھیں کٹوائیں ــــ تو اب شیخ کی اطاعت یہ ہو گی کہ اس نصیحت کو قبول کرے، اسی طرح اگر کوئی مرید بے نماز ہے یا نماز باجماعت نہ ادا کرتا ہو، مرشد اس کو نصیحت کرے کہ نماز باجماعت پڑھیں ۔ تو اس نصیحت کو قبول کرے اور نماز باجماعت پڑھے، اسی طرح اگر کوئی مرید رشوت اور سود لیتا ہے تو شیخ اس کو ھدایت

کرے تو وہ رشوت لینا اور سود لینا چھوڑ دے، ـــــ

اسی طرح ہر شرعی حکم میں شیخ کا ادب کرے اس سے انحراف نہ کرے ورنہ بے ادب ہوگا اور فیض حاصل نہ ہوگا ـــــ

۴. شیخ کی صحبت میں ہر وقت باوضو رہے اور اس کی خدمت اپنے اوپر واجب کرلے۔

۵. جو اوراد وظائف مرشد بتلائے ان کو پڑھے اور باقی وظائف چھوڑ دے، مرشد کی تعلیم و تلقین کے مطابق اوراد پڑھے ـــــ

۶. بغیر اجازت مرشد کے اس کے ہر فعل کی اقتدار نہ کرے کیونکہ بعض اوقات مرشد اپنے حال و مقام کے مناسب ایک کام کرتا ہے مرید کے لئے اس کا کرنا زہر قاتل ہوتا ہے ـــــ

۷. مرشد سے کشف و کرامت وغیرہ کی خواہش نہ کرے بلکہ اس کی اتباعِ سنت کو اپنے لئے کافی سمجھے ـــــ

۸. اپنے مرشد کے بارے میں یہ عقیدہ نہ رکھے کہ ہمارا سب حال اس کو معلوم ہے۔ یہ عقیدہ کفریہ ہے کیونکہ علم غیب کُلّی صرف ایک اللہ کے لئے ہے ـــــ

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ـ (پ ۲۰ ع)	زمین و آسمان کے مغیبات کا علم صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے ـــــ

۹. اولیاء اللہ کو حاجات غائبہ میں پکارنا ناجائز ہے یہ صرف اللہ کا حق ہے اس لئے جن وظائف میں غیر اللہ کی پکار ہے وہ ناجائز اور حرام ہیں ـــــ

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ (پ ۲۴ ع ۱۱)	**ترجمہ:** اور تمہارے پروردگار نے فرما دیا ہے کہ مجھے پکارو تمہاری دعا قبول کروں گا

۱۰. اولیاء اللہ کی نذر و نیاز و منت ماننا ناجائز ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

مَنْ نَذَرَ لِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ اَشْرَكَ ـ ؛ جس نے غیر اللہ کے لئے نذر دی اس نے شرک کیا۔

۱۱. اگر شیخ کی جان و مال سے خدمت کرے تو اس پر احسان نہ جتلائے اور نہ اس کا اظہار کرے ـــــ

۱۲. شیخ کو اپنے حق میں زیادہ نفع پہنچنے کا ذریعہ سمجھے اور یہی خیال کرے کہ میری اصلاح کا مطلب اسی مرشد سے حاصل ہوگا ہرجائی نہ بنے ورنہ فیض سے محروم رہے گا ـــــ

تو مٹی کا خاصہ حرص و بخل ہے جس سے کبر پیدا ہوتا ہے اور مٹی کی اصل اخفی کی اصل ہے اس لئے اخفی سے تکبر و غرور کا تعلق ہوا۔ تو اب ان عادات قبیحہ کا زائل کرنا ضروری ہے اور ان کا ازالہ لطائف پر ذکر الٰہی کرنے سے ہوگا ـــــ

نفس کے اقسام

نفس کے تین قسم ہیں۔ ۱۔ نفس مطمئنہ۔ اگر نفس اکثر بھلائی و نیکی کی خواہش کرے تو اس کو نفس مطمئنہ کہتے ہیں، جیسے فرمایا:۔

يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۔ (پ ۳۰ فجر آیت ۲۷، ۲۸)

ترجمہ: اے اطمینان کرنے والی روح تو اپنے پروردگار کی طرف چل اس طرح سے کہ تو اس سے خوش اور وہ تجھ سے خوش۔

۲۔ نفس لوّامہ، اگر نفس اپنے کئے پر شرمندہ ہونے لگے تو اس کو نفس لوّامہ کہتے ہیں جیسے فرمایا:۔

وَلَا أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ (قیامہ پ ۲۹ آیت ۲)

ترجمہ: اور قسم کھاتا ہوں میں ایسے نفس کی جو اپنے اوپر ملامت کرے۔

۳۔ نفس امّارہ، اگر نفس اکثر برائی کی طرف خواہش کرے اور اس پر شرمندہ بھی نہ ہو تو اس کو نفس امّارہ کہتے ہیں، جیسے فرمایا:۔

إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوءِ (پ ۱۳ یوسف آیت ۵۳)

ترجمہ: تحقیق نفس البتہ حکم کرنے والا ہے ساتھ برائی کے

اربعین کا طریقہ یعنی چلہ ادا کرنے کا طریقہ

جس جگہ کا انتخاب کرے پہلے اس میں دایاں قدم رکھے اور اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پھر سورۃ ناس تین بار پڑھے، پھر بایاں قدم رکھے اور یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ وَلِيِّيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ كُنْ لِّيْ كَمَا كُنْتَ لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَارْزُقْنِيْ مَحَبَّتَكَ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ

یا اللہ! تو میرا کارساز ہے ـــــ دنیا و آخرت میں تو میرا مددگار ہو جا جیسے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا مددگار تھا۔ اور مجھ کو اپنی محبت

حُبَّكَ وَاشْغَلْنِي بِجَمَالِكَ وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُخْلِصِينَ۔ اَللّٰهُمَّ اُمْحُ نَفْسِي بِجَذْبَاتِ ذَاتِكَ يَا اَنِيسُ مَنْ لَا اَنِيسَ لَهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ۔

دے، الٰہی مجھ کو اپنی حُب نصیب کر اور اپنے جمال کے ساتھ مشغول کرلے اور مجھے مخلصین میں سے کر، الٰہی میرے نفس کو مٹا ڈال اپنی ذات کی کششوں سے، اے انیس اُس کے جس کا کوئی انیس نہیں۔ اے رَبّ مجھ کو نہ چھوڑ اکیلا اور تو بہتر وارثین سے ہے ــــ"

پھر مصلّے پر کھڑا ہوا اور اکیس مرتبہ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ۔ پھر دو رکعت نفل پڑھے اللہ کی رضا حاصل کرنے کی نیّت سے، پہلی رکعت میں آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک، پھر چار رکعت پڑھے، ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پچاس مرتبہ پڑھے اور پانچ پانچ مرتبہ مُعوّذتین پڑھے۔ یہ حصار ہوگا تاکہ اللہ کی پناہ میں آجائے۔ اس کے بعد ذکر اسمِ ذات و ذکر نفی و اثبات کرتا رہے اور تلاوت قرآن و درود شریف پڑھتا رہے البتہ چلّہ میں حسبِ ذیل امور کی رعایت رکھے ــــ

(۱) ہمیشہ روزہ رکھنا (۲) قیامِ شب کرنا (۳) کم کھانا (۴) کم سونا (۵) کم بولنا (۶) لوگوں کی صحبت و اختلاط کم کرنا (۷) ہمیشہ باوضو رہنا (۸) غفلت کو ترک کرنا (۹) شیخ کے ساتھ ہمیشہ دل لگائے رکھنا (۱۰) دعا من اللہ کا التزام کرنا ــــ

اَوصافِ مذمومہ اوران کا علاج

(۱) کثرتِ اکل یعنی زیادہ کھانا و پینا کیونکہ پیٹ بھرنے سے حُبِ جاہ و مال کی خواہش پیدا ہوتی ہے جس سے بہت آفات پیدا ہوتی ہیں اور کم کھانے سے دل میں صفائی پیدا ہوتی ہے اور اللہ سے مُناجات کا مزہ پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس سے شہوتیں کمزور ہوتی ہیں اور عبادت گراں نہیں ہوتی ــــ

عِلاج اپنی خوراکِ مقررہ سے ایک لقمہ روزانہ کم کرو تو ایک ماہ میں ایک روٹی کم

ہوجائے گی اور اس طریق سے نفس پر گرانی بھی نہ ہو گی، کیونکہ یک لخت پڑی ہوئی عادت کو چھوڑنا مشکل ہوتا ہے۔ تدریجاً علاج ہوگا۔

۲۔ کثرتِ کلام یعنی فضول اور بے ہودہ گفتگو زیادہ کرنا جس سے انسان کی زبان میں جھوٹ بولنے اور غیبت کرنے کی عادت ہوجاتی ہے، جب انسان جھوٹ بولتا ہے تو اس کے دل میں کجی آجاتی ہے اور غیبت کرنا ایسا ہے جیسے کوئی مُردہ مُسلمان کا گوشت کھائے اور یہ قبیح عمل ہے ——

فائدہ غیبت کی حقیقت یہ ہے کہ کسی مُسلمان کی پیٹھ پیچھے ایسی بات ذکر کرنی کہ اگر وہ سُنے تو اس کو ناگوار گزرے، جیسے کسی کو بے وقوف یا کم عقل کہنا یا کسی کے حسب و نسب میں طعن کرنا یا کسی کے مکان، لباس، مویشی یا کسی حرکت میں ایسا عیب لگانا کہ اس کو ناگوار ہو خواہ زبان سے کہے یا اشارہ یا کنایہ سے کہے یا ہاتھ و آنکھ کے اشارہ سے نقل اتارنے اور تعریفیں کرنے سے یہ تمام امور غیبت میں داخل ہیں ——

علاج بے ہودہ گفتگو کی سزا و نقصان پر غور کرے کہ اس کا انجام کیا ہوگا، کیونکہ اس سے دل مُردہ ہوتا ہے، تکبّر، کینہ جیسی بیماریاں پیدا ہوجاتی ہیں اور جھوٹ وغیبت وغیرہ کا انجام ظاہر ہے ——

۳۔ غصہ اس سے دوسرے پر ظلم اور گالی دینا، زبان درازی کرنا جیسا گناہ ہوتا ہے اور اس سے کینہ، بدگمانی اور افشائے راز اور ہتک عزت کے عزم جیسی اندرونی معصیتیں پیدا ہوتی ہیں اور انتقام کے لئے خون جوش مارتا ہے جس سے ظاہری بیماری بھی پیدا ہو سکتی ——

علاج اس کے دو طریقہ ہیں (۱) ریاضت و مجاھدہ سے اس کو توڑنا چاہیئے مگر اس سے یہ مقصود نہیں کہ غصہ کا مادہ ہی باقی نہ رہے کیونکہ اگر غصہ کا مادہ ہی باقی نہ رہے تو کُفار سے جہاد کیسے ہوگا، فساق اور اھلِ بدعت کی غیر شرعی باتوں پر ناگواری کا اظہار کیسے ہوگا اور ریاضت سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ انسان شریعت کے تابع ہوجائے اگر شریعت حُکم دے تو بھڑک اُٹھے اور کام کرے ورنہ چُپ رہے ——

اور ریاضت کی صورت یہ ہے کہ جب کوئی غصہ پیدا کرنے والا واقعہ پیش آئے تو اپنے نفس پر جبر کرے اور غصہ کو بھڑکنے نہ دے ۔

۲ دوسرا طریقہ عملی یہ ہے کہ غصہ کے وقت اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم پڑھو اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کو یاد کرو، نیز حالت کی تبدیلی کرو اگر کھڑے ہو تو بیٹھ جاؤ تو اگر بیٹھے ہو تو لیٹ جاؤ اور اگر اس سے بھی غصہ ختم نہ ہو تو وضو کرلو اور اپنا رخسار زمین پر رکھو تاکہ تکبّر ٹوٹے اور نفس ذلیل اور غصہ چلا جائے ۔

۴ حسد یہ ہے کہ کسی کو خوشحالی میں دیکھ کر جلے اور کڑھے اور اس کی اس نعمت کے زائل ہونے کو پسند کرے ، قرآن و حدیث میں اس کی مذمت آئی ہے ۔ اکثر حسد کی بیماری غرور، عداوت و خباثت نفس سے پیدا ہوتی ہے ، حاسد اللہ کی نعمت میں بخل کرتا ہے وہ چاہتا ہے کہ جیسے میں کسی کو کچھ نہیں دیتا اسی طرح اللہ تعالیٰ بھی اس کو کچھ نہ دے ۔ یہ شرعاً حرام ہے ۔ البتہ اگر یہ خواہش کرے کہ جیسے دوسرے کے پاس نعمت ہے اسی طرح مجھے بھی مل جائے تو یہ غبطہ ہے اور یہ شرعاً جائز ہے ۔

علاج علاج دو طریقہ پر ہے ۱ علمی علاج کہ حاسد اس حسد کے انجام پر غور کرے کہ اس میں حاسد کے لئے دنیا کا نقصان ہے کہ وہ ہمیشہ اس رنج و بلا میں مبتلا رہے گا کہ دوسرے کو ذلت حاصل ہو۔ اور دین کا بھی نقصان ہے کہ حاسد کے نیک عمل ضائع ہوجاتے ہیں، محسود کا تو کچھ نہیں بگڑتا بلکہ اس کا نفع ہے کہ حاسد کی نیکیاں مفت اس کے ہاتھ میں آرہی ہیں ۔

۲ عملی علاج کہ جس پر حسد ہے اس کی بہ تکلّف تعریفیں کرے اس کے سامنے تواضع کرے اور اس کی نعمت پر مسرّت کا اظہار کرے ، جب چند دن ایسے کرے گا تو محسود کے ساتھ محبّت پیدا ہو جائے گی اور حسد ختم ہو جائے گا اور اس بیماری سے نجات مل جائیگی ۔

۵ بخل ۔ یہ اصل میں مال کی محبت کی وجہ سے ہوتا ہے کیونکہ حبّ مال سے دل دنیا کی طرف مائل ہوتا ہے جس سے اللہ کی محبت والا تعلق کمزور ہوجاتا ہے اور جب بخیل مرتا ہے تو جمع کئے ہوئے مال کو حسرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اللہ کی ملاقات اس کو محبوب نہیں ہوتی ۔ جبرا و قہراً آخرت کا تصور کرتا ہے ۔ اس لئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

کہ دُنیا کی محبت تمام گناہوں کی جڑ ہے۔ مال کی کثرت و فراوانی سے انسان ذکرِ الٰہی سے غافل ہوتا ہے، صرف رقم حاصل کرنا پھر اس کی نگرانی کرنا پھر اس کو کسی کام میں لگانا، اسی میں اس کا وقت صرف ہوتا ہے اور یہ تمام دھندے دل کو سیاہ کرنے والے ہیں، اس لئے بخل کا علاج اصل میں وہ ہے جو حُبِّ مال کا علاج ہے

علاج دو طریقہ پر ہے ۱۔ علمی علاج کہ بخل کے نقصانات معلوم کرو جس سے آخرت کی بربادی ہے اور دُنیا کی بدنامی ہے ۲۔ علاجِ عملی کہ نفس پر جبر کرو خرچ کرنے کی بہ تکلف عادت ڈالو اور ضرورت سے زیادہ مال رکھنے سے پرہیز کرو اور اتنی مقدار حاصل کرو جو اپنے اہل و عیال کا خرچہ حاصل ہوئے، باقی اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور باقی اوقات اللہ کی یاد میں گزارو

۶۔ **حُبِّ جاہ** یعنی اپنی شہرت کی خود خواہش کرے اور اپنی مدح و ثنا کی خواہش کرے اس سے رعونت پیدا ہوتی ہے اور اس سے انسان ریا اور مختلف معصیت میں مبتلا ہو جاتا ہے کیونکہ ایسی صورت میں لوگوں کو دھوکہ دے کر جاہ کو حاصل کرتا ہے۔ حُبِّ جاہ مقصد وہی ہے جو حُبِّ مال سے ہے کیونکہ اس سے بھی انسان مال حاصل کرنے کے لئے تدبیریں کرتا ہے کہ جب لوگوں کے دلوں میں تعظیم کا اعتقاد پیدا ہو جاتا ہے تو لامحالہ لوگ اس کی تعریفیں کرتے ہیں اور دوسروں کو اس مضمون میں ہمخیال بنانا چاہتے ہیں تا کہ خلقت کے مطیع بننے کے سبب مال کا جمع کرنا آسان ہوتا ہے ورنہ مال جمع کرنے میں بہت حیلے و تدبیریں کرنی ہوتی ہیں

علاج ذکرِ موت ہے کہ ایک دن موت آنے والی ہے نہ یہ لوگ باقی رہیں گے نہ ہم باقی رہیں گے آخر یہ تعریف کتنے تک ہوگی، پھر یہ غور کرو کہ تعریف کرنے والا کس چیز کی تعریف کر رہا ہے اگر عزّت و مال کی تعریف کر رہا ہے تو یہ دنیا ہے کمال کی چیز نہیں کمال تو اللہ کی معرفت میں ہے۔ اگر تعریف تمہارے زہد و تقویٰ کی ہے تو اس میں دو صورتیں اگر واقعی تم میں زہد ہے تو یہ بات خوشی کی ہے نہ کہ دوسروں

کے سامنے بیان کرنے کی ہے اور اگر تم میں زہد نہیں تو اس تعریف پر خوش ہونا حماقت ہے۔

۷۔ حُبِّ دُنیا یہ صرف حُبِّ جاہ و حُبِّ مال کا نام نہیں بلکہ موت سے پہلے جس حالت میں ہو وہ سب دُنیا ہے اور دُنیا کی محبّت تمام گناہوں کی جڑ ہے' دُنیا کے تمام جھگڑے اور مخلوقات اور تمام موجودہ چیزوں کے ساتھ تعلّق رکھنے کا نام دُنیا کی محبّت ہے۔ جب انسان کو حیاتِ دُنیوی کی زیبائش کا شوق پیدا ہو جاتا ہے تو صنعت و حرفت و تجارت و زراعت کے ناپائیدار شغلوں میں پھنس جاتا ہے کہ مبداء و معاد کی کچھ خبر نہیں رہتی اور اس کا باطن ان امور میں مشغول ہو جاتا ہے جس سے اکثر بیماریاں غرور و نخوت، حسد و کینہ، ریا، فخر، حرص جیسی ظاہر ہوتی ہیں۔ حالانکہ دُنیا ذریعہ تھی آخرت کی زندگی بنانے کا، اس لئے چاہیئے تھا کہ بقدر ضرورت دُنیا پر اکتفاء کرتا اور قناعت کرتا اور پھر ذکرِ الٰہی میں مشغول ہوتا ــــــــ

علاج اپنی موت کو یاد کرے اور اکثر یہ تصوّر کرے کہ ایک وقت خویش و اقرباء، مال سب کو چھوڑ کر جانا ہے تو پھر دُنیا کو مطلوب و محبوب و مقصود کیوں بنائے۔

۸۔ تکبّر یہ ہے کہ انسان اپنے کو صفاتِ کمالیہ میں دوسروں سے زیادہ سمجھے اور اس وقت اس کا نفس پھول جاتا ہے۔ جس کی علامات یہ ہیں کہ راستے میں چلتے وقت دوسروں سے آگے قدم رکھنا، مجلس میں صدر مقام یا عزّت کی جگہ بیٹھنا، دوسروں کو حقارت کی نگاہ سے دیکھنا۔ اگر کوئی سلام کرنے میں پیش قدمی نہ کرے تو اس پر غصّہ ہونا۔ اگر کوئی تعظیم نہ کرے تو اس پر راضی نہ ہونا۔ اگر کوئی نصیحت کرے تو ناک بھوں چڑھانا، حق بات معلوم ہونے پر اس کو نہ ماننا، عوام کو ایسی نگاہ سے دیکھنا جیسے کوئی گدھوں کو دیکھتا ہے۔ تکبّر انتہائی بُری بیماری ہے۔ تکبّر کرنے والا تواضع سے محروم رہتا ہے۔ حسد اور غصّہ دُور کرنے پر قادر نہیں ہوتا، ریاکاری کو نہیں چھوڑ سکتا اور نرمی کا برتاؤ نہیں کر سکتا، مسلمان بھائی کی خیرخواہی نہیں کر سکتا۔ حضورِ اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جس کے دِل میں رائی کے دانہ کے برابر تکبّر ہوگا وہ جنّت میں نہ جائے گا ــــــــ

علاج اپنی حقیقت یاد کرے کہ میں ایک نجس اور ناپاک منّی کا قطرہ ہوں اور آخر میں مُردار لوتھا اور کیڑے مکوڑوں کی غذا ہوں اور اس وقت پیٹ میں نجاست

بھری ہوتی ہے اور ہزاروں مصیبتیں و امراض بھوک و پیاس، سردی و گرمی کے حالات میں مقید ہوں تو پھر تکبّر کس بنا پر ہے ——

تکبّر کے اسباب

عموماً تکبّر کے پانچ اسباب ہیں۔ سبب ۱ :۔ علم، علماء میں تکبّر علم کی وجہ سے ہوتا ہے کہ علم کے برابر فضیلت کی کوئی چیز نہیں، لہٰذا علم کے حاصل کرنے کے بعد دو خیال آتے ہیں، ایک یہ کہ ہمارے برابر اللہ کے ہاں دوسروں کا رتبہ کم ہے ——

دوسرا خیال کہ لوگوں پر ہماری تعظیم واجب ہے۔ اگر لوگ تعظیم نہ کریں تو اس کو تعجب ہوتا ہے۔ ایسا عالم جاہل ہے کیونکہ علم سے مقصد یہ تھا کہ اپنے نفس شریر کی حقیقت اور اللہ کی عظمت کو معلوم کرتا اور یہ سمجھتا کہ مدار خاتمہ پر ہے اور خاتمہ کا حال کسی کو معلوم نہیں لہٰذا جو شخص اپنے کو قابلِ عظمت سمجھے وہ اپنی حقیقت سے ناواقف ہے اور اپنے خاتمہ کے اندیشہ سے بے خوف ہے اور یہ تو بہت بڑا گناہ ہے اس لئے جس علم سے تکبّر پیدا ہو وہ علم جہل سے بھی بدتر ہے۔ حقیقی علم وہ ہوتا ہے جس سے خوفِ خدا و خشیۃ من اللہ بڑھتی ہے ——

سبب ۲ . زہد و تقویٰ کبھی عابد تکبّر کرتا ہے اور بعض کا تو یہ حال ہوتا ہے کہ اگر اس کو کوئی ایذا دے تو کہتا ہے دیکھتے رہو اللہ تعالیٰ اس کو کیسی سزا دے گا پھر بعد میں وہ شخص تقدیرِ الٰہی سے بیمار ہو گیا یا اس کو کوئی نقصان ہو گیا تو یہ اپنے دعوے کے ثبوت میں کہتا ہے کہ دیکھا اللہ نے اس کو کیسی سزا دی۔ یہ سزا اہل اللہ کے ایذا کا نتیجہ ہے۔ حالانکہ اس نادان سے کوئی پوچھے کہ کافروں نے انبیاء کو ہزاروں تکلیفیں پہنچائیں مگر کسی نے انتقام کی فکر نہ کی اپنے کام میں لگے رہے، اگر صرف انتقام کی فکر ہوتی تو مخلوقِ خدا کو ہدایت کیسے ملتی؟ کیا کوئی ولی یا عابد نبی سے مرتبہ میں زیادہ ہے؟ ——

سبب ۳ . نسب ہے کہ اپنے کو عالی خاندان سمجھ کر تکبّر کرتا ہے۔ اس کا علاج اپنی اور آباؤ اجداد کی حقیقت پر غور کرے کہ ہماری اصل منی کا قطرہ اور مٹی ہے ——

سبب ۴ . مال سبب ۵ جمال کہ انسان اپنے مالدار یا حسین ہونے پر فخر کرتا ہے یہ بھی نادانی و حماقت ہے کیونکہ اگر ڈاکہ پڑے تو مال چلا جاتا ہے اور اگر انسان بیمار ہو جائے

پیچک نکل پڑے تو صورت کا وہ روپ نہیں رہتا، اس پر فخر کرنا حماقت ہے ۔۔۔

۹ **خود پسندی** یعنی اپنے آپ کو اچھا سمجھنا، جب انسان اپنے کو نیک کار سمجھنے لگ جاتا ہے تو مطمئن ہو جاتا ہے اور سعادتِ اُخروی سے محروم ہو جاتا ہے۔ یہ بھی تکبر کی ایک شاخ ہے۔ فرق یہ ہے کہ تکبر میں دوسرے لوگوں سے اپنے نفس کو بڑا سمجھتا ہے اور خودلپسندی میں اپنے نفس کو اپنے خیال میں بڑا سمجھتا ہے کہ دوسرے لوگوں کی ضرورت نہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت کو اپنا حق خیال کرنا اور اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم نہ سمجھنا اور اس کے زوال سے بے خوف ہو جانا ہے اس کو عُجب و خودپسندی کہتے ہیں اور اگر اپنے کو اللہ تعالیٰ کے نزدیک ذی مرتبہ اور باوقعت سمجھے تو یہ ناز کہلاتا ہے۔ اس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اپنی دُعا کے قبول نہونے سے اور اپنے موذی دشمن کو سزا و عذاب نہ ملنے پر حیرت ہوتی ہے اور اگر اللہ کی نعمت پر خوش اور اس کے چھن جانے کا دل میں خوف بھی ہو تو یہ خودپسندی نہیں۔

علاج اگر عُجب غیر اختیاری نعمتوں پر ہو جیسے قوت حُسن و جمال تو اس وقت یہ سوچے کہ ان چیزوں کے حاصل کرنے میں میرا کیا دخل ہے کہ اس پر ناز کروں۔ یہ اللہ کا فضل و احسان ہے کہ اس نے بغیر استحقاق کے یہ خوبیاں مجھے عطا کر دی ہیں۔ نیز یہ خوبیاں معرضِ زوال میں ہیں کہ بیماری و ضعف سے سب جاتی رہتی ہیں تو اپنی ناپائیداری پر عجب کرنا کیا ہے ۔۔۔ اور اگر عُجب اختیاری نعمتوں پر ہو جیسے علم و ہنر و عبادت وغیرہ پر ناز ہو تو اس وقت غور کرے کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے ذہن و طاقت و ہمت و دماغ و ہاتھ پاؤں و بینائی نہ دیتے تو کمال کیسے حاصل کرتا یہ سب اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس نے یہ چیزیں عطا کی ہیں اس پر عجب کیوں کروں ۔۔۔

۱۰ **ریا**، یہ ہے کہ عبادت و عملِ خیر کے ذریعہ سے لوگوں کے دلوں میں اپنی وقعت و منزلت کا خواہاں ہو اور یہ چیز عبادت کے مقصود کے خلاف ہے کیونکہ عبادت سے مقصود تو اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی حاصل کرنا ہے اور اس جگہ لوگوں کی خوشنودی حاصل کر رہا ہے یہ شرک اصغر ہے ریا مہلک مرض ہے ۔۔۔

علاج دو طریق پر ہے ۱ اس کا سبب یا اپنی تعریف کی خواہش ہے یا دُنیا دی مال کا حرص یا مذمت کا خوف و اندیشہ ہوتا ہے اگر اس کا باعث

مذمت کا خوف ہو تو اس وقت سوچے کہ اگر میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ہوں تو لوگوں کی مذمت سے مجھے کیا نقصان ہوگا اور اگر پسندیدہ نہیں تو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے بچنے کی فکر کروں ان کی مذمت سے کیا ہوگا اور اگر باعث اپنی مدح یا حرص ہے تو اس کا علاج گزر چکا ہے

(۲) ریا پر جو اللہ و رسول کی طرف وعید آئی ہے اس انجام پر غور کرے کہ ریاء شرک ہے اور شرک کی سزا جہنم ہے۔

ریا کے اقسام

۱۔ بدن کے ذریعے جیسے بدن کی کمزوری اور پلکوں کا جھپکانا ظاہر کرے تاکہ لوگ روزہ دار شب بیدار خیال کریں۔ یا غمگین شکل بنائے تاکہ لوگ سمجھیں کہ اس کو فکر آخرت ہے یا آواز پست کرے تاکہ لوگ یہ سمجھیں کہ ریاضت کر کے اسمیں اتنی کمزوری ہوگئی کہ آواز نہیں نکل سکتی۔

۲۔ ھیئت کے ذریعہ سے جیسے رفتار میں نرمی اور ضعف ظاہر کرے اور ایسی صورت بنادے جس سے لوگ یہ سمجھیں کہ یہ حالت وجد میں ہے یا مکاشفہ یا فکر میں ہے ہے۔

۳۔ لباس کے ذریعے جیسے موٹے کپڑے پہنے یا بوسیدہ کپڑے اور میلا کچیلا رہے تاکہ لوگ صوفی صاحب سمجھیں یا دین داروں کے دل میں قدر و منزلت ہو یا لباس قیمتی ہو مگر ایسے رنگ سے رنگا لے کہ دوسرے کی نگاہ میں قدر و منزلت ہو جیسے گیرو یا آسمانی رنگ ہے۔

۴۔ گفتگو کے ذریعہ جیسے زبان سے وعظ کرے مگر موڑ موڑ کر مسجع عبارتیں نکال کر یا آواز کا لہجہ غمگین بنا کر نکالے اور دل میں اثر خاک بھی نہ ہو یا خلاف شرع باتوں پر نفرت کا اظہار کرے مگر دل میں نفرت کا اثر نام کا بھی نہ ہو یا مشائخ کی ملاقات کا اظہار یا صوفیاء کی کرامت کا اظہار تاکہ لوگ سمجھیں کہ یہ اسلاف کا نمونہ ہے

۵۔ عمل کا ریا یعنی قیام و رکوع و سجود زیادہ کرنا اگر دوسرے اس کو نماز پڑھتا دیکھ لیں تو بڑا خشوع ظاہر کرنا اور سکون، وقار سے پڑھنا۔

۶۔ اپنے مریدوں و شاگردوں کی کثرت بیان کرنا اور اس بات کا خواہاں ہونا کہ اس کی شہرت سے سلاطین و امراء اور علماء و صلحاء اس کی زیارت کے لئے آئیں گے اور

شہرت ہوگی ۔

تحقیق لطائف

سلسلۂ قادریہ میں لطائف چھ ہیں :-

نام	مقامات
۱۔ قلب	بائیں پستان کے نیچے ہے ۔
۲۔ رُوح	دائیں پستان کے نیچے ہے ۔
۳۔ سِرّ	وسطِ سینہ کے اندر ہے ۔
۴۔ خفی	پیشانی میں ہے ۔
۵۔ اخفیٰ	اُمّ الدماغ یعنی وسطِ دماغ میں ہے ۔
۶۔ نفسی	ناف کے مقام میں ہے ۔

سلسلۂ نقشبندیہ میں لطائف سات ہیں :

۱۔ قلب	بائیں پستان کے نیچے دو انگل کے فاصلہ پر مائل بہ پہلو ۔
۲۔ رُوح	دائیں پستان کے نیچے دو انگلی کے فاصلہ پر پہلو کیطرف جھکا ہوا ۔
۳۔ سِرّ	بائیں پستان کے برابر سینہ کی طرف مائل دو انگلی کے فاصلہ پر ۔
۴۔ خفی	دائیں پستان کے برابر سینہ کی طرف جھکا ہوا دو انگلی کے فاصلہ پر
۵۔ اخفیٰ	وسطِ سینہ میں فم معدہ کے اوپر ہے ۔
۶۔ نفس	پیشانی کے وسط میں ہے ۔
۷۔ سلطان الاذکار و قالبیہ	اُمّ الدماغ سر کے وسط میں ہے ۔

بعض نے لطائفِ عشرہ کہا، یہ اجمال و تفصیل کا فرق ہے کیونکہ لطیفہ قالبیہ مرکّب ہے چار لطائف یعنی آگ ہوا پانی، مٹی سے ۔ اس لئے جنہوں نے تفصیل کی تو دس لطائف

ذکر کر دیئے، اور جنہوں نے اجمالی ذکر کیا تو لطائف ستہ ذکر کئے۔

(وجہ اختلاف در مقام لطائف) جس کو جہاں کسی لطیفہ کا نور نظر آیا اس نے وہیں اسکا مقام سمجھا۔

لطائفِ ستہ کا رنگ

	نام	رنگ	
۱	قلب	سُرخ	بعض نے کہا زرد سرسوں کے پھول کی طرح
۲	رُوح	سفید	بعض نے کہا سُرخ سُنہری جیسے سونے کا رنگ
۳	سِرّ	سبز	بعض نے کہا سفید ہے
۴	خفی	نیلا	بعض نے کہا سیاہ ہے
۵	اخفی	سیاہ	بعض نے کہا سبز ہے
۶	نفس	زرد	بعض نے کہا آسمانی رنگ کی طرح ہے۔

وجہ اختلاف در رنگ لطائف بعض سالکین کو یہ انوار و رنگ بالتفصیل نظر آتے ہیں۔ اور بعض کو ایک ہی رنگ نظر آتا ہے اور بعض کے لطائف کا تصفیہ ہوتا ہے اور انوار نظر نہیں آتے، تو جن کو انوار نظر آتے ہیں ان کو جیسا نور نظر آیا اسی طرح انہوں نے اس کا رنگ ذکر کر دیا ہے۔

حالات و افعال لطائف

	نام	افعال
۱	لطیفۂ قلب	اس کا فعل ذکر ہے یعنی یادِ الٰہی ہے۔
۲	لطیفۂ رُوح	اس کا فعل حضور ہے اور حضور سے مُراد کانکَ تَراہ علیٰ سبیل المقصود ہے۔
۳	لطیفۂ سِرّ	اس کا فعل مکاشفہ ہے اور مکاشفہ محبوب کا کامل انکشاف ہے عالمِ مثال میں
۴		کیونکہ عالمِ ادراک میں ممتنع ہے کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ
۵	لطیفۂ خفی	اس کا فعل شہود ہے جس کا نتیجہ فریفتگی ہے یعنی مشاہدہ فناء الفناء ہے۔
۶	لطیفۂ اخفی	اس کا فعل معائنہ فناء الفناء ہے جس کو اللہ تعالیٰ نصیب فرمائے۔

نمبر شمار	نام	فعل
۷	لطیفۂ نفس	اِس کا فعل غفلت ہے

فائدہ ، بجاہ ، بحرمت ، بوسیلہ ، بطفیل بحق الفاظ مختلف ہیں مگر مفہوم ایک ہے اگرچہ یہ الفاظ صحابہؓ و تابعین میں مستعمل نہیں لیکن پچھلے سلفِ صالحین و اکثر اُمت خاص و عام میں مستعمل ہیں جیسا کہ تمام سلاسل کے شجرات میں یہ الفاظ ہیں تو ان سب کو غلط نہیں کہہ سکتے ہیں ورنہ سب بزرگوں کو گناہ گار اور مرتکب شرک کہنا ہوگا اور یہ بڑا گناہ ہے۔ ایسی جسارت کرنے سے انسان احتراز کرے کیونکہ قیامت کے دن کا حساب سخت ہے اس لئے الفاظ کی جائز تاویل کرنی ہوگی اور وہ توجیہہ یہ ہے کہ جاہ کا معنی قدر و شوکت اور حرمت کا معنی تعظیم و برکت اور وسیلہ و طفیل کا معنی ذریعہ ہے اور حق کا معنی برکت ثابتہ تو مطلب یہ ہوگا کہ یا اللہ میرے اعتقاد میں یہ تیرے مقبول ہیں اور مجھے مقبولین سے تیرے باعث (کہ یہ تیری عبادت و ذکر کرتے ہیں) ان سے محبّت دیا ہے ای سبب سے میرا فلاں مطلب و مقصد پورا کر دے۔ یہ نہ کفر ہے نہ شرک ہے بلکہ یہ وسیلہ ہے ہمارے اکابر وسیلہ کو جائز کہتے ہیں۔ جنہوں نے وسیلہ کو شرک کہا انہوں نے حد سے تجاوز کیا ہے۔ حضرت مولانا حسین علی کا بحرمت خواجہ دوست محمد قندھاریؒ والا دم مشہور ہے اور حضرت مولانا غلام اللہ خان نے تفسیر "جواھر القرآن" صفحہ ۹۳۷ میں تصریح کی ہے کہ الٰہی بحرمت فلاں دُعا مانگنے میں کوئی کلام نہیں اس لئے شجرات میں بحرمت کا لفظ استعمال کرنا جائز ہے، اس میں کسی کو کلام نہیں۔

لہٰذا یا الٰہی بجاہ فلاں یا بحرمتہ فلاں یا الٰہی بوسیلہ فلاں یا الٰہی بطفیل فلاں کے الفاظ میں صحیح و جائز تاویل کریں گے تاکہ سب بزرگوں کی تغلیط و تخطیہ نہ ہو اور وہ تاویل یہی ہوگی کہ ، یا اللہ! یہ تیرے مقبول بندے تیری عبادت و ذکر کے سبب تیرے ہاں قدر و شوکت والے ہیں اور تعظیم والے ہیں اور برکت والے ہیں اس لئے اس ذریعہ و سبب سے میرا فلاں مقصد پورا فرما۔ تو گویا وسیلہ اس جگہ بھی عمل صالح ہوا ۔ وہ نیک لوگوں کے ساتھ محبّت و پیار کرنا اس وجہ سے کہ وہ مقبولین بارگاہ الٰہی ہیں، اسی حُبُّ الصالحین کو قبولیتِ دعا کے لئے وسیلہ کیا گیا ہے ہمارے اسلاف کے نزدیک توسّل بالذوات والاعمال الصالحہ دونوں جائز ہیں اور ذوات سے

توسّل بھی ان کے اعمالِ صالحہ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ فافہم۔

شجرہ شریف پڑھنے کا طریقہ

روزانہ طلوعِ آفتاب اور غروب سے کچھ پہلے اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم پڑھیں، پھر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص معہ بسم اللہ پڑھ کر اس کا ثواب اسی سلسلہ کے پیرانِ کبار کی ارواحِ طیبات کو ایصالِ ثواب کریں اس کے بعد شجرۂ طیبہ پڑھیں

فضائلِ ذکرِ الٰہی

اس پر آیاتِ قرآنیہ واحادیثِ نبویہ پیش کی جاتی ہیں جس سے ذکر کرنے کی فضیلت واہمیت معلوم ہوتی ہے۔

آیاتِ قرآنیہ

۱ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ (پ۲ ع۲ آیت ۱۵۲) بقرہ	پس تم میرا ذکر کرو میں تمہیں یاد رکھوں گا اور تم میرا شکر کرتے رہو اور ناشکری نہ کرو
۲ وَاذْكُرْ رَبَّكَ كَثِيرًا وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ (پ۳ ع۱۲ آیت ۴۱) آل عمران	اور اپنے رب کو کثرت سے یاد کریں اور صبح وشام تسبیح کیجئے۔
۳ الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللَّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمْ (پ۴ ع۱۱ آیت ۱۹۱) آل عمران	عقل مند وہ لوگ ہیں جو اللہ کو یاد کرتے ہیں بیٹھے ہوئے اور لیٹے ہوئے۔
۴ وَاذْكُر رَّبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيفَةً وَدُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَلَا تَكُن مِّنَ الْغَافِلِينَ۔ (پ۹ آیت ۲۰۵) اعراف	اور اپنے رب کو دل میں یاد کرو اور ذرا دھیمی آواز سے بھی اس حالت میں کہ عاجزی بھی اور اللہ کا خوف بھی ہو صبح کو اور شام کو یاد کرو اور غافلین سے نہ ہوں۔
۵ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ	ایمان والے وہی لوگ ہیں کہ جب ان کے

وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ (پ ۹ آیت ۲) انفال

سامنے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جب ان پر اللہ کی آیات پڑھی جاتی ہیں تو ان کے ایمان کو بڑھا دیتی ہیں اور وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں۔

۶ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ ۝ الَّذِينَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُمْ بِذِكْرِ اللَّهِ (پ ۱۳ آیت ۲۷ سورۃ رعد)

جو اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے اس کو اللہ ہدایت دیتا ہے وہ ایسے لوگ ہیں جو اللہ پر ایمان لائے اور اللہ کے ذکر سے ان کے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے۔

۷ أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ (پ ۱۳ آیت ۲۸) رعد

خبردار! اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے۔

۸ وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ (پ ۲۱ آیت ۴۵ عنکبوت)

اور اللہ کا ذکر بہت بڑی چیز ہے۔

۹ وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا۔ (پ ۲۲ آیت ۳۵ احزاب)

اور اللہ کا کثرت سے ذکر کرنے والے مرد اور عورتیں ان کے لیے اللہ نے مغفرت اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔

۱۰ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا (پ ۲۲ آیت ۴۱-۴۲ احزاب)

اے ایمان والو تم اللہ کا کثرت سے ذکر کیا کرو اور صبح و شام اس کی تسبیح کرتے رہو۔

۱۱ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (پ ۲۸ آیت ۹) منافقون

اے ایمان والو! تم کو تمہارے مال اور اولاد اللہ کے ذکر سے غافل نہ کریں اور جو لوگ ایسا کریں گے وہ خسارہ میں پڑنے والے ہیں۔

۱۲ رِجَالٌ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ۔ (پ ۱۸ آیت ۳۸) نور

یعنی ایمان والے ایسے لوگ ہیں کہ ان کو اللہ کے ذکر کرنے سے خرید و فروخت غفلت میں نہیں ڈالتی۔

۱۳ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّىٰ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّىٰ (پ ۳۰ آیت ۱۴، ۱۵) اعلیٰ

بے شک کامیاب ہو گیا وہ شخص جو برے اخلاق سے پاک ہوا اور اپنے رب کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔

۱۴ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا (پ ۲۹ آیت نمبر ۸ مزمل)

اپنے رب کا نام لیتے رہیں اور اپنے رب کی طرف متوجہ ہوں۔

۱۵ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلًا (پ ۲۹ آیت ۲۵ دھر)

اور اپنے رب کا نام صبح و شام لیجئے۔!

احادیث نبویہ

۱ عن ابی موسیٰؓ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم، مَثَلُ الَّذِیْ یَذْکُرُ رَبَّهٗ وَالَّذِیْ لَا یَذْکُرُ رَبَّهٗ مَثَلُ الْحَیِّ وَالْمَیِّتِ۔ (مشکوٰۃ ص ۱۹۶) (رواہ البخاری)

ابو موسیٰؓ سے روایت ہے حضورؐ نے فرمایا جو شخص اللہ کا ذکر کرتا ہے اور جو اللہ کا ذکر نہیں کرتا ان کی مثال زندہ اور مردہ کیطرح ہے کہ ذکر کرنے والا زندہ ہے اور ذکر نہ کرنیوالا مردہ ہے۔

۲ عن معاذؓ بن جبل قال قال رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ما عمل العبد عملاً انجی لہٗ من عذاب اللہ من ذکر اللہ۔ (مشکوٰۃ ص ۱۹۹)

حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ عذاب قبر سے نجات دلانے والا کوئی عمل ذکر سے بڑھ کر نہیں ہے۔

۳ عن ابی سعید الخدریؓ ان رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) قال اکثروا ذکر اللہ حتی یقولوا مجنون۔ (رواہ احمد)

ابو سعید الخدریؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ اللہ کا ذکر اتنی کثرت سے کرو کہ لوگ مجنون کہیں۔

۴ عن ابی ھریرۃ قال سمعت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) یقول الدنیا ملعونۃ و ملعون ما فیہا الا ذکر اللہ وما والاہ و عالما و متعلما (رواہ الترمذی) ج ۲ ص ۵۸

ابو ہریرۃؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضورؐ سے سنا آپ نے فرمایا جو کچھ دنیا میں ہے سب ملعون ہے یعنی اللہ کی رحمت سے دور مگر اللہ کا ذکر اور وہ چیز جو اس کے قریب ہو یعنی اس میں معاون ہو اور عالم اور طالب علم

۵ عن عبد اللہ بن عمر عن النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) انہ کان یقول لکل شیء صقالۃ و صقالۃ القلوب ذکر اللہ۔ (مشکوٰۃ ص ۱۹۹)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ ہر چیز کے لئے صفائی ہوتی ہے اور دلوں کی صفائی ذکر الٰہی کے ساتھ ہوتی ہے۔

۶ عن ابن عباسؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، الشیطان جاثم علی قلب ابن آدم فاذا ذکر اللہ تعالیٰ خنس واذا غفل وسوس (رواہ البخاری) مشکوٰۃ صـ ۱۹۹

ابن عباسؓ سے روایت ہے حضورؐ نے فرمایا کہ شیطان آدمی کے دل پر جما ہوا ہے جب آدمی اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے تو وہ پیچھے ہٹ جاتا ہے اور جب غافل ہوتا ہے تو وسوسہ ڈالتا ہے۔

۷ عن عبد اللہ بن بسرؓ ان رجلا قال یا رسول اللہ ان شرائع الاسلام قد کثرت علیّ فاخبرنی بشیٔ اتشبث بہ قال لا یزال لسانک رطبا من ذکر اللہ ۔ (رواہ ابن ماجہ) مشکوٰۃ صـ ۱۹۸

عبد اللہ بن بسرؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضورؐ سے کہا کہ اسلام کے احکام تو بہت ہیں مجھے تو ایسی چیز کی خبر دیں جس کے ساتھ چمٹ جاؤں تو آپؐ نے فرمایا تیری زبان ہمیشہ ذکر الٰہی کے ساتھ تر رہے۔

۸ عن ابی ھریرۃؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قعد مقعدا لم یذکر اللہ فیہ کانت علیہ من اللہ ترۃ ومن اضطجع مضجعا لا یذکر اللہ فیہ کانت علیہ من اللہ ترۃ (رواہ ابوداؤد) (مشکوٰۃ صـ ۱۹۸)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے حضورؐ نے فرمایا جو شخص ایک مجلس میں بیٹھے اور اس میں اللہ کو یاد نہ کرے تو اس پر یہ بیٹھنا اللہ کی طرف سے افسوس و نقصان ہوگا اور جو شخص اپنے سونے کی جگہ میں اس طرح لیٹے کہ اللہ کو یاد نہ کرے تو اس پر بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نقصان ہوگا۔

۹ عن معاذ سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای الاعمال افضل فقال ان تفارق الدنیا ولسانک رطب بذکر اللہ ۔ رواہ البیہقی

حضرت معاذؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ سے کسی نے پوچھا کہ اعمال میں سے کون سا عمل افضل ہے آپؐ نے فرمایا کہ تجھے موت آئے اور تیری زبان اللہ کے ذکر سے تر ہو۔

۱۰ عن ابی ھریرۃؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، سبق المفردون قالوا وما المفردون یا رسول اللہ قال الذاکرون اللہ کثیرا والذاکرات مشکوٰۃ صـ ۱۹۶

ابوہریرہؓ سے روایت ہے حضورؐ نے فرمایا مفردون یعنی آگے جانے والے سبقت لے گئے تو صحابہؓ نے کہا مفردون کون ہیں؟ فرمایا وہ مرد و عورتیں جو اللہ کا ذکر کثرت سے کرتے ہیں۔

۱۱ قال رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) لا تقوم الساعۃ حتی لا یقال فی الارض اللہ اللہ (مسلم)

حضورؐ نے فرمایا، قیامت نہیں آئے گی جب تک زمین ایسی ہو جائے کہ اس میں اللہ اللہ نہ کہا جائے۔

۱۲ عن ابی ھریرۃؓ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، یقول اللہ یا ابن آدم انک اذا ذکرتنی شکرتنی واذا نسیتنی کفرتنی۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے حضورؐ نے فرمایا، اللہ فرماتا ہے اے اولادِ آدم! جب تو میرا ذکر کرتا ہے تو میری نعمت کا شکر کرتا ہے اور جب تو مجھے بھلا دیتا ہے تو میری نعمت کی ناشکری کرتا ہے ۔۔۔"

۱۳ عن ابن عباسؓ قال قال رجل یا رسول اللہ من اولیاء اللہ قال الذین اذا رؤوا ذکر اللہ ۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے ایک شخص نے حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) سے سوال کیا کہ اولیاء اللہ کون ہیں حضورؐ نے فرمایا کہ جب ان کو دیکھا جائے تو اللہ یاد آجائے۔

۱۴ عن جابرؓ قال قال رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) افضل الذکر لا الٰہ الا اللہ وافضل الدعاء الحمد للہ (مشکوٰۃ ص ۲۰۱)

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا سب سے بہتر ذکر لا الٰہ الا اللہ ہے اور سب سے بہتر دعا الحمد للہ ہے۔

۱۵ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ان اللہ یقول انا مع عبدی اذا ذکرنی وتحرکت بی شفتاہ (رواہ البخاری) مشکوٰۃ ص ۱۹۹

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے ساتھ ہوں جس وقت مجھ کو یاد کرتا ہے اور ذکر کے ساتھ اپنے دونوں ہونٹ ہلاتا ہے۔

(یعنی اللہ تعالیٰ کی مدد اور توفیق شاملِ حال ہوتی ہے اس کے لئے جو زبان و دل سے یاد کرتا ہے)

باب دوم

سلاسل اربعہ کے اسباق میں، ہے

اسباق سلسلہ عالیہ قادریہ

سلسلہ قادریہ کے اسباق خواص وعوام واخص الخواص کے لئے مختلف ہیں پھر قادریہ کے بزرگوں سے اسباق کی ترکیبات وترتیبات بھی مختلف طریقوں سے منقول ہیں کسی کیلئے حسب استعداد مراقبات واذکار ہیں اور کسی کے لئے زبانی وظائف ہیں اور کسی کے لئے شغل وتصورات ہیں اور کسی کے لئے محض ذکر قلبی روحی سری وغیرہ ہیں اس لئے سلسلہ قادریہ کے اذکار واشغال ومراقبات بالترتیب ذکر کئے جاتے ہیں۔ متوسط استعداد والوں کے لئے بارہ تیرہ اسباق ہیں، اخص الخواص کے لئے دیگر اسباق ومراقبات کی بھی تعلیم دیجاتی ہے کبھی اذکار کے بعد مراقبات کی تعلیم دی جاتی ہے اور کبھی اذکار کے ساتھ مراقبات کو بتایا جاتا ہے۔ یہ تعلیم استعداد کے موافق دیجاتی ہے، اس لئے مرشد کی تعلیم کے مطابق ان اذکار کو پڑھیے،

اذکار سلسلہ قادریہ

سلسلہ قادریہ میں طریقہ ذکر

پہلے گیارہ دفعہ سورۃ اخلاص پڑھ کر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ومشائخ قادریہ کے ایصال ثواب کرے اور یوں کہدے تو زیادہ بہتر ہے کہ یا اللہ اس کا ثواب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک اور تمام انبیاء کرامؑ کی ارواح مبارک اور تمام صحابہؓ واہلبیتؓ کی ارواح مبارکہ اور تمام اولیاء کرامؒ کی ارواح طیبہ اور شیخ عبدالقادر جیلانیؒ وسلسلہ قادریہ کے بزرگان کی ارواح کو اس کا ثواب پہنچا، پھر کہے اَفضلُ الذکرِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم۔ تین بار کے بعد صرف لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کہتا رہے اس کی دس تسبیح پڑھے۔ پھر دس تسبیح اِلَّا اللہ کی،

پھر دس تسبیح اَللّٰہ کی پہلے تین مرتبہ جَلَّ جَلَالُہٗ کہے پھر دس تسبیح ھُو کی، پہلے تین مرتبہ جَلَّ شَانُہٗ، کہے پھر تین یا پانچ یا سات منٹ مراقبہ کرے، آنکھیں بند کرے اور زبان سے آہستہ دل پر اللہ اللہ کہے پھر دُعا کرے، اگر اتنی فرصت نہ ہو تو درمیانی درجہ تین تین تسبیح کہے اور ادنیٰ درجہ ایک ایک تسبیح کہے۔

سبق ۱ ذکرِ قلبی یعنی زبان سے اللہ اللہ کہنا ہے اور مقامِ قلب پر اس کی ضرب لگانی ہے دِل پستان کے نیچے بفاصلہ دو انگشت ہے۔

(مقدار) اعلیٰ درجہ چوبیس ہزار کی مقدار ہے، درمیانی درجہ بارہ ہزار، ادنیٰ درجہ چھ ہزار کی مقدار ذکر کرے یا کم از کم ایک ہزار بار ذکر کرے۔ پھر اسمِ ذات کے اس ذکر کی چار صُورتیں ہیں حسبِ تعلیم کوئی صُورت اختیار کرے۔

صُورت ۱ یک ضربی کہ لفظ اللّٰہ کی ضرب دل پر پوری قوت وسختی سے لگائے پھر ٹھہر جائے یہاں تک کہ سانس اپنی جگہ لوٹ آئے پھر اس طرح بار بار ضرب لگائے اس طرح اس کی مشق کرے۔

صُورت ۲ دو ضربی یعنی اسمِ ذات کی پہلی ضرب دائیں زانو پر اور دوسری ضرب دل پر لگائے۔

صورت ۳ سہ ضربی یعنی پہلی ضرب دائیں زانو پر دُوسری ضرب بائیں زانو پر تیسری ضرب دل پر لگائے۔

صورت ۴ چہار ضربی یعنی پہلی ضرب دائیں گھٹنے پر دوسری ضرب بائیں گھٹنے پر تیسری ضرب سامنے اور چوتھی ضرب دل پر لگائے۔

سبق ۲ ذکرِ رُوحی یعنی زبان سے اللہ اللہ کہنا اور اس کی ضرب لطیفہ رُوحی پر لگانا۔ رُوح دائیں پستان کے نیچے بفاصلہ دو انگشت ہے مقدار ذکر کی سابقہ ہے۔

سبق ۳ ذِکرِ سِرّی یعنی زبان سے اللہ اللہ کہنا ہے اور لطیفہ سِرّی پر اس کی ضرب لگانی ہے یعنی وسطِ سینہ سے ذرا نیچے ضرب لگانی ہے

سبق ۴ ذکرِ نفسی یعنی زبان سے اللہ اللہ کہنا ہے اور لطیفہ نفسی پر اس کی ضرب لگانا ہے یعنی ناف کے نیچے پر ضرب لگانی ہے۔

سبق ۵ ذکرِ خفی یعنی زبان سے اللہ اللہ کہنا اور اس کی ضرب لطیفہ خفی پر لگانا ہے یعنی وسط پیشانی پر ضرب لگانی ہے۔

سبق ۶ ذکرِ اخفیٰ یعنی زبان سے اللہ اللہ کہنا اور لطیفہ اخفیٰ پر اس کی ضرب لگانا ہے یعنی تالو پر ضرب لگانی ہے۔ یعنی اُمّ الدماغ اور وسط دماغ پر ضرب لگانی ہے۔

سبق ۷ پاس انفاس یعنی ہر سانس پر اللہ کا ذکر ہو۔ انسان ہوشیار رہے کوئی سانس ذکر سے خالی نہ ہو مگر پاس انفاس میں زبان و ہونٹ کو حرکت نہ دیں صرف سانس سے ذکر ہوگا۔ پھر اس کے مختلف طریقے ہیں۔

اوّل، نفی و اثبات کا ذکر، کہ جب سانس باہر نکلے تو لَآ اِلٰہَ کہے اور جب سانس اندر جائے اِلَّا اللّٰہ کہے۔

دوئم، اسمِ ذات کا ذکر کہ جب سانس اندر داخل ہو تو اللہ کہے اور جب سانس باہر نکلے تو ھُو کہے۔

سوئم، اگر سانس ناک سے لیں تو منہ بالکل بند کر کے ناک سے سانس کھینچیں یعنی اندر داخل کریں اور لفظ اللہ کہیں اور پھر ناک ہی سے نکلنے والے سانس سے ھُو کو نکالیں۔

چہارم، لفظ اللہ کو قلبی، رُوحی و سرّی تینوں لطائف کے خیال سے لطیفہ اخفیٰ تک اُٹھا کر لے جانا اور پھر ناک کے راستے سے ھُو کو نکالنا۔

سبق ۸ ذکرِ اَرّہ اس کے بھی مختلف طریقے ہیں۔

اوّل زبان سے دائیں کندھے سے لفظ اللہ کھینچیں اور رُوحی لطیفہ پر یا سرّی لطیفہ پر سے ہٹتے ہوئے لطیفہ قلبی پر ھُو کو ختم کریں۔

دوئم دائیں کندھے سے یَا کو لطیفہ رُوحی تک لانا اور پھر لطیفہ رُوحی سے لطیفہ سرّی تک اللہ کہنا پھر لطیفہ سرّی سے لطیفہ قلبی تک یا ہو کہنا یعنی یَا اَللّٰہُ یَا ھُو کہے گا۔

سبق ۹ ذکرِ صفاتِ سبعہ یعنی سمیعٌ، بصیرٌ، کلیمٌ، حیٌّ، قدیرٌ، مرید، علیمٌ ان صفات کو مذکورہ تمام لطائف پر اس طرح زبان سے

پڑھنا کہ سمیع تُو ہے مَیں نہیں۔ بصیر تُو ہے مَیں نہیں، کلیم تُو ہے مَیں نہیں، حیّ تُو ہے مَیں نہیں۔ قدیم تُو ہے مَیں نہیں۔ مُرید تُو ہے مَیں نہیں۔ علیم تُو ہے مَیں نہیں۔

سبق ۱۰ سُلطان الاذکار

یعنی لطیفہ نفسی سے لفظ اللہ کو خیال سے اُٹھا کر اُوپر عرشِ معلّٰی تک لے جائے اور خیال کرے کہ وہاں تمام فرشتے اللہ تعالیٰ کی تسبیح میں مشغول ہیں اور چار بڑے فرشتے جبرئیلؑ و میکائیلؑ و عزرائیلؑ و اسرافیلؑ زور زور سے تسبیح پڑھ رہے ہیں۔ پھر عرشِ معلّٰی سے ھُوْ کو خیال کرتے ہوئے نیچے لانا اور ساتوں زمین کے نیچے تک یعنی تحت الثریٰ تک لے جانا ـــــ

سبق ۱۱ ذکر نفی و اثبات بحبسِ نفس

یعنی حبسِ دم کرکے سانس کو ناف کے نیچے روک کر خیال سے کہتا رہے اور لطائف ستّہ سے اس کو گزارے، طریقہ اس کا یہ ہے لطیفہ نفسی سے لَا کو لطیفہ سرّی تک لے جائے، پھر سرّی سے اِلٰہَ کو اخفیٰ تک لے جائے (وہ اس طرح کہ الف کو سرّی سے ل کو خفی سے ہ کو اخفیٰ سے) پھر رُوحی سے قلبی تک اِلَّا اللّٰہ کو پڑھنا ہے (وہ اس طرح کہ الف کو رُوحی سے لَّا کو سرّی سے اللہ کو قلبی سے) اور جب سانس گھٹنے لگے تو محمدؐ رسول اللہ خیال سے کہے۔

سبق ۱۲ مراقبہ نُورانی

مراقبہ نُورانی یعنی لطائفِ ستہ پر بیک وقت اللہ کی ضرب لگائے اور ساتھ ہی ان پر اسمِ ذات اللہ کو چمکتا ہُوا اور روشن خیال کرے اس طرح ان لطائف کو روشن کرنا ہے

سبق ۱۳

بعض مشائخ قادریہ نفی و اثبات کا اس طرح ذکر کراتے ہیں اور ابتدا اسباق کی اسی سے ذکر کرتے ہیں۔ یہ دوازدہ تسبیحات یعنی بارہ تسبیحات ہیں زبان سے کہے مگر آہستہ آہستہ اس قدر کہ ساتھ والا سُنے اور دُور آواز نہ جائے اور اس کے ساتھ رونے کی آواز ہو پہلے تین تسبیح لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کی وہ اس طرح کہ لَآ اِلٰہَ کو لطیفہ رُوحی سے سرّی تک اور اِلَّا اللّٰہ کو قلب پر زبان سے معمولی ضرب لگانا اور کبھی اس طرح تعلیم دیتے ہیں کہ لَا کو لطیفہ نفسی سے کھینچ کر اخفیٰ تک لیجانا اور اِلٰہَ کو دائیں کندھے تک لا کر غیر اللہ کی نفی کا تصوّر کرنا اور اِلَّا اللّٰہ کی قلب پر زبان سے ضرب لگانا اور اثباتِ ذات کا تصور کرنا اور کبھی اس طرح کہ لَآ اِلٰہَ کو پوری طاقت سے بدن کے اندر سے کھینچ کر اِلَّا اللّٰہ کی دل پر ضرب لگانا

اور کبھی اس طرح کہ لا کو ناف کے نیچے سے کھینچ کر باہر لائے اور دائیں کندھے تک پہنچائے
اور الٰہ کو اُمّ الدماغ سے نکالے اور اِلَّا اللہ کی دل پر بہت زور سے ضرب لگائے
اور تین تسبیح اِلَّا اللہ یعنی اِلَّا اللہ اِلَّا اللہ کی زبان سے دل پر ضرب لگانا پھر تین
تسبیح اللہ اللہ کی یعنی زبان سے اللہ اللہ کی دل پر ضرب لگانا پھر تین تسبیح ھُو ھُو کی یعنی
زبان سے ھُو ھُو کی دل پر ضرب لگانا۔

اشغال قادریہ

سبق شغل ۱۳ ۱ شغل برزخ اکبر ہے اس کے مختلف طریقے ہیں۔ ان میں سے آسان طریقہ یہ ہے کہ داہنی آنکھ کھلی رکھیں اور بائیں آنکھ بند رکھیں اور ناک کے داہنے نتھنے پر اللہ کے نور کا تصور کریں تاکہ فناء حقیقی حاصل ہو لیکن اس عمل میں شرط یہ ہے کہ پلک نہ جھپکے۔

سبق شغل ۱۵ ۲ شغل اسمِ ذات ہے وہ اس طرح کہ کاغذ پر قلب صنوبری کی سرخ یا نیلی تصویر کھینچ کر اس میں لفظ اللہ سونے یا چاندی کے پانی سے لکھ کر اس پر نظر رکھے یہاں تک کہ یہ نام اس کے دل پر نقش ہو جائے اس کی شکل یہ ہے (اللہ)

سبق شغل ۱۶ ۳ شغل دورہ ہے اس کا طریقہ یہ ہے دو زانو با وضو قبلہ رو ہو کر بیٹھے آنکھیں بند کر کے زبان کو تالو سے لگا کر دل کی زبان سے کہے

اَللّٰہُ سَمِیۡعٌ، اَللّٰہُ بَصِیۡرٌ، اَللّٰہُ عَلِیۡمٌ مگر یہ عروج و نزول کے دورہ کی صورت میں کہے
یعنی اَللّٰہُ سَمِیۡعٌ کہے اور اس کو خیال و تصور میں ایک نورانی خط کے ساتھ ناف سے
نکال کر وسطِ سینہ تک لے جائے یعنی لطیفہ سِرّی تک، پھر اَللّٰہُ بَصِیۡرٌ کہے اور اس کو
خیال و تصور میں سینہ سے نکال کر دماغ تک لے جائے یعنی لطیفہ اخفیٰ تک پھر اَللّٰہُ عَلِیۡمٌ
کہے اور اس کو خیال و تصور میں دماغ سے نکال کر عرش تک لے جائے۔

یہ دورہ عروج کا ہوا پھر دوسرا دورہ نزول کا ہوگا کہ ان منزلوں سے نیچے اُترتا ہوا
اَللّٰہُ عَلِیۡمٌ اَللّٰہُ بَصِیۡرٌ اَللّٰہُ سَمِیۡعٌ کہے یعنی اَللّٰہُ عَلِیۡمٌ کہے اور اس کو عرش سے

دماغ تک لائے، پھر اَللّٰہُ بَصِیْرٌ کہے اور دماغ سے وسط سینہ تک لائے پھر اَللّٰہُ سَمِیْعٌ کہے اور وسط سینہ سے ناف تک لائے۔ اسی طرح اس کی مشق کرے۔

مراقبات قادریہ

سبق ۱۷ مراقبہ ۱ حضور مع اللہ

حضور مع اللہ کی کیفیت پیدا کرنے کیلئے یہ مراقبہ ہے۔

اللہ حاضری اللہ ناظری اللہ معی، زبان سے کہے یا دل سے کہے وہ اس طرح کہ اللہ و حاضری کی ضرب دائیں کندھے پر اَللّٰہُ ناظری کی ضرب بائیں کندھے پر، اَللّٰہُ مَعِیْ کی ضرب سینہ پر تین بار کہے اور ان کے معنیٰ کا تصور کرے اور اس کا اسقدر استحضار کرے کہ ہر وقت یہ تصور ہو کہ اللہ تعالیٰ ہر وقت حاظر و ناظر اور میرے ساتھ ہے اور مجھے دیکھ رہا ہے تو ان الفاظ کا دل پر ایسا اثر ہوگا کہ انسان فرمانِ الٰہی کی تعمیل پر کمر بستہ ہو جائے گا اور گناہوں سے بچے گا اور حالات میں تبدیلی پیدا ہو جائے گی۔

سبق ۱۸ مراقبہ ۲

اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا کرنے کے لئے یہ مراقبات ہیں۔

ان آیات کا مراقبہ کرے آیت ۱ وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ اس آیت کو پڑھے اور اس کے معنیٰ کا تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں تم ہو، اور وہ ہمارے ظاہر و باطن کو دیکھ رہا ہے۔

آیت ۲ اس آیت کا مراقبہ کرے۔ اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْہُ اللّٰہِ کہ جدھر تم متوجّہ ہو تو وہاں اللہ کی ذات ہے۔

آیت ۳ اس آیت کا مراقبہ کرے۔ اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی یعنی انسان نہیں جانتا کہ اللہ اس کو دیکھتا ہے۔ اس کی نیکی و بدی خیر و شر کو دیکھ رہا ہے۔

آیت ۴ اس آیت کا مراقبہ کرے نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ یعنی ہم قریب تر ہیں انسان کی رگِ گردن سے۔

آیت ۵ یا اس آیت کا مراقبہ کرے۔ وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ یعنی اللہ ہر چیز کو

گھیرے ہوئے ہے۔

آیت نمبر ۶

یا اس آیت کا مراقبہ کرے، اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ یعنی اللہ میرا رب میرے ساتھ ہے وہ مجھ کو ہدایت کرے گا ——

آیت نمبر ۷ یا اس آیت کا مراقبہ کرے هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ یعنی اللہ تعالیٰ اوّل ہے اس سے پہلے کوئی چیز نہیں اور وہ آخر ہے جو بعد فنائے عالم باقی رہے گا اور وہ ظاہر ہے باعتبار اپنے افعال وصفات کے اور باطن ہے باعتبار اپنی ذات کے کہ اس کی حقیقت کو کوئی نہیں سمجھ سکتا ——

آیت نمبر ۸ یا اس آیت کا مراقبہ کرے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یعنی اللہ کا نور تمام جہانوں کو محیط ہے اور ہر زمان و مکان کو محیط ہے ——

سبق نمبر ۱۹ یا اس آیت ۹ کا مراقبہ کرے یُحِبُّهُمْ وَیُحِبُّوْنَهٗ یعنی اللہ ان کو دوست رکھتا ہے اور وہ اللہ کو دوست رکھتے ہیں ——

انقطاع عن الخلق اور توجہ الی الحق کہ غیر اللہ سے تعلق منقطع وختم ہوجائے ایک اللہ کیطرف متوجہ ہوجائے اس کے لئے مراقبہ ہے ——

مراقبہ نمبر ۳ مراقبۂ فنا ہے کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّکَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ کی آیت کا مراقبہ ہے (کہ جو زمین پر ہے وہ نیست و نابود ہونے والی ہے اور باقی رہے گی تیرے رب کی ذات —— جو بڑائی اور بزرگی والا ہے) طریقہ مراقبہ یہ ہے کہ تصور کرے کہ میں اور ساری کائنات فنا ہونے والی ہے اور جس کے لئے ہمیشہ بقا ہے وہ ایک اللہ کی ذات ہے یہ مراقبہ فنا کہلاتا ہے ——

سبق نمبر ۲۰ اپنی ہستی کو مٹانے کے لئے یہ مراقبہ ہے اس کو مراقبہ موت کہتے ہیں۔

مراقبہ نمبر ۴ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِیْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِیْکُمْ یعنی جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ تم کو ملنے والی ہے۔ یا اس آیت کا مراقبہ کرے اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ کُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَةٍ یعنی جہاں کہیں تم ہوگے موت تم کو پالیوے گی اگرچہ تم اونچے مضبوط برجوں میں ہو۔ طریقہ مراقبہ یہ ہے کہ تصور کرے کہ مجھ پر

موت آئے گی پھر مجھے غسل دیں گے، کفن دیں گے اور قبر میں رکھیں گے، اس طرح مراقبہ میں ان امور کا خیال کرے جس سے یہ خیال پختہ ہوگا کہ ہم مٹنے والے ہیں اور ہم نہ رہیں گے تو اس سے ہستی مٹے گی، عاجزی وانکساری پیدا ہوگی، کبر و غرور ختم ہوگا۔

سبق ۲۱ مراقبہ ۵ مراقبہ توحید افعالی کہ اللہ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ ہے یعنی تمام افعال وحرکات وسکنات جو جہان کے ہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں ان سب کو اللہ تعالیٰ سے سمجھے نہ کہ غیر سے۔ **فائدہ:** عنوان کے اعتبار سے پانچ مراقبات ہیں۔ اس لئے پانچ یا چودہ کے عدد کے ذکر میں کوئی حرج نہیں۔

برائے حل مشکلات ختم خواجگان قادریہ کا طریقہ

کسی بڑی بات کے حاصل ہوجانے کے لئے پہلے دو نفلیں پڑھے اس کے بعد ایک سو گیارہ بار سورۃ الم نشرح، اس کے بعد کلمہ تمجید ایک سو گیارہ بار اور سورہ یٰسین شریف ایک بار پڑھے، اور اگر بڑا ختم کرنا ہے تو سورہ الم نشرح ایک ہزار گیارہ مرتبہ پڑھے اور چھوٹے ختم کی صورت میں ایک سو اکتالیس بار، لیکن ہر صورت میں اس کے بعد ایک سو گیارہ بار درود شریف پڑھے اور خدا سے اپنی مراد مانگے۔

شجرہ مبارکہ سلسلہ قادریہ
کی تفصیل حسب ذیل ہے

۱۔ الٰہی بحرمت شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
۲۔ الٰہی بحرمت امیر المومنین اسد اللہ الغالب حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ تعالیٰ وجہہ
۳۔ الٰہی بحرمت سید شباب اھل الجنۃ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۴۔ الٰہی بحرمت سید شباب اھل الجنۃ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۵۔ الٰہی بحرمت حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۶۔ الٰہی بحرمت حضرت امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۷۔ الٰہی بحرمت حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ
۸۔ الٰہی بحرمت حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ
9 الٰہی بحرمت حضرت امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۱۰ الٰہی بحرمت حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ
۱۱ الٰہی بحرمت حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ
۱۲ الٰہی بحرمت حضرت سید جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ
۱۳ الٰہی بحرمت حضرت شیخ ابوبکر شبلی رحمۃ اللہ علیہ
۱۴ الٰہی بحرمت حضرت شیخ عبد الواحد رحمۃ اللہ علیہ
۱۵ الٰہی بحرمت شیخ ابوالفرج طرطوسی رحمۃ اللہ علیہ
۱۶ الٰہی بحرمت شیخ ابوالحسن ہنکاری رحمۃ اللہ علیہ
۱۷ الٰہی بحرمت شیخ ابوسعید مخزومی رحمۃ اللہ علیہ
۱۸ الٰہی بحرمت شیخ امام الطریقۃ محبوب سبحانی شیخ محی الدین جیلانی رحمۃ اللہ علیہ
۱۹ الٰہی بحرمت شیخ عبد الرزاق رحمۃ اللہ علیہ
۲۰ الٰہی بحرمت شیخ شرف الدین قتال رحمۃ اللہ علیہ
۲۱ الٰہی بحرمت شیخ سید بہاؤ الدین رحمۃ اللہ علیہ
۲۲ الٰہی بحرمت شیخ سید عبد الوہاب رحمۃ اللہ علیہ
۲۳ الٰہی بحرمت سید عقیل رحمۃ اللہ علیہ
۲۴ الٰہی بحرمت شمس الدین صحرائی رحمۃ اللہ علیہ
۲۵ الٰہی بحرمت سید گدائی رحمان اول رحمۃ اللہ علیہ
۲۶ الٰہی بحرمت سید ابوالحسن رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
۲۷ الٰہی بحرمت سید شمس الدین عارف رحمۃ اللہ علیہ
۲۸ الٰہی بحرمت سید گدائی رحمٰن ثانی رحمۃ اللہ علیہ
۲۹ الٰہی بحرمت شاہ فضیل رحمۃ اللہ علیہ

۳۰ الٰہی بحرمت شاہ کمال گیتلی رحمۃ اللہ علیہ
۳۱ الٰہی بحرمت شاہ سکندر رحمۃ اللہ علیہ
۳۲ الٰہی بحرمت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرھندی رحمۃ اللہ علیہ
۳۳ الٰہی بحرمت خازن الرحمۃ شیخ محمد سعید رحمۃ اللہ علیہ
۳۴۔ الٰہی بحرمت شیخ عبدالاحد رحمۃ اللہ علیہ
۳۵۔ الٰہی بحرمت شیخ محمد عابد رحمۃ اللہ علیہ
۳۶۔ الٰہی بحرمت حضرت شیخ مرزا جان جاناں شہید رحمۃ اللہ علیہ
۳۷۔ الٰہی بحرمت عبداللہ شاہ المعروف الشاہ غلام علی رحمۃ اللہ علیہ
۳۷۔ الٰہی بحرمت حضرت ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ
۳۸۔ الٰہی بحرمت شیخ احمد سعید رحمۃ اللہ علیہ
۳۹ الٰہی بحرمت حضرت دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ علیہ
۴۰۔ الٰہی بحرمت حضرت حاجی محمد عثمان رحمۃ اللہ علیہ
۴۱۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ سراج الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت امام السالکین حضرت مولانا حسین علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت مولانا محمد امیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت مولانا پیر طریقت والشریعت امام السالکین محمد عبداللہ صاحب بہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

الٰہی بحرمت سید العارفین فانی فی اللہ باقی باللہ سیدی ومولانا محمد عبدالحی صاحب بہلوی ثم شجاع آبادی ادام اللہ فیوضہم

الٰہی بحرمت حضرت شیخ الحدیث والتفسیر امام العلماء والصلحاء سیدی وسندی ومولائی وابی حضرت مولانا شفیق الرحمٰن صاحب درخواستی

افقر الی اللہ
حماد اللہ درخواستی

دوسرا شجرہ سلسلہ قادریہ

جو شیخ الاسلام حافظ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستیؒ کا ہے!

۱۔ الٰہی بحرمت شفیع المذنبین سید المرسلین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم!

۲۔ الٰہی بحرمت امیر المومنین اسد اللہ الغالب حضرت علیؓ بن ابی طالب!

۳۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ

۴۔ الٰہی بحرمت خواجہ حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ

۵۔ الٰہی بحرمت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ

۶۔ الٰہی بحرمت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ

۷۔ الٰہی بحرمت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ

۸۔ الٰہی بحرمت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ

۹۔ الٰہی بحرمت شیخ ابوبکر شبلی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۔ الٰہی بحرمت سید عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۔ الٰہی بحرمت سید عبدالواحد رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۔ الٰہی بحرمت سید ابوالفضل رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۔ الٰہی بحرمت سید ابوالفرح محمد بن عبداللہ الطرطوسی رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۔ الٰہی بحرمت سید علی ابن احمد رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۔ الٰہی بحرمت سید ابی سعید مبارک بن علی مخزومی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۔ الٰہی بحرمت سیدنا و مولانا و ھادینا سید محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۔ الٰہی بحرمت شیخ عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۔ الٰہی بحرمت صوفی صفی الدین رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۔ الٰہی بحرمت سید احمد رحمۃ اللہ علیہ

۲۰۔ الٰہی بحرمت سید محمد مسعود رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۔ الٰہی بحرمت سید علی رحمۃ اللہ علیہ

۲۲۔ الٰہی بحرمت سید شاہ میر رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۔ الٰہی بحرمت سید شمس الدین محمد اول رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۔ الٰہی۔ بحرمت سید محمد غوث رحمۃ اللہ علیہ

۲۵۔ الٰہی۔ بحرمت سید عبدالقادر ثانی رحمۃ اللہ علیہ

۲۶۔ الٰہی۔ بحرمت سید عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ

۲۷۔ الٰہی۔ بحرمت سید عبدالقادر ثالث رحمۃ اللہ علیہ

۲۸۔ الٰہی۔ بحرمت سید شمس الدین محمد شاہ ثانی رحمۃ اللہ علیہ

۲۹۔ الٰہی۔ بحرمت سید عبدالقادر رابع رحمۃ اللہ علیہ

۳۰۔ الٰہی۔ بحرمت سید شمس الدین محمد ثالث رحمۃ اللہ علیہ

۳۱۔ الٰہی۔ بحرمت سید حامد شاہ رحمۃ اللہ علیہ

۳۲۔ الٰہی۔ بحرمت سید شمس الدین محمد شاہ رابع رحمۃ اللہ علیہ

۳۳۔ الٰہی۔ بحرمت سید صالح شاہ رحمۃ اللہ علیہ

۳۴۔ الٰہی۔ بحرمت سید عبدالقادر خامس رحمۃ اللہ علیہ

۳۵۔ الٰہی۔ بحرمت سید محمد بقا شہید رحمۃ اللہ علیہ

۳۶۔ الٰہی۔ بحرمت سید محمد راشد روضہ والے رحمۃ اللہ علیہ

۳۷۔ الٰہی۔ بحرمت سید حسن شاہ سوئی والے رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی۔ بحرمت قطب الوقت حافظ محمد صدیقؒ

الٰہی۔ بحرمت خلیفہ غلام محمد دین پوریؒ

الٰہی۔ بحرمت شیخ المشائخ قطب الاقطاب مولانا ابوالحسن شاہ تاج محمود امروٹیؒ

الٰہی۔ بحرمت احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی۔ بحرمت حضرت مولانا عبدالہادی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی۔ بحرمت حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی۔ بحرمت حضرت شیخ الحدیث والتفسیر امام العلماء والصلحاء
سیدی وسندی ومولائی وابی حضرت مولانا شفیق الرحمن صاحب درخواستی

افتقر الی اللہ
حماد اللہ درخواستی

اسباق سلسلہ عالیہ نقشبندیہ

پہلے انکی اصطلاحات ذکر کیجاتی ہیں!

(اصطلاحات نقشبندیہ)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ آٹھ اصطلاحات حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی نقشبندی سے منقول ہیں اور تین اصطلاحات حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندی سے منقول ہیں یہ گیارہ اصطلاحات ہیں جنکا اجمالی ذکر حسب ذیل ہے

۱۔ ہوش دردم ۲۔ نظر برقدم ۳۔ سفر دروطن ۴۔ خلوت درانجمن
۵۔ یاد کرد ۶۔ بازگشت ۷۔ نگہداشت ۸۔ یادداشت، یہ خواجہ عبدالخالق سے منقول ہیں ۹۔ وقوف زمانی ۱۰۔ وقوف عددی ۱۱۔ وقوف قلبی یہ خواجہ بہاؤالدین سے منقول ہیں

اب ان کی تشریح وتفصیل ذیل ہے۔ **اصطلاح ۱۔ ہوش دردم** یعنی سانس کے ساتھ ہوشیار وبیدار رہنا کہ میرا یہ سانس خدا کی یاد میں گزرا یا غفلت میں یعنی کوئی سانس اللہ کی یاد کے بغیر نہ گزرے نہ اندر آنے والا سانس نہ باہر جانے والا سانس۔

اسی کو پاس انفاس کہتے ہیں اور اسی کو محاسبہ کہتے ہیں۔ جیسا کہ امیر المؤمنین سیدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے۔

حَاسِبُوا قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوا کہ اپنا محاسبہ کرو پہلے اس کے کہ تمہارا حساب لیا جائے۔

اصطلاح ۲۔ نظر برقدم اس کا ایک مطلب یہ ہے کہ سالک اپنے چلنے کے وقت اپنے پاؤں کی پشت پر نگاہ رکھے اور بیٹھنے کے وقت اپنے آگے دیکھے۔ تاکہ اس کی نگاہ محدود ہوجائے کسی غیر محرم پر نظر نہ پڑے اور مختلف محسوسات کے دیکھنے سے خیالات

منتشر ہوں گے اور نظر کے محدود کرنے سے جمعیّتِ قلب حاصل ہوگی ــــ

دُوسرا مطلب یہ ہے کہ سالک ہر وقت خیال رکھے کہ میرا قدم شریعت کے خلاف تو نہیں جارہا، اگر شریعت کے خلاف ہے تو اس کو چھوڑے اور اگر شریعت کے موافق ہے تو اس عمل کو جاری رکھے ــــ

اصطلاح ۳ سفر دَر وطن اس کے دُو مطلب ہیں۔ مطلب ۱ رُوحانی سفر مُراد ہے

یعنی سالک صفاتِ بشریہ رذیلہ جیسے حسد تکبر غیبت وغیرہ) سے صفاتِ ملکیہ فاضلہ کی طرف ترقی کرتا ہے اور باطنی سفر کرتا ہے۔ لہٰذا سالک پر واجب ہے کہ اپنے نفس کو دیکھے کہ اسمیں خلق وغیرُ اللہ کی محبّت تو باقی نہیں ہے۔ اگر غیر کی محبّت پائے تو لَا اِلٰہ اِلَّا اللہ کی ضرب سے غیر کی نفی کر کے اللہ کی محبّت دل میں لائے ــــ

مطلب ۲۔ وطن سے مُراد وطنِ دُنیا ہے اور سفر سے مُراد سفرِ آخرت ہے یعنی ہر وقت مَوت کا خیال رہے ــــ

اصطلاح ۴ خلوت دَر انجمن یعنی سالک کا دل تمام حالات میں اللہ کی یاد میں مشغول رہے خواہ کلام کرنا یا کھانا پینا، اُٹھنا، بیٹھنا۔ چلنا، پھرنا، سونا، جاگنا ہو ہر حال میں ذاکر رہے، اس کی دلیل رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔ (ترجمہ) یہ مرد ہیں کہ جن کو تجارت اور بیع اللہ کے ذکر سے غافل نہیں کرتی، ــــ

اصطلاح ۵ یاد کرد ہر وقت اپنے آپ کو ذکرِ لسانی و قلبی میں لگائے رکھے۔ بعض نے اس کا مطلب یہ ذکر کیا کہ اگر ایک مجلس میں بیٹھا ہے وہ لوگ اپنی باتوں میں مشغول ہیں تو یہ ذکرِ الٰہی سے توجہ نہ ہٹائے، ان کا شور و غل یا ان کی گفتگو اس کو ذکر سے نہ ہٹائے، یعنی ظاہراً مخلوق کے ساتھ بیٹھا ہے مگر اندر سے خالق کے ساتھ ہو۔

اصطلاح ۶ باز گشت یعنی ذکر کے بعد مُناجات کی طرف رجوع کرے، باہمّت ہو کر دُعا کرے ــــ

يَارَبِّ اَنْتَ مَقْصُوْدِيْ تَرَكْتُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ لَكَ اَتْمِمْ عَلَيَّ نِعْمَتَكَ	اے اللہ تُو میرا مقصود ہے میں نے دُنیا و آخرت کو تیرے لئے چھوڑا ہے اپنی نعمت

وَارْزُقْنِیْ وَصُوْلَکَ التَّام۔ | میرے لئے تام کر اور مجھے وصول تام نصیب فرما۔

اور کہے، خداوندا مقصودِ من توئی و رضائے تو مرا محبت و معرفت خود بدہ،

یعنی، اے خدا میرا مقصود تو ہی ہے اور تیری رضا ہے۔ مجھے اپنی محبت و معرفت عطا فرما۔

اصطلاح ۷، نگاہداشت

یعنی سالک نفس کی باتوں اور وسوسوں کو اپنے دل سے دُور کرے، یعنی اگر دل میں خطرات و وساوس آنے لگیں تو فوراً اس کو دُور کرے، اس کے دُور کرنے کا ایک طریقہ اس وساوس سے بے خیال ہو جائے، دُوسرا طریقہ ذکر میں محو ہو جائے۔ تیسرا طریقہ شیخ کی توجہ سے اس کا علاج ہو، بعض نے اس کا مطلب ذکر کیا ہے کہ ہر وقت دل پر نگاہ ہو --- کہ میرا دل اللہ کے ذکر سے غافل تو نہیں ہو گیا۔

اصطلاح ۸، یادداشت

یعنی ہر وقت توجہ صرف ذاتِ حق کی طرف لگائے رہے اور اسی کی طرف ذوق و شوق سے متوجہ رہے۔

اِصطلاح ۹، وقوفِ زمانی

یعنی سالک ہر وقت اپنے حال کا واقف رہے اور ہر ساعت میں تامل کرے اور اوقات کا محاسبہ کرے، اگر اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کی ہے تو شکر کرے اور اگر غفلت و گناہ ہوا ہو تو استغفار کرے اور آئندہ اس کام کا نہ کرنے کا عزم کرے۔

اِصطلاح ۱۰ وقوفِ عددی

یعنی نفی و اثبات کے ذکر میں طاق عدد کی رعایت کرے کیونکہ حدیث شریف میں ہے۔

اَللّٰہُ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ | اللہ طاق (ایک) ہے اور طاق کو پسند کرتا ہے

اِصطلاح ۱۱ وقوفِ قلبی

یعنی ہر وقت قلب کیطرف اللہ تعالیٰ کی یاد کا دھیان کرنا خصوصاً اذکار کے وقت تاکہ غیر کی محبت سے دل فارغ ہو جائے اور بیرونی خطرات اور غیر اللہ کی طرف توجہ دل میں باقی نہ رہے۔ خلاصہ یہ کہ جیسے مُرغی انڈوں پر بیٹھ جاتی ہے تاکہ کوئی انڈا پروں سے باہر نہ جائے۔ اسی طرح سالک قلب پر ہر وقت نگاہ رکھے کہ اس میں غیر کی محبت نہ آئے نہ دنیا کی محبت، نہ جن اور جن کی محبت نہ کسی غیر اللہ کی محبت آئے۔ مقصود ان اصطلاحات سے یہ ہے کہ خلافِ سُنت

سے پرہیز کرے، سُنّت پر عمل کرے، یہی بیعت و تصوّف و ولایت کا مقصود ہے

اذکار و اشغال نقشبندیہ

سلسلۂ نقشبندیہ میں طریقۂ ذکر پہلے تین مرتبہ دُرُود شریف پڑھیں پھر تین مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھیں دُرُود کی برکت سے استغفار قبول ہوگی، پھر سورۃ فاتحہ تین بار، سورۃ اخلاص تین بار، سورۃ فلق تین بار، سورۃ ناس تین بار، سورۃ الم نشرح تین بار یا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ تین بار یا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ تین بار یا رَفِیْعَ الدَّرَجَاتِ تین بار یا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ تین بار یا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ تین بار، یا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ تین بار یا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ تین بار یا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ تین بار پڑھیں اس کا ثواب مشائخ نقشبندیہ کو بخشیں۔ اس کے بعد دُعا کریں کہ یا اللہ! مجھے اپنا فضل اور اپنی محبّت اور اپنی معرفت عطا فرما۔ پھر ذکر شروع کریں۔

فائدہ ۱ مشائخ نقشبندیہ کے بزرگوں نے صفائی باطن کے لئے تین طریقے بیان کئے ہیں۔ پہلا طریقہ ذکر کرنا ہے ۲۔ دُوسرا طریقہ مراقبہ کرنا ہے۔ ۳۔ تیسرا طریقہ شیخ سے رابطہ رکھنا ہے۔ ان امور کے ساتھ سلوک کا راستہ جلدی طے ہوتا ہے۔ اس لئے نقشبندیہ اسباق میں ہم پہلے ذکر و شغل کے اسباق بیان کریں گے جو نو ۹ ہیں، پھر مراقبات جو چھبیس ۲۶ ہیں۔ کُل اسباق پینتیس ۳۵ ہیں مگر ان کی تعلیم حسبِ استعداد ہوتی ہے۔ بعض بزرگ مراقبہ احدیت کے بعد اجازتِ بیعت دے دیتے ہیں اگر سالک کو کمال حاصل ہو جائے تو بعض ولایتِ صغریٰ تک تعلیم ختم کر دیتے ہیں اور بعض مکمّل تعلیم کراتے ہیں تا کہ اسرارِ مخفیہ کھلیں اور قُربِ خداوندی میں اضافہ ہو۔

فائدہ ۲ قلب کے جاری ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ پستان حرکت کرنے لگے یا پستان کے اُوپر کپڑا ہلتا ہُوا نظر آئے بلکہ قلب جاری ہونے کا مطلب توجّہ الی اللہ کا حاصل ہونا ہے۔

فائدہ ۳ لطیفۂ قلب کے ذکر و مراقبہ کی مدّت یہ ہے کہ یہ اتنے تک جاری

رہے جبتک اعمالِ صالحہ کی محبّت پیدا ہو جائے اور بُرے اعمال سے ایسی نفرت ہو جائے جیسے مُردار سے بدبُو آئے ۱۲۔

اسباق نقشبندیہ

سبق نمبر ۱ ذکر لطیفہ قلبی جس کا طریقہ یہ ہے کہ دوزانو یا چوکڑی مار کر یا جس طرح بیٹھنے میں آسانی ہو باوضو اور قبلہ رُخ ہو کر بیٹھیں اور اپنے چہرہ پر چادر یا بڑا رومال ڈال کر اس کو ڈھانک ڈالیں اور اگر برداشت نہ کریں تو کپڑا نہ ڈالیں زبان تالو کو لگالیں آنکھیں بند کرلیں تاکہ ناک سے سانس حسبِ معمول آتا جاتا رہے۔ دل کو تمام خیالات سے خالی کرکے پوری توجہ اور نہایت ادب کے ساتھ خیال کریں کہ میرا دل اللہ اللہ کر رہا ہے زبان سے آواز نہ نکالیں تسبیح ہاتھ میں لے لیں، اُدھر سے تسبیح کا دانہ جلدی جلدی سے چلتا جائے اِدھر سے دل پر اللہ اللہ کا خیال گزرتا جائے ۔

خیال کی توجہ دل کی طرف اور دل کی توجہ اللہ کی طرف ہو۔ اور اَللہ کے معنیٰ کا لحاظ رکھیں کہ وہ ایک ذات ہے جو تمام صفاتِ کاملہ سے موصوف ہے اور ہر قسم کے عیوب و نقصانات سے پاک ہے ہر وقت اس ذکر کا خیال رکھے یہاں تک کہ دل ذکرِ الٰہی کے ساتھ جاری ہو جائے اور ہر وقت چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے دل کو اللہ کی طرف متوجہ رکھے اور ہر وقت خیال کی زبان سے مراقبہ میں بیٹھ کر اللہ اللہ کے ذکر میں مشغول ہونے سے اور ذکر کرنے سے دل میں ذکر جاری ہو جاتا ہے اور اس سے دل کو سکون و اطمینان حاصل ہوتا ہے اور دل روشن ہو جاتا ہے اور انسان اچھے اخلاق سے مزیّن ہو جاتا ہے اور بُری عادات کو چھوڑ دیتا ہے۔

اب ہر لطیفہ میں سات اُمور پیشِ نظر رکھیں ۱ نیت ۲ مخالف ۳ علاج ۴ تسبیح ۵ مجاہدہ ۶ وصول کی علامت ۷ اثر و نتیجہ تو لطیفہ قلبی کے لیے سات چیزیں یہ ہیں۔

نیت ۱ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ مَقْصُوْدِیْ وَرِضَاکَ مَطْلُوْبِیْ اٰتِنِیْ حُبَّکَ

یا اللہ تُو میرا مقصود ہے اور تیری رضا میرا مطلوب ہے مجھے اپنی ذات کی اور اپنے

وَحُبَّ حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ (صلی اللہ علیہ وسلم) وَاٰتِنِیْ مَغْفِرَتَكَ	محبوب پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت عطا فرما، اور اپنی معرفت عطا فرما۔

(مخالف[۲]) خواہشاتِ نفسانی ہیں۔ (علاج[۳]) کثرت سے استغفار کرنا اور نوافل پڑھنا اور نفلی روزے رکھنا (تسبیح[۴]) روزانہ ایک سو بار یہ دعا پڑھنا:

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ عَنْ غَیْرِكَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ وَمَحَبَّتِكَ وَمَحَبَّةِ حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

(مجاہدہ) استغفار ایک لاکھ بار اور اسم ذات اَللّٰہ اَللّٰہ دو لاکھ بار زبان سے کریں۔

(وصول کی علامت[۱]) یعنی لطیفۂ قلب کے اپنے اصل تک پہنچنے کی علامت یہ ہے کہ اس کی توجہ بلندی کی طرف مائل ہو جائے اور تمام جہات سے بھول جائے اور ذکر میں صرف ذاتِ حق سے محویت ہو جائے اور ماسوی اللہ سے غفلت ہو جائے۔

(اثر[۲] و نتیجہ) وہ شہوت جو اس لطیفہ سے تعلق رکھتی ہے اور سالک کو کھینچ کر محبوبِ حقیقی سے غافل کرتی ہے اب اس کی اصلاح ہو جاتی ہے تو محبوبِ حقیقی کی محبت اور رضا جوئی کی طرف رغبت بڑھنے لگتی ہے غفلت دور ہو جاتی ہے اور ہر کام کو شریعت کے مطابق کرنے کا خیال رہتا ہے۔

سبق ۲: ذکر لطیفہ روحی، اس لطیفہ کا ذکر بھی خیال سے کرے، مقامِ روح پر اسمِ ذات اللہ کا ذکر اسی طرح کرے جس طرح لطیفہ قلب میں ذکر ہوا ہے۔

(نیت[۱]) سابقہ ہے۔

مخالف[۲]: غصہ و غضب ہے۔ علاج[۳]۔ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ اِغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَاَذْهِبْ غَیْظَ قَلْبِیْ وَاَجِرْنِیْ مِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا اَحْیَیْتَنَا۔

تسبیح[۴]: روزانہ ایک سو بار یہ دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ اَحْیِ رُوْحِیْ

حَیٰوۃً طَیِّبَۃً اَبَدًا اَبَدًا۔ **مجاہدہ**[۵] : لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ایک لاکھ بار اور اسمِ ذات اَللّٰہ اَللّٰہ دو لاکھ بار زبان سے کریں۔

وصولٌ کی علامت اس لطیفہ کے اپنے اصل تک پہنچنے کی علامت یہ ہے کہ لطیفہ ذکر سے جاری ہو جائے اور جو کیفیات ذکرِ قلبی سے حاصل ہوئیں ان میں ترقی ہو جائے یعنی اس لطیفہ کے مقام پر دھڑکن اور سوز و سرور اور ذوق و وجد معلوم ہوتا ہے اور بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

اثر و نتیجہ جب یہ لطیفہ ذکر سے جاری ہو جاتا ہے تو غضب و غصہ جو پہلے سے طبیعت میں تھا اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ اور وہ شریعت کے تابع ہو جاتا ہے۔

سبق ۳ ذکر لطیفہ سِرّی اس میں بھی لطیفہ قلب و روح کیطرح اسمِ ذات کا ذکر کرے۔ **نیت** سابقہ ہے۔

(**مخالف**) حرص و لالچ ہے۔ (**علاج**) ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دُعا پڑھیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْحِرْصِ وَ الطَّمَعِ (**تسبیح**) روزانہ ایک سو بار یہ دُعا پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ مَتِّعْ سِرِّیْ بِسِرِّکَ اَبَدًا اَبَدًا (**مجاہدہ**) سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ایک لاکھ بار اور اسمِ ذات اَللّٰہ اَللّٰہ دو لاکھ بار زبان سے کریں۔

وصول کی علامت، اس کے اپنی اصل تک پہنچنے کی علامت یہ ہے۔ لطیفہ میں ذکر جاری ہو جائے اور کیفیات میں مزید ترقی ہو جائے۔ یعنی اسمیں ذکر آہستہ آہستہ چلتا محسوس ہوتا ہے، اگر زیادہ ذکر کرے تو زیادہ محسوس ہوتا ہے۔

اثر و نتیجہ اسمیں حرص کی اصلاح ہو جاتی ہے اب مال کو شریعت کے کاموں میں خرچ کرنے اور نیکیوں کے حاصل کرنے کی حرص پیدا ہو جاتی ہے۔ حرصِ مال ختم ہو جاتی ہے۔

سبق ۴ ذکر لطیفہ خفی

اسمیں بھی حسب سابق لطیفہ خفی پر اسم ذات اللہ کا ذکر کرے۔ نیت[1] سابقہ ہے

مخالف[2]: حسد و بخل ہے۔ **علاج** ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دُعا پڑھیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْحَسَدِ وَالْاَمَلِ **تسبیح** یَالَطِیْفُ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ ایک سو بار روزانہ پڑھیں۔ **مجاہدہ**۔ ایک لاکھ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اور دو لاکھ بار اسم ذات اَللّٰہ اَللّٰہ زبان سے کریں۔

وصول کی علامت[3] اس لطیفہ کے اپنی اصل تک پہنچنے کی علامت یہ ہے کہ اس لطیفہ میں ذکر جاری ہو جائے اور جلی یا خفی طور پر حرکت محسوس ہو

اثر و نتیجہ کہ اوصاف رذیلہ یعنی حسد و بخل کی بیماریوں سے نجات حاصل ہوتی ہے اس لطیفہ پر عجیب و غریب احوال ظاہر ہوتے ہیں

سبق ۵ ذکر لطیفہ اخفیٰ

اسمیں بھی حسب سابق لطیفہ اخفیٰ پر اسم ذات اللہ کا ذکر کرے۔ نیت[1] سابق ہے۔

مخالف[2] فخر و تکبر ہے۔ **علاج** ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں:۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکِبْرِ وَالْفَخْرِ **تسبیح** روزانہ ایک سو بار یہ دُعا پڑھیں: اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَہَادَۃً فِیْ سَبِیْلِکَ وَاجْعَلْ مَوْتِیْ فِیْ بَلَدِ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ **مجاہدہ** پچاس ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ رَغْبَتِیْ اِلَیْکَ وَاجْعَلْ غِنَایَ فِیْ صَدْرِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ مَا رَزَقْتَنِیْ فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ رَبِّیْ اور دو لاکھ بار اسم ذات اَللّٰہ زبان سے کریں۔

وصول کی علامت[3] اس کے اپنی اصل تک پہنچنے کی علامت یہ ہے کہ اس لطیفہ میں ذکر جاری ہو جائے اور ذکر کرتے ہوئے پانچوں لطائف پر یکبارگی دھڑکن محسوس ہو

اثر و نتیجہ اس لطیفہ کے طے کرنے سے تکبر و فخر جیسی بیماری ختم ہو جاتی ہے اور عاجزی انکساری

پیدا ہو جاتی ہے۔ عاجزی کی عادت بڑھ جاتی ہے۔

سبق ۶ ذکر لطیفہ نفس

اسمیں بھی حسب سابق لطیفہ نفس پر اسم ذات اللہ کا ذکر کرے۔ نیّت سابقہ ہے۔

(مخالف ؁) ریا ہے۔ علاج ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الشِّرْکِ الْاَصْغَرِ وَالْاَکْبَرِ تسبیح: اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ روزانہ ایک سو بار پڑھیں۔ (مُجاہدہ) رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَةً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ پچاس ہزار مرتبہ پڑھیں اور دو لاکھ بار اسم ذات اَللّٰہ اَللّٰہ زبان سے کریں۔

وصول کی علامت اس کے اپنی اصل تک پہنچنے کی علامت یہ ہے کہ اس لطیفہ میں ذکر جاری ہو جاتا ہے اور میٹھا میٹھا درد محسوس ہوتا ہے بعض کو پیشانی سے انوار نکلتے نظر آتے ہیں آثر و نتیجہ نفسانیت و سرکشی مٹ جاتی ہے۔ نیاز مندی کا مادّہ پیدا ہو جاتا ہے اور ذکر میں شوق زیادہ ہو جاتا ہے۔

سبق ۷ ذکر لطیفہ سلطان الاذکار (قالبیہ)

اس میں بھی حسب سابق لطیفہ قالبیہ پر ذکر اسم ذات اللہ کرے۔ نیت سابقہ ہے۔

(مُخالف ؁) غفلت و سستی۔ علاج ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْغَفْلَةِ وَالْکَسَلِ تسبیح روزانہ ایک سو بار یہ دعا پڑھیں اَللّٰھُمَّ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ بِذِکْرِکَ (مُجاہدہ) رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِیْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَا اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝ پچاس ہزار اور دو لاکھ بار اسم ذات اَللّٰہ اَللّٰہ زبان سے کریں۔

وصول کی علامت اس کے حاصل ہونے کی علامت یہ ہے کہ سالک کے جسم کا گوشت پھڑکنے لگتا ہے، کبھی پورا بدن، کبھی بدن کا کوئی حصہ حرکت کرنے لگتا ہے۔ **اثر و نتیجہ** - اس سے تمام بدن میں بلکہ ہر ہر بال اور ہر ہر عضو میں ذکر جاری ہو جاتا ہے
پہلے لطائفِ سبعہ میں ذکر جاری کرایا گیا اب حبسِ دم

سبق ۸، ذکر نفی و اثبات

یعنی لطائف کے ذاکر ہونے کے بعد اب حبس دم کر کے نفی و اثبات کا ذکر کرایا جاتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے اپنے سانس کو ناف کے نیچے بند کرے یعنی اندر کی طرف خوب سانس کھینچ کر ناف کی جگہ پر سانس روک لے اور خیال کی زبان سے لا کو ناف سے نکال کر اپنے دماغ تک پہنچائے پھر لفظ اِلٰہ کو دائیں کندھے پر لے جائے اور لفظ اِلَّا اللّٰہ کو پانچوں لطائف عالم امر میں سے گزار کر دل پر قوتِ خیال سے اتنی طرح شدّ و مدّ کے ساتھ ضرب کرے کہ ذکر کا اثر تمام لطائف پر پہنچے اور اس طرح ایک دفعہ سانس روکنے کی حالت میں چند بار ذکر کرے، پھر سانس چھوڑتے وقت مُحَمَّدٌ رسولُ اللّٰہ خیال کی زبان سے کہے اور ذکر کرتے وقت اس کے معنی کا خیال رکھے کہ سوائے ذاتِ حق کے کوئی مقصود نہیں اور لا کے وقت اپنی ہستی اور تمام موجودات کی نفی کرے اور اِلَّا اللّٰہ کے وقت ذاتِ حق کا اثبات کرے۔

ایک سانس میں طاق عدد ذکر کرنے کی رعایت کرے یعنی ابتداء میں تین بار پھر پانچ بار پھر سات بار، یہاں تک مشق کرے کہ ایک سانس میں اکیس عدد تک پہنچے، اگر ۲۱ بار تک پہنچایا اور کوئی فائدہ نہ ہوا تو پھر سے شروع کرے، چند بار ذکر کرنے کے بعد نہایت عاجزی سے التجا کرے کہ یا اللّٰہ! تو میرا مقصود ہے اور میں تیری رضا کا طالب ہوں مجھے اپنی محبّت و معرفت عطا فرما۔ اس کو بازگشت کہتے ہیں۔ نیز اپنی توجّہ دل کی طرف اور دل کو اللّٰہ کی ذات کی طرف متوجّہ رکھے۔ اس کو وقوفِ قلبی کہتے ہیں جو نہایت ضروری ہے اور اس کے بغیر نسبتِ کامل ہونا مشکل و محال ہے۔ پھر دل کو وساوس و خطرات سے بچائے اس کو نگہداشت کہتے ہیں ——

اثرات اس ذکر کے اثرات یہ ہیں کہ حرارتِ قلب، ذوق وشوق، رقت قلبی ونفی خواطر وزیادتی محبت حاصل ہوتی ہے۔ اور اگر کسی کو سانس روک کر ذکر کرنے میں تکلیف ہوتی ہو تو وہ بغیر سانس روکے ذکر کرے۔

گرمیوں میں حبس دم سے ذکر نہ کریں اور سردیوں میں طبیعت کے مطابق کمی بیشی کر کر سکتے ہیں۔ سانس کو زیادہ نہ روکیں خفقانی نہ ہو جائے۔

سبق ۹ ذکر تہلیلِ لسانی اس ذکر کا طریقہ وہی ہے جو اوپر نفی واثبات میں ذکر ہوا ہے مگر اس میں سانس نہیں روکا جاتا بلکہ شرائطِ سابقہ مذکورہ زبان کے ساتھ ذکر کیا جاتا ہے۔ اس کی ادنیٰ تعداد گیارہ سو مرتبہ، اعلیٰ درجہ پانچ ہزار، اس سے زیادہ کرے تو زیادہ فائدہ ہوگا۔ ایک وقت میں نہ کر سکے تو دن رات کے مختلف اوقات میں تعداد پوری کر لے۔

اثرات حسبِ سابق ہیں سابقہ دو طریقہ کے ذکر نفی واثبات میں حضورِ قلب ونفی خطرات ولطائف کے اپنے مقامات سے فوق الفوق کی طرف کشش اور دل پر فوق یا کسی اور جانب سے واردات کا نزول ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ واردات کا نزول ہو کر سالک پر فنا کا غلبہ ہو جاتا ہے۔

(باطن کی صفائی کے لئے دوسرا طریقہ مراقبات کا ہے)
(ہر مراقبہ کی نیت واثرات کو ساتھ ذکر کیا جائے گا۔)
پہلا مراقبہ احدیت کا ہے۔ پھر مشارب ہیں پھر دیگر مراقبات ہیں۔

مراقبہ ومشرب کی معنوی تحقیق،

رئیس السالکین حضرت مولانا حسین علیؒ فرماتے ہیں:۔
مراقبات، جمع مراقبہ کی ہے اور مراقبہ تراقب سے ہے جس کا معنی فیضِ الٰہی کا انتظار کرنا ہے۔ تحفۂ ابراہیمیہ ص۱۳۶)

حضرت شاہ ابو سعیدؒ دہلوی فرماتے ہیں :۔
مراقبہ کا معنی دل کو غیر کے خیالات سے محفوظ رکھنا، یعنی دل کو وساوس سے خالی کر کے فیضِ خداوندی کا انتظار کرنا، جس لطیفہ پر فیض وارد ہو تو اس کو مورِدِ فیض کہتے ہیں۔
مشارب. جمع مشرب کی ہے، مشرب کا معنی گھاٹ۔ جس طرح دریا ہے اور دریا کا پانی گھاٹ سے پیا جاتا ہے۔ اسی طرح وصول فیوضات وسائط و ذرائع سے متوقع ہو تو اسے مشرب کہتے ہیں تاکہ جس کے واسطے سے فیض آرہا ہے۔ سالک اس کی صفات میں فنا ہو کر واصل باللہ ہو سکے۔

سبق ۱۰ مراقبہ احدیت

نیت. کہ میرے لطیفہ قلب پر اس ذات سے فیض آرہا ہے جو تمام کمالات و خوبیوں کی جامع ہے اور تمام عیوب و نقائص سے پاک ہے، یہ نیت کر کے فیضانِ الٰہی کے انتظار میں بیٹھا رہے۔
اثرات، اللہ کی طرف دل کی توجہ کا پیدا ہونا اس کو حضور کہتے ہیں اور خطراتِ قلبی کا زائل ہونا یا کم ہونا اس کو جمعیت کہتے ہیں لہٰذا اس مراقبہ میں سالک کو حضور اور جمعیت کی نسبت حاصل ہوتی ہے۔ اب مراقبہ احدیت کے بعد مراقباتِ مشارب کی تعلیم دی جاتی ہے۔ ان مراقبات کے ذریعہ سالک کو مقامِ فنا حاصل ہوتا ہے۔
بعض حضرات مراقبہ احدیت تک اسباق ختم کر دیتے ہیں اور اگر سالک کو کمال حاصل ہو جائے تو اجازتِ بیعت دے دیتے ہیں۔

مراقباتِ مشارب

یہ پانچ مراقبات ہیں۔

سبق ۱۱ مراقبہ لطیفہ قلب
مشرب آدم علیہ السلام

نیت) اپنے لطیفہ قلب کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ قلب مبارک کے مقابل تصور کر کے زبانِ خیال سے التجا کرے کہ یا الٰہی تجلیاتِ افعالیہ کا وہ فیض جو آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ قلب سے حضرت آدم علیہ السلام کے لطیفہ قلب میں القاء فرمایا پیرانِ کبار و بزرگان

دین کے طفیل میرے لطیفہ قلب میں بھی القا فرمادے۔

اثرات اس لطیفہ کے مراقبہ میں سالک کی نظر میں اپنے افعال اور تمام مخلوق کے افعال پوشیدہ ہوجاتے ہیں اور ایک فاعلِ حقیقی کے فعل کے سوا اس کی نظر میں کچھ نہیں آتا بلکہ کائنات کی ذات و صفات کو اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کا مظہر دیکھتا ہے یعنی ماسوا اللہ کو بھول جاتا ہے اوصافِ آدم کا حضور ہونے لگتا ہے۔ اس کو فنائے لطیفہ قلب کہتے ہیں۔

فائدہ تجلیاتِ افعالیہ کی توضیح

اگر صرف ذاتِ باری کا خیال کیا جائے تو اس کے تین نام ہیں۔

۱ ذاتِ بحت ۲ غیب ہویت ۳ وجودِ مطلق اور اگر ذات کا تصور اس کی صفاتِ حمیدہ کیساتھ کیا جائے تو اس کی دو صورتیں اگر اجمالاً ہو تو اس کے دو نام ہیں۔

۱ تعین اول ۲ وحدت۔ اور اگر ذات کا تصور ان کے اوصاف کے ساتھ تفصیلاً ہو اور ان میں امتیاز کا خیال بھی کیا جائے تو ان کو اعیان ثابتہ کہتے ہیں۔ تو اس سے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ ذات کے لئے اسماء و صفات ہیں اور ہر صفت کے لئے علی سبیل الامتیاز افعال ہیں پس اگر سالک کا خیال ان صفات میں ایسا ڈوب جائے کہ جہاں نگاہ کرتا ہے اس کو مظاہرِ قدرت نظر آتے ہیں۔ تو یہ صفات کے افعال کی تجلیات ہیں اسی کو تجلیاتِ افعالیہ کہتے ہیں۔

(تنبیہ) تصورات بغیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عالم الغیب وحاضر ناظر ہونے کے عقیدہ کے کرے ورنہ بجائے نفع کے نقصان ہوگا اور طالب مارا جائے گا۔ کیونکہ عالم الغیب وحاضر ناظر صرف اللہ کی ذات ہے
اس ولایت کو ولایتِ آدم علیہ السلام اور سالک کو آدم المشرب کہتے ہیں۔

سبق ۱۲ مراقبہ لطیفہ روح مشرب نوح (علیہ السلام) و ابراہیم (علیہ السلام)

(نیت) اپنے لطیفہ روح کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ روح مبارک کے سامنے تصور کرے اور زبانِ خیال سے بارگاہِ الٰہی میں التجا کرے۔ یا الٰہی! تجلیاتِ ثبوتیہ کا وہ فیض جو آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ روح سے حضرت نوح وحضرت ابراہیم علیہما السلام کے لطیفہ

رُوح میں القاء فرمایا۔ بڑے بزرگوں کے طفیل میرے لطیفہ رُوح میں بھی القا فرمائے۔

اثرات اس کے مراقبہ کے بعد سالک کی نظر سے اپنی تمام مخلوقات کی صفات غائب ہو جاتی ہیں اور تمام صفات کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف نظر آتی ہے تو اس وقت سالک جبکہ اپنے وجود اور تمام مخلوقات کے وجود کی نفی کرتا ہے اور حق تعالیٰ کے سوا کسی کے لئے وجود کا اثبات نہیں کرتا تو وہ توحید وجودی کا قائل ہو جاتا ہے یعنی عشق الٰہی میں ایسا دیوانہ ہو جاتا ہے کہ خدا کی رضا ہی اس کا مقصود بن جاتی ہے اور وہ حق تعالیٰ کی رضا کے لئے آگ میں کُودنے سے بھی نہیں گھبراتا تحمّل و بُردباری ظاہر ہوتی ہے۔ اوصافِ نوحؑ و اوصافِ ابراہیمؑ کا ظہور ہونے لگتا ہے،

فائدہ صفاتِ ثبوتیہ سے مُراد حیوٰۃ و علم و قدرت و سمع و بصر و ارادہ وغیرہ ہیں۔ مراقبے میں ان ہی صفات کا تصور خیال میں لائے خواہ اجتماعاً یا انفراداً ہو۔ اس ولایت کو ولایتِ نوحؑ و ابراہیمؑ کہتے ہیں اور سالک کو ابراہیمی المشرب کہتے ہیں۔

سبق ۱۳ مراقبہ لطیفۂ سرّ مشربِ موسوی

نیت، اپنے لطیفہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفۂ سرّ کے سامنے تصور کر کے زبانِ خیال سے بارگاہِ الٰہی میں التجا کرے۔ یا الٰہی تجلیاتِ شیون ذاتیہ کا وہ فیض جو آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ سرّ سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لطیفۂ سرّ میں القاء فرمایا ہے، پیرانِ کبار کے طفیل میرے لطیفۂ سرّ میں القاء فرمائے۔

اثرات اس لطیفہ کے مراقبہ کے بعد سالک اپنی ذات کو حق تعالیٰ کی ذات میں مٹا ہوا پاتا ہے اور اسے ذاتِ حق کے سوا اور کوئی ذات نظر نہیں آتی، جب سالک ذات و صفاتِ الٰہی میں فنا ہو جاتا ہے تو طعن و ملامت کی پرواہ نہیں کرتا اور نہ ہی کسی تعریف کا خواہش مند ہوتا ہے۔ وہ صرف ذاتِ حق میں مستغرق ہو جاتا ہے۔ اور اس کا اثر بصورت جلال ظاہر ہوتا ہے۔ خلاف شرع امور پر غیرت کی وجہ سے جھگڑا بھی مول لے لیتا ہے جو لوگ احوال واردات سے ناواقف ہیں وہ اس کو مجنون کہتے ہیں اور اس پر اوصاف موسیٰ کا ظہور ہوتا ہے۔

فائدہ شیون جمع شان کی ہے اور اس سے مُراد اللہ تعالیٰ کی وہ شانِ ذاتیہ ہے کہ جس سے وہ صفات ثبوتیہ کے ساتھ موصوف ہے۔ جیساکہ فرمایا:

کُلَّ یَوۡمٍ ہُوَ فِیۡ شَاۡنٍ (رحمٰن پ ۲۷ آیت ۲۹) ؎ (یعنی) ہر روز اللہ ایک شان میں ہے۔

سبق ۱۴ مراقبہ لطیفۂ خفی۔ مشرب عیسوی

نیت۔ اپنے لطیفۂ خفی کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفۂ خفی کے سامنے تصور کر کے زبانِ خیال سے بارگاہِ الٰہی میں التجا کرے کہ یا الٰہی! تجلیاتِ صفات سلبیہ کا وہ فیض جو آپ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفۂ خفی سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لطیفۂ خفی پر القاء فرمایا ہے۔ پیرانِ کبار کے طفیل میرے لطیفۂ خفی میں القاء فرمادے۔

اثرات سالک اس مقام پر اللہ تعالیٰ کو تمام عالم سے ممتاز ومنفرد پاتا ہے اور جمیع مظاہر سے یگانہ دیکھتا ہے اور بلا ارادہ سالک سے عجائبات ظہور پذیر ہوتے ہیں، ملامت سے بے پرواہ ہوجاتا ہے۔ اوصاف غیبی کا ظہور ہوتا ہے

فائدہ صفات سلبیہ کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام عیوب سے پاک ہے، جسم و جسمانیت سے پاک، عرض وجوہر نہیں، محسوس منبصر فی الدنیا نہیں۔ اس کی مثال وتشبیہ نہیں، اس کا باپ و بیٹا نہیں، بے جہت و بے کیف و بے نسبت و بے مثل ہے یعنی تمام نقصانات کی صفات سے پاک ہے۔

اس ولایت کو ولایت عیسیٰ علیہ السلام اور سالک کو عیسوی المشرب کہتے ہیں۔

سبق ۱۵ مراقبہ لطیفہ اخفیٰ مشرب محمدی

نیت۔ اپنے لطیفۂ اخفیٰ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ اخفیٰ کے سامنے تصور کر کے زبانِ خیال سے بارگاہِ الٰہی میں التجا کرے کہ یا الٰہی! تجلیاتِ شانِ جامع کا وہ فیض جو آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ اخفیٰ مُبارک پر القا فرمایا ہے، پیرانِ کبار کے طفیل میرے لطیفہ اخفیٰ میں القاء فرمادے۔

اثرات اس لطیفہ کی فنا یہ ہے کہ سالک متخلق باخلاق الرسول ہوجاتا ہے یعنی اخلاقِ نبویہ کے ساتھ اتصاف حاصل ہوجاتا ہے، یعنی اس مقام پر سالک پھر ہر کام

میں سنتِ نبویہ کا خیال کرتا ہے اور خلافِ سنت اقوال و افعال سے پرہیز کرتا ہے اور متخلق باخلاق اللہ ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی اتباع کرتا ہے۔ یہی مراد ہے تَخَلَّقُوا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ سے۔ اس ولایت کو ولایتِ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں اور سالک کو محمدی المشرب کہتے ہیں۔

فائدہ شانِ جامع سے مراد صفات جامعہ ہیں۔ تو جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات جامع صفاتِ عالیہ ہے تو اس لئے آپ کے لطیفہ اخفیٰ پر جس شان کا نزول ہوگا وہ بھی جامعیت کی صفات کا حامل ہوگا۔

فائدہ۲ جاننا چاہیئے کہ عالمِ امر کے پانچ لطائف کی فنا کے بعد دائرہ امکانی کی سیر ختم ہو جاتی ہے۔

تنبیہ مراقبات مشارب میں ہر مراقبہ کی نیت کر کے جب اس لطیفہ کے فیض کے لئے مراقبہ میں بیٹھے تو ہر اس لطیفہ کو جس میں مراقبہ کر رہا ہے اپنے سلسلہ کے تمام بزرگوں سے لے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک اس لطیفہ کو شیشوں کی مانند جو آپس میں ایک دوسرے کے سامنے ہوں فرض کر کے خیال کرے کہ اس لطیفہ خاص کا فیض حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس لطیفہ میں آ رہا ہے۔ پھر سلسلہ کے تمام بزرگوں کے اس لطیفہ کے آئینوں میں منعکس ہو کر میرے اس لطیفہ میں آ رہا ہے۔ تاکہ حدیث اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ۔ کہ میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں گے بموجب اپنے مقصد میں کامیاب ہو۔ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ اور یہ اللہ پر مشکل نہیں۔

سبق ۱۶ مراقبہ معیت (ولایتِ صغریٰ) نیت:۔ آیت کریمہ، وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ (کہ وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں تم ہو۔) کا مضمون لحاظ رکھ کر خلوصِ دل سے زبان خیال سے یہ تصور کرے کہ اس ذاتِ پاک سے جو میرے ساتھ ہے اور کائنات کے ہر ذرہ کے ساتھ ہے جس کی صحیح کیفیت اللہ ہی جانتا ہے میرے لطیفہ قلب پر فیض آ رہا ہے۔ فیض کا منشاء ولایتِ صغریٰ کا دائرہ ہے جو اولیاء عظام کی ولایت ہے اور اسماء و صفاتِ الٰہی کا ظل ہے۔

اثرات اس مقام پر فنائے قلبی حاصل ہوتی ہے اور دائرہ امکانی کے باقی اثرات کی تکمیل ہوتی ہے اور تجلیاتِ افعالیہ الٰہیہ میں سیر واقع ہوتی ہے۔ توحید وجودی ذوق

وشوق استغراق وبے خودی ودوام حضور ونسیانِ ماسویٰ اللہ کی دولت حاصل ہوتی ہے اور انسان اللہ کی معیت کی لاج رکھے گا اور گناہوں سے احتراز کرے گا۔

فائدہ ۱ (تشریح ولایتِ صغریٰ) اکثر مشائخ نقشبندیہ کا سلوک یہیں تک ہے سالک کو اس مقام کی تکمیل کے بعد طریقہ سکھانے کی اجازت دے دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی یاد کے سوا سب کچھ بھلا دینا اس کو لطیفہ قلب کی فنا کہتے ہیں اور دوام حضور یعنی یادِ حق میں دائمی طور پر ثابت قدم رہنا کہ کسی وقت بھی غافل نہ ہو اس کو لطیفہ قلب کی بقاء کہتے ہیں۔ دائرہ ولایت صغریٰ یہی ہے۔

فائدہ ۲ (تشریح دوائر) وجہ تسمیہ یا تو ان کو دوائر اس لئے کہا گیا ہے کہ اہل کشف کو ان مراقبات میں جن حقائق کا انکشاف ہوتا ہے ان کی صورت مثالیہ بشکل دائرہ منکشف ہوتی ہیں اور یا اس لئے کہ ان مراقبات میں جو حرکت فکریہ ہوتی ہے وہ بوجہ اس کے کہ زمانہ فکر تک اس کی مسافت ایک ہی رہتی ہے اور زمانہ ممتد ہوتا ہے۔ اور یا ان حقائق کو بشکل دائرہ کے فرض کر کے یہ تصور کرے کہ میں اس دائرہ میں داخل ہو گیا ہوں۔ اور یا اس لئے کہ جس کے انوار کا تصور کر رہا ہے، اس کا نہ مبدا ہے اور نہ منتھی ہے اور دائرہ بھی مبدا و منتھی سے پاک ہوتا ہے، اس لئے ان انوار کو دوائر سے موسوم کیا۔ یا اس لئے کہ دائرہ بے جہت ہوتا ہے اور یہ مقامات بے جہت ہیں اس لئے دوائر سے تشبیہ دی ہے۔

فائدہ ۳ (ظلِ اسماء وصفات کی تشریح) اہلِ کشف نے کہا کہ اس جہاں کا ہر جزء حادث ہے اور اللہ تعالیٰ قدیم ہے اور موجودات موجود ہونے سے پہلے عدم کے پردہ میں تھے، البتہ اللہ کے علم میں موجود تھے تو اللہ نے اپنے اسماء وصفات کی تجلی فرمائی جس سے ان ممکنات کا وجود نفس الامری غیر موجود فی الخارج والا حاصل ہوا، پھر اللہ تعالیٰ اپنے اپنے وقت پر ان کو ظاہر کرتے گئے اور کر رہے ہیں تو یہ ظلال ہیں صفات کے اور صفات عکوس ہیں شیون کے۔ اور شیون اعتبارات ہیں ذات کے تو پہلا درجہ ذات کا پھر شیون کا پھر صفات کا پھر ظلال کا۔

تو اشیاء اپنے موجود فی الخارج ہونے میں محتاج ہوئے ظلال کے جو عکوس ہیں صفات کے اور صفات عکوس ہیں شیون کے اور شیون متعلق بالذات ہیں تو اس اعتبار سے کائنات کا اگر اللہ کی ذات سے تعلق نہ ہو تو یہ وجود میں نہیں آسکتی اور نہ بقاء کو قبول کر سکتی ہے یہ اس کی معیت ہے جس کا آیت میں ذکر ہے اور مراقبہ کرنے والا اسی معیت خداوندی پر ایمان رکھتا ہے اور اس کو مراتب علیا حاصل ہوتے ہیں ــــــ

سبق ۱۷

دائرہ ولایتِ صغریٰ کے بعد اب ولایتِ کبریٰ کے تین دائرے اور قوس کا مراقبہ کرایا جاتا ہے۔ ولایتِ صغریٰ میں دائرہ ظلال اسماء و صفات کا طے ہوتا ہے اور ولایتِ کبریٰ میں ظلال سے بڑھ کر دائرہ اسماء و صفات و شئونات و توحید شہودی کی سیر ہوتی ہے۔ یعنی ولایت ہی کمالِ فناء کا نام ہے۔

دائرہ اولیٰ

نیت، آیت کریمہ ﴿وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ﴾ (کہ ہم بندہ کی شہ رگ سے بھی زیادہ نزدیک ہیں۔) کے مضمون کو لحاظ رکھ کر خیال کرے کہ اس ذات سے جو میری رگِ جان سے بھی زیادہ میرے قریب ہے۔ اور اس قرب کی حقیقت اللہ جانتا ہے میرے لطیفۂ نفس اور میرے عالمِ امر کے پانچوں لطائف پر فیض آرہا ہے فیض کا منشاء دائرہ اولیٰ ولایتِ کبریٰ ہے جو ولایتِ انبیاء علیہم السلام ہے اور ولایتِ صغریٰ کے دائرہ کی اصل ہے۔ **فائدہ** اس دائرہ اولیٰ کا نصف اسفل اسماء و صفات زائدہ پر اور نصف اعلیٰ شیونات ذاتیہ ــــــ

پر مشتمل ہے اور انسان کا وجود صفاتِ الہیہ کا ظل ہے اور ظل اصل کے ساتھ قائم ہوتی ہے اس لئے اصل ظل سے وجود مخلوق کے زیادہ قریب ہے۔

سبق ۱۸ (دائرہ ثانیہ)

نیت، آیۃ کریمہ ﴿یُحِبُّهُمْ وَیُحِبُّوْنَهٗ﴾ (یعنی اللہ ان کو دوست رکھتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کو دوست رکھتے ہیں)۔ کے مضمون کو لحاظ رکھ کر خیال کرے کہ اس ذات سے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں میرے لطیفۂ نفس پر فیض آرہا ہے۔ فیض کا منشاء ولایتِ کبریٰ کا دائرہ ثانیہ ہے جو انبیاء علیہم السلام کی ولایت ہے اور دائرۂ اولیٰ کی اصل ہے ــــــ

سبق نمبر ۱۹ (دائرہ ثالثہ) (نیت) آیت کریمہ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهٗ کے مضمون کو ملحوظ رکھ کر خیال کرے کہ اس ذات سے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں میرے لطیفۂ نفس پر فیض آرہا ہے اور فیض کا منشاء ولایتِ کبریٰ کا دائرہ ثالثہ ہے جو انبیاء علیہم السلام کی ولایت ہے اور دائرہ ثانیہ کی اصل ہے

سبق نمبر ۲۰ (قوس) نصف دائرہ نیت، آیت کریمہ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهٗ کے مضمون کو ملحوظ رکھ کر خیال کرے کہ اس ذات سے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں، میرے لطیفۂ نفس پر فیض آرہا ہے فیض کا منشاء ولایتِ کبریٰ کی قوس ہے جو انبیاء علیہم السلام کی ولایت ہے اور دائرہ ثالثہ کی اصل ہے۔

اثرات ان دوائر ثلاثہ و قوس کے مراقبہ کا اثر یہ ہوتا ہے کہ انوارات اور ان کی قوت کا ظہور ہوتا ہے۔ البتہ پہلے دائرہ اقربیت میں اگلے اڑھائی دائروں سے زیادہ قوت و انوارات کثیر ہوتے ہیں، دوسرے دائرہ میں پہلے دائرہ سے کم و خفیف، تیسرے دائرہ میں دوسرے دائرہ سے کم و ضعیف اور قوس میں تیسرے دائرہ سے کم و خفیف انوارات نظر آتے ہیں۔

سبق نمبر ۲۱ مراقبہ اسم الظاہر (نیت) خیال کرے کہ اس ذات سے جو موسوم باسم الظاہر ہے میرے لطیفۂ نفس اور عالمِ امر کے پانچوں لطائف پر فیض آرہا ہے **اثرات**، اس میں انوار سفید مائل بہ سبزی معلوم ہوتے ہیں اور تجلیاتِ صفاتی کا ورود ہوتا ہے اور استغراق کامل کے ساتھ بے خودی حاصل ہوتی ہے۔ ولایت کبریٰ کے دائروں اور مراقبہ اسم الظاہر میں تہلیل لسانی کا ذکر کرنا زیادہ مفید ہوتا ہے۔ اتنے تک ولایتِ کبریٰ کی تکمیل ہوتی ہے، اس کے بعد ملائکہ عظام کے مبادی تعیّنات میں سیر ہوتی ہے جو ولایت علیا کہلاتی ہے اور اس کو اسم الباطن کی سیر کہتے ہیں۔

سبق نمبر ۲۲ مراقبہ اسم الباطن نیت، فیض آتا ہے اس ذات سے جو اسم الباطن سے مسمّٰی ہے۔ میرے عناصر ثلاثہ یعنی تینوں عناصر (آگ، پانی، ہوا) پر فیض آرہا ہے۔ فیض کا منشاء ولایت علیا کا دائرہ ہے۔ جو ملائکہ عظام کی ولایت

ہے۔(اثرات) اس مراقبہ میں باطن کے اندر وسعت ہوجاتی ہے۔ اور ملائکہ کے ساتھ مناسبت ہوجاتی ہے۔ کسی کو انوارِ ملائکہ نیند میں اور کسی کو ظاہراً نظر آتے ہیں اور عناصرِ ثلاثہ کو توجہ، حضور، عروج و نزول حاصل ہوتا ہے

جب اسم الظاہر اور الباطن کے مراقبات حاصل ہوگئے تو اس مقام تک سالک کی سیر ظلال یا صفات تھی، اس کے بعد اب اس کی سیر تجلی ذاتی دائمی میں واقع ہوگی جس کے تین مرتبے و درجے ہیں۔

۱ کمالاتِ نبوت ۲ کمالاتِ رسالت ۳ کمالاتِ اولوالعزم، جس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

سبق ۲۳ مُراقبۂ کمالاتِ نبوت

(نیت) اس ذات محض سے فیض آرہا ہے، جو منشاء کمالاتِ نبوت ہے، میرے لطیفۂ عنصرِ خاک پر۔

اثرات اس مراقبہ میں نسبتِ باطن میں کمال وسعت حاصل ہوتی ہے۔ تجلّی ذاتی ہوتی ہے، جسے دوام حاصل ہوتا ہے۔ ایمانیات وعقائد حقّہ پر یقین قوی ہوجاتا ہے، اس مراقبہ میں اسرار و معارف بہت کھلتے ہیں۔ باطن کی وسعت اتنی ہوجاتی ہے کہ پہلے والے معارف بالکل لاشئ معلوم ہوتے ہیں اور مفقود نظر آتے ہیں۔

سبق ۲۴ مُراقبۂ کمالاتِ رسالت

(نیت) اس ذات محض سے جو کمالاتِ رسالت کا منشا ہے، میری ہیئتِ وحدانی یعنی مجموعہ لطائف عالمِ امر وخلق پر فیض آرہا ہے۔

اثرات مُراقبۂ نبوت کی کیفیات میں مزید ترقی ہوتی ہے ۔

(**فائدہ ۱**) کمالاتِ نبوت و کمالاتِ رسالت و کمالاتِ اولوالعزم کے درمیان فرق مشکل ہے۔ مگر صرف انوار کے لحاظ سے، یعنی انوارِ عامہ و انوارِ خاصہ و انوارِ اخص کا فرق کرنا وہ بھی اس پر جس پر اللہ واضح کردے ۔

فائدہ ۲ ہیئتِ وحدانی سے مراد تمام لطائف کا نقطۂ اشتراک ہے یعنی تمام لطائف پر یکساں طور پر فیض کا انتظار کیا جائے اور ان کے جاری ہونے کا ایسا تصور کیا جائے کہ سارے لطائف یکبارگی چل رہے ہیں ۔

سبق ۲۵ مراقبہ کمالات اولوالعزم

(نیت) اس ذاتِ محض سے جو کمالات اولوالعزم کا منشا ہے۔ میری ہیئت واحدانی پر فیض آرہا ہے۔

اثرات نفس کے اندر کمالِ اضمحلال اور وسعتِ باطن اور واضح وصل اور حضور و اتباعِ شریعت و معارف و حقائق کا فیضان ہوتا ہے اور تجلی ذاتی دائمی کا فیض بے پردہ اسماء و صفات حاصل ہوتا ہے۔ اور اس مقام میں بعض کو حروفِ مقطّعاتِ قرآنی کے اسرار منکشف ہوتے ہیں۔ لیکن کشف وہ مقبول ہوگا جو آیاتِ قرآنیہ کے معارض نہ ہو اور صحابہ کرامؓ کے اقوال کے موافق ہو۔ ان اسباق کے بعد دو راستے ہیں۔ مرشد کامل کو اختیار ہے جس راستے کی طرف لے جائے۔ ایک راستہ حقائق الٰہیہ کا ہے۔ وہ تین دائرے ہیں حقیقتِ کعبہ ربانی ۲۔ حقیقت قرآن مجید ۳۔ حقیقتِ صلوٰۃ اور دوسرا راستہ حقائق انبیاءؑ کا ہے۔ وہ چار دائرے۔ ۱۔ حقیقت ابراہیمی ۲۔ حقیقتِ موسوی ۳۔ حقیقت محمدی ۴۔ حقیقت احمدی۔ ان کے مجموعہ کو حقائق سبعہ کہا جاتا ہے جن کی تشریح آرہی ہے۔

سبق ۲۶ مراقبہ حقیقتِ کعبہ ربانی

(نیت) اس ذاتِ محض سے جن کیلئے تمام ممکنات سجدہ کرتی ہیں اور جو حقیقتِ کعبہ کا منشاء ہے میری ہیئت وحدانی پر فیض آرہا ہے۔

اثرات ، اللہ کی عظمت و کبریائی دل میں سما جاتی ہے کہ کسی پر نگاہ نہ پڑے، اگر پڑے تو اس کی عظمت وجلال نظر آئے

(**فائدہ**) اگر توفیقِ الٰہی شامل ہو تو یہ مراقبہ بیت اللہ کے حطیم میں یا میزاب رحمت کے سامنے یا جہاں جگہ ملے کرے اور تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ کے انوارات و تجلیات بیت اللہ پر پڑ رہے ہیں اور وہاں میزاب رحمت سے ہوتے ہوئے میرے جمیع لطائف کو رنگ رہے ہیں

سبق ۲۷ مراقبہ حقیقتِ قرآن مجید

(نیت) اس ذاتِ بے مثل و کمالِ وسعت والی سے جو منشاءِ حقیقت قرآنِ مجید ہے۔ میری ہیئت وحدانی پر فیض آرہا ہے ـــــ

(**اثرات**) اس مقام پر شرح صدر ہوتا ہے اور کلامِ الٰہی کے اسرار ظاہر ہوتے ہیں اور حروفِ قرآنی کے معانی کا ایک بحرِ بے پایاں نظر آتا ہے اور قصص و احکام کی حقیقت کا

انکشاف ہوتا ہے ۔۔۔

(فائدہ) جہاں قرا، و حفاظ کرام درس قرآن دے رہے ہوں اور طلباء قرآن مجید کی تلاوت کر رہے ہوں، اس کے باہر جا کر دعاء مانگ کر حسن نیت سے یہ مراقبہ کرے تو بفضل اللہ سینہ انوارات و تجلیات سے پُر ہو جائے گا ۔۔۔

سبق ۲۸، مراقبۂ حقیقتِ صلوٰۃ

(نیت) اس ذات بے مثل کمال وسعت والی سے جو حقیقتِ صلوٰۃ کا منشاء ہے میری ہیئتِ وحدانی پر فیض آرہا ہے ۔۔۔

اثرات ، اگر نماز کو اس کے آداب کی رعایت کے ساتھ ادا کرے گا تو حقیقتِ صلوٰۃ جلوہ گر ہو گی اور اَلصَّلوٰۃُ مِعراجُ المُؤمِنِین کا راز ظاہر ہو گا اور ان تعبد اللہ کانک تراہ کی کیفیت واضح ہوتی ہے اور اَلسَّاجِدُ یَسجُدُ عَلٰی قَدَمِی اللہ اور وَاسجُد وَاقتَرِب کے معاملات منکشف ہوتے ہیں اور حضور و جمعیت و ظہور نسبت فوقانی حاصل ہوتے ہیں۔ اور قُرَّۃُ عَینِی فِی الصَّلوٰۃِ کا راز کھلتا ہے ۔۔۔

(اس جگہ تک سیر قدمی ختم ہوئی)

سبق ۲۹، مراقبۂ معبودیت صرفہ

(نیت) اس ذات محض سے جو معبودیت صرفہ کا منشاء ہے۔ میری ہیئت وحدانی پر فیض آرہا ہے ۔۔۔

اثرات ، اس مراقبہ میں جلال بڑھ جاتا ہے، دینی غیرت میں ترقی کرتا ہے۔ اس لئے جانشین سالک کو اس میں مجبور سمجھیں کیونکہ یہ کیفیت آنی ہوتی ہے اور اس وقت سیر قدمی کی گنجائش نہیں سیر نظری ہے نظر یعنی نگہ سے فیض لے سکتا ہے کیونکہ نظر ہر جگہ پہنچ سکتی ہے۔ قدم صرف مقام عابدیت میں پہنچتا ہے اور یہ مقام معبودیت صرفہ ہے ۔۔۔

اس جگہ تک حقائق الٰہیہ کی سیر ہوئی اب حقائق انبیاءؑ کا ذکر ہے۔ یہ اصل میں ولایتِ کبریٰ میں داخل ہیں لیکن چونکہ یہ آخر میں منکشف ہوئے، اس لئے سلوک میں بھی آخر میں واقع ہوئے، حقائق الٰہیہ کی ترقی محض اللہ تعالیٰ کے فضل پر موقوف ہے۔ اسی طرح حقائق

انبیاء علیہم السلام کی ترقی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت پر موقوف ہے —

سبق نمبر ۳۰ مُراقبۂ حقیقتِ ابراہیمی

نیت، اس ذاتِ محض سے جو حقیقتِ ابراہیمی کا منشا ہے۔ میری ہیئتِ وحدانی پر فیض آرہا ہے —

اثرات، اس مقام میں مقامِ خُلت کے انوار کا پرتو پڑتا ہے۔ یعنی مالکِ حقیقی کا عشق اس قدر ہو جاتا ہے کہ غیر کا عشق و خیال دل سے نکل جاتا ہے —

سبق نمبر ۳۱ مُراقبۂ حقیقتِ موسوی

نیت، اس ذات سے جو منشا حقیقت موسوی ہے۔ میری ہیئتِ وحدانی پر فیض آرہا ہے

اثرات اس مقام پر محبتِ ذاتی کے باوجود استغنا و بے نیازی کا بھی ظہور ہوتا ہے اور حرارت لطائف تیز ہو جاتی ہے۔ اس لئے قربِ شیخ ضروری ہے کہ توجہ سے مداوا کیا جاسکے۔

سبق نمبر ۳۲ مراقبۂ حقیقتِ محمدی

نیت۔ اس ذات سے جو اپنا ہی محب اور اپنا ہی محبوب ہے۔ جو حقیقتِ محمدی کا منشا ہے۔ میری ہیئت وحدانی پر فیض آرہا ہے۔

اثرات اس مقام پر سالک کے لئے سُنت کے برکات غالب ہو جاتے ہیں نہ وہ خلافِ سُنت کوئی فعل کر سکتا ہے اور نہ خلافِ سُنت کو برداشت کر سکتا ہے اور اس جگہ محبوبیتِ ذاتیہ کا محبتِ ذاتیہ سے مل کر ظہور ہوتا ہے جس کو دائرہ محبوبیتِ ذاتیہ ممتزجہ کہتے ہیں۔ اور اس کو حقیقت الحقائق و تعین اوّل بھی کہتے ہیں۔ خلاصہ اس مراقبہ میں سالک کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بے حد محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

سبق نمبر ۳۳ مُراقبۂ حقیقتِ احمدی

(**نیت**) اس ذات سے جو اپنا ہی محبوب ہے جو حقیقت احمدی کا منشا ہے میری ہیئتِ وحدانی پر فیض آرہا ہے۔

اثرات، اس مراقبہ میں عالمِ بالا سے انوار کا نزول ہوتا ہے اور سالک ہر معاملہ میں سُنت نبویہ پر گامزن ہو جاتا ہے اور یہ مقام محبوبیت ذاتیہ سے حاصل ہوتا ہے اس لئے اس کو دائرۂ محبوبیتِ ذاتیہ صرفہ بھی کہتے ہیں اور اس مراقبہ میں عجیب و غریب حالات کیفیات حاصل

ہوتی ہیں۔ ان میں بھی سیر نظری ہوتی ہے۔ تو حقائق انبیاءؑ سے انبیاء علیہم السلام خصوصاً حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ الفت و محبت کامل طور پر ہو جاتی ہے۔

سبق ۳۴ مراقبہ حُبِّ صرف

(نیت) اُس ذات سے جو حُبِّ صرف کا منشاء ہے۔ میری ہیئتِ وحدانی پر فیض آرہا ہے۔

اثرات اس مقام پر باطنی نسبت میں کمالِ بلندی و بے رنگی ظاہر ہوتی ہے اور یہ مرتبہ حضرت ذاتِ مطلق کے بہت قریب ہے کیونکہ سب سے پہلے جو چیز ظہور میں آئی وہ حُبّ ہے جو منشاء ظہور و مبدأ خلق ہے۔ اس مراقبہ سے مقصد یہی ہوتا ہے کہ عشق صرف اللہ تعالیٰ کی ذات سے وابستہ ہو، غیریت نکل جائے۔ اس میں بھی سیر نظری ہوتی ہے۔

سبق ۳۵ مُراقبہ لاتعین

(نیت) اُس ذاتِ محض سے جو دائرہ لاتعین کا منشاء ہے۔ میری ہیئتِ وحدانی پر فیض آرہا ہے

اثرات اللہ تعالیٰ کے انوار بارش کی طرح برستے ہیں کہ سالک محوِ حیرت میں ہو جاتا ہے، ان انوار کو اپنے لئے محیط پاتا ہے، چونکہ اس ذات سے فیض حاصل کرنے کا مراقبہ ہے جو تعینات سے پاک و مبرّا ہے اس لئے اس کو لاتعین کہتے ہیں۔ اس میں سیر نظری ہوتی ہے۔

صفائی باطن کا تیسرا طریقہ

رابطہ شیخ ہے۔ اگر شیخ کامل ہوگا تو اس کی توجہ سے تھوڑی مدت میں وہ چیز حاصل ہوگی جو سالوں کی محنت سے حاصل نہیں ہوتی۔ اس لئے سالک کو چاہیئے کہ مرشد کی صحبت اختیار کرے اور اس کی صحبت اختیار کرے اور اس کی محبت کے لئے دل کو دوسرے کے خیال سے خالی کرے، اس کی طرف سے فیض کا منتظر رہے، صحبتِ شیخ کے آداب کی پوری رعایت کرے۔ شیخ کی رضا کو طلب کرے، شیخ کامل کی صحبت کی برکت سے دل کی غفلت دور ہو جاتی ہے اور دل روشن ہوتا ہے۔

ے نہ کتابوں سے نہ وعظوں سے نہ زر سے پیدا ؛ دین ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا۔

ے گر تو سنگ خارہ و مرمر بُدی ؛ چوں بصاحبِ دل رسی گوہر شدی

اس کو رابطہ شیخ و تصور شیخ کہتے ہیں، اس سے دل کے وساوس دور ہوتے ہیں۔

مگر اسمیں افراط نہ کرے کہ شریعت کے خلاف ہو جائے یعنی اس کو حاضر ناظر خیال نہ کرے۔ یہ عقیدۂ کفریہ ہے بلکہ اس طرح خیال میں تصور کرے کہ جس طرح ذکر سیکھتے وقت شیخ کی صحبت میں بیٹھا تھا۔ اب بھی تصور میں اس کی خدمت میں ہوں اور اللہ سے جو فیض اس کے قلب پر وارد ہو رہا ہے میرے قلب پر وارد ہو رہا ہے ۔۔۔۔

ختم جمیع خواجگان نقشبندیہ قدس اللہ اسرارہم

یہ ختم شریف قضائے حاجات کے لئے دوسرے سلاسل میں بھی معمول ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ اوّل ہاتھ اٹھا کر سورۂ فاتحہ شریف ایک مرتبہ پڑھ کر دعاء مانگے کہ یا اللہ اس ختم خواجگان کو قبول فرمالے اور جن بزرگوں کی طرف یہ ختم منسوب ہے ان کو اس کا ثواب پہنچا دے اس کے بعد سورۂ فاتحہ مبارکہ مع بسم اللہ ہفت بار۔ درود شریف یکصد بار، سورہ الم نشرح مع بسم اللہ ہفتاد و نہ بار۔ سورۂ اخلاص مع بسم اللہ ایک ہزار بار پھر سورۂ فاتحہ مبارکہ مع بسم اللہ ہفت بار۔ درود شریف یکصد بار یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یکصد بار یَا کَافِیَ الْمُهِمَّاتِ یکصد بار یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ یکصد بار۔ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ یکصد بار۔ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ یکصد بار۔ یَا مُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ یکصد بار، یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یکصد بار۔ ہر اسم شریف کے اوّل میں صرف ایک دفعہ اَللّٰھُمَّ ملائے اور یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ سے پہلے ایک مرتبہ بِرَحْمَتِکَ ملا دے اور کہے یا اللہ اس ختم شریف کا ثواب اپنے فضل و کرم سے اُن بزرگوں کو جن کی طرف یہ منسوب ہے اور ان کے پیرانِ طریقت کو اپنے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک اور ان کے خلفاء و خدام کو خصوصاً جمیع حضراتِ نقشبندیہ کی ارواح مبارکہ کو پہنچا دے۔

شجرہ مبارکہ حضراتِ خواجگان سلسلۂ نقشبندیہ

۱ ـ الٰہی بحرمت حضرت شفیع المذنبین رحمۃ اللعالمین سید خلق اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

۲ ـ الٰہی بحرمت خیر الامۃ خلیفہ رسول اللہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۳ ـ الٰہی بحرمت صاحب رسول اللہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۴ ـ الٰہی بحرمت حضرت قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ

۵ ـ الٰہی بحرمت حضرت امام جعفر صادق سید السادات رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۶ ـ الٰہی بحرمت حضرت سلطان العارفین خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ

۷ ـ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ

۸ ـ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ ابوالقاسم گورگانی رحمۃ اللہ علیہ

۹ ـ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ ابوعلی فارمدی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰ ـ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ ابویوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ

۱۱ ـ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ جہاں حضرت عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ

۱۲ ـ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ عارف ریوگری رحمۃ اللہ علیہ

۱۳ ـ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ محمود انجیر فغنوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۴ ـ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ عزیزان علی رامیتنی رحمۃ اللہ علیہ

۱۵ ـ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ محمد بابا سماسی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ۔

۱۷ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ پیر پیران سید محمد بہاؤالدین نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

۱۸ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ علاؤالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ

۱۹ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ

۲۰ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ عبیداللہ صاحب احرار رحمۃ اللہ علیہ

۲۱ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ محمد زاہد رحمۃ اللہ علیہ

۲۲ - الٰہی بحرمت خواجہ درویش محمد رحمۃ اللہ علیہ

۲۳ - الٰہی بحرمت خواجہ خواجگی محمد امکنگی رحمۃ اللہ علیہ

۲۴ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ محمد باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ

۲۵ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ

۲۶ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ محمد معصوم عروۃ الوثقیٰ رحمۃ اللہ علیہ

۲۷ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ سلطان الاولیاء شیخ سیف الدین رحمۃ اللہ علیہ

۲۸ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ محمد محسن دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

۲۹ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ سید السادات سید نور محمد بدایونی رحمۃ اللہ علیہ

۳۰ - الٰہی بحرمت حضرت شمس الدین شہید حضرت مرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ

۳۱ - الٰہی بحرمت حضرت مجدد مائۃ الثالث والعشر حضرت شاہ غلام علی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

۳۲ - الٰہی بحرمت حضرت خواجہ شاہ ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ

۳۳ - الٰہی بحرمت حضرت محبوب الرحمٰن مولانا شاہ احمد سعید مدنی رحمۃ اللہ علیہ

۳۴ - الٰہی بحرمت حضرت سلطان العاشقین حاجی الحرمین حضرت دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ علیہ

۳۵ - الٰہی بحرمت حضرت زبدۃ الفقہاء والمحدثین حضرت خواجہ محمد عثمان دامانی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت خواجہ عمدۃ السالکین محمد سراج الدین دامانی رحمۃ اللہ علیہ

خواجہ زبدۃ العارفین محمد ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ

مجدد مائۃ الرابع والعشر مولانا حسین علی صاحب وال بھچراں رحمۃ اللہ علیہ

عارف باللہ حضرت مولانا محمد امیر صاحب دامانی رحمۃ اللہ علیہ

محی السنۃ خواجہ فضل علی قریشی مسکین پوری رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت قطب زماں عارف باللہ حضرت مولانا محمد عبد اللہ صاحب بہلوی ثم شجاع آبادی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت سید العارفین فانی فی اللہ باقی باللہ سیدی مولانا محمد عبد الحی صاحب ادام اللہ فیوضہم بہلوی ثم شجاع آبادی دامت برکاتہم العالیہ۔

الٰہی بحرمت حضرت شیخ الحدیث والتفسیر امام العلماء والصلحاء سیدی وسندی ومولائی والی حضرت مولانا شفیق الرحمٰن صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ

افقر الی اللہ

حماد اللہ درخواستی

اسباق سلسلہ عالیہ چشتیہ

سلسلہ چشتیہ میں ذکر کرنے کا طریقہ

دو زانو یا چار زانو بیٹھے اور پیٹھ سیدھی ہو اسمیں کجی نہ ہو اور آنکھیں بند کرے اور دونوں ہاتھ دونوں گھٹنوں پر رکھے اور انگلیاں کھلی رکھے اور دائیں پاؤں کے انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی سے کیماس کی رگ کو (جو بائیں گھٹنے کے اندر ہے اور دل سے تعلق رکھتی ہے اس کی حرکت و حرارت دل پر اثر کرتی ہے) اس رگ کو دبائے اور مضبوطی سے پکڑے کیونکہ اس سے وسواس کم ہوتے ہیں اور حرارت بڑھتی ہے۔ پھر تین بار کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہے پھر ایک مرتبہ کلمہ شہادت اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ پڑھے، گیارہ مرتبہ یہ استغفار پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور اس کا ثواب حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء وصحابہ واہلبیت واولیاء ومشائخ چشتیہ کے ارواح کو ایصالِ ثواب کریں کیونکہ اس سے میت کی روح خوش ہوتی ہے جس وجہ سے تعلق ومحبت زیادہ ہوتی ہے جس بنا پر سالک کا دل شیوخ کے فتوحات کا مرکز ہو جاتا ہے جس سے منازل کی ترقی میں اور مقصود میں کامیابی ہوتی ہے۔

پھر یہ دعا پڑھے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اس کے بعد ہمت سے ذکر شروع کر دے ——

اذکار سلسلہ چشتیہ

سبق ۱ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم اور بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر ذکر نفی واثبات بجہر متوسط کرے وہ اس طرح کہ لَآ کو دل کے اندر سے پوری طاقت

سے کھینچ کر لفظ الٰہ کو دائیں بازو تک لے جائے اور سر کو پیٹھ کی طرف تھوڑا سا جھکائے اور یہ خیال کرے کہ میں نے ماسویٰ اللہ کو دل سے نکال کر پس پشت ڈال دیا ہے۔ پھر اِلَّا اللہ کی ضرب پوری قوت وزور سے دل پر لگائے اور یہ خیال کرے کہ میرا دل اللہ تعالیٰ کی محبت سے لبریز ہو گیا ہے، پھر ہر دس مرتبہ کے بعد محمد رسول اللہ کہے لیکن لا معبود کی اور متوسط لا مقصود کی اور منتہی لا موجود کی نیت کرے (مقدار تین تسبیح کرے)۔

سبق ۲ ذکر اثبات مجرد

وہ اس طرح کہ دو زانوں بیٹھے اور ہاتھ گھٹنوں پر رکھے اور اپنے سر کو دائیں کندھے کی طرف لیجا کر اللہ اللہ کی ضرب دل پر لگائے اور لا اِلٰہ کہتے وقت لا موجود ولیس معہ غیری کا تصور کرے پھر تین بار کلمہ طیبہ ایک بار کلمہ شہادت پڑھے پھر مراقبہ کرے اس کو ایک ضربی کہتے ہیں۔

سبق ۳ اسم ذات دو الفی و دو ضربی

اللہ اللہ کا ذکر کرے وہ اس طرح پہلے لفظ اللہ کی ھا پر پیش اور دوسرے لفظ اللہ کی ھا پر جزم پڑھے اور دونوں آنکھیں بند رکھے پھر سر کو دائیں کندھے کی طرف لے جائے اور پہلے لفظ اللہ کی ضرب لطیفہ روح پر لگائے اور دوسرے اللہ کی ضرب لطیفہ قلب پر لگائے اس کو ذکر اسم ذات دو ضربی کہتے ہیں

سبق ۴ دوازدہ تسبیحات

اس کا طریقہ یہ ہے کہ نماز تہجد کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا تین بار کرے۔ اَللّٰھُمَّ طَہِّرْ قَلْبِیْ عَنْ غَیْرِکَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ یا اللہ یا اللہ یا اللہ اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد اعوذ باللہ و بسم اللہ پڑھے اور تین مرتبہ کلمہ طیبہ ایک مرتبہ کلمہ شہادت پڑھ کر سر کو دل کی طرف جھکا کر حرف لا کو دل کے اندر سے قوت سے کھینچ کر لفظ اِلٰہ کو دائیں کندھے پر لیجائیں اور سر کو پیٹھ کی طرف تھوڑا سا جھکا کر خیال کرے کہ غیر اللہ کو دل سے نکال کر پس پشت ڈال دیا ہے اور اِلَّا اللہ کی زور سے ضرب دل پر لگائے اور خیال کرے کہ اللہ کا عشق

و نورِ الٰہی دِل میں داخل ہوگیا ہے۔ اس طرح ذو تسبیح ذکر کرے اور ہر نو بار کے بعد محمّدٌ رّسُولُ اللّٰہ کہے، اس کے بعد تین بار کلمہ طیبہ ایک بار کلمہ شہادت کہے حسب سابق نیت سے اس کے بعد کچھ لمحہ مراقبہ کرے اور خیال کرے کہ اللہ تعالیٰ کے عرش سے فیضانِ الٰہی میرے سینہ میں آرہا ہے، پھر دو زانو ہو کر بیٹھے اور سر کو دائیں کندھے کی طرف لے جا کر لفظ اِلَّا اللّٰہ کی زور سے دل پر ضرب لگائے یہ چار تسبیح پڑھے۔ اس کے بعد تین مرتبہ کلمہ طیبہ اور ایک مرتبہ کلمہ شہادت پڑھے، پھر کچھ دیر بعد مراقبہ کرے اور فیضانِ الٰہی کا تصور کرے ـــــ پھر اللہ، اللہ کا ذکر کرے اس طرح کہ پہلے لفظ اللّٰہ کی ھا ، کو پیش دے اور دوسرے لفظ اللہ کی ھا کو ساکن پڑھے اور آنکھیں بند کرے اور سر کو دائیں کندھے کی طرف لیجا کر اَللّٰہُ اَللّٰہ کی ضرب کی قوّت سے زور کے ساتھ دِل پر لگائے یہ چھ تسبیح پڑھے نو بار کے بعد اَللّٰہُ حَاضِرِیْ، اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ کہے اور ان کے مفہوم کا تصوّر کرے پھر تین بار کلمہ طیبہ، ایک بار کلمہ شہادت پڑھ کر سر کو دائیں کندھے کی طرف مائل کرکے لفظ اللّٰہ کی دِل پر سَو بار ضرب لگائے، اس کے بعد تین بار کلمہ طیبہ اور ایک بار کلمہ شہادت پڑھے۔ گیارہ بار دُرود شریف، گیارہ بار استغفار پڑھے اور دُعا کرے۔ یا اللہ تو ہی میرا مقصود ہے اور تیری رضا میرا مطلوب ہے۔ میں نے دُنیا و آخرت کو تیرے واسطے ترک کیا، مجھے اپنی نعمتیں عطا کر اور اپنی ذات تک وصولِ تام عطا فرما

سبق ۵ ذکر نفی و اثبات مع ضربات

وہ اس طرح کہ اعوذ باللہ اور بسم اللہ کہہ کر تین مرتبہ کلمہ طیبہ ایک مرتبہ کلمہ شہادت پڑھ کر اپنے سر کو اتنا جھکائے کہ پیشانی بائیں گھٹنے سے بالکل قریب ہو جائے اور پھر لا الٰہ کہتا ہوا سر کو دائیں گھٹنے کے قریب لائے اور تین ضربیں ایک سانس میں لگائے اور سر کو پیٹھ کی طرف تھوڑا سا جھکا کر خیال کرے کہ میں نے ماسوی اللہ کو پسِ پُشت ڈال دیا ہے اور سانس توڑ کر اِلَّا اللّٰہ کی پوری طاقت سے دِل پر ضرب لگائے اور خیال کرے کہ میرا دِل اللہ کے عشق و محبت سے لبریز ہو گیا ہے اور نفی کے وقت آنکھیں کھلی رہیں اور اثبات کے وقت آنکھیں بند رکھنی چاہئیں اس کو چھ بار

ضربی کہتے ہیں۔ یہ ذو تسبیح پڑھے حبس دم کے ساتھ یا بغیر حبس دم کے ——

سبق ۶ ذکر نفی و اثبات بمناسبت لطائف

اس کی تشریح یہ ہے چونکہ دل کو سات لطیف چیزوں سے مناسبت ہے اس لئے نفی و اثبات کے ذکر کے سات مرتبے تجویز کئے گئے ہیں اور ہر درجہ میں نفی و اثبات ہے۔ تو اب نفی و اثبات کے ذکر کے سات درجے و مرتبے ہیں: ——

(۱۔ مرتبہ) ذکر لسانی جو جسم سے متعلق ہے یعنی زبانی ذکر ہو ——

(۲۔ مرتبہ) جب سالک نفی و اثبات کے اس ذکر میں ایسا مشغول ہو کہ کوئی سانس بغیر ذکر کے نہ نکلے تو اس وقت وہ عالم مادیت سے نکل کر مرتبہ لطیف پر پہنچ جاتا ہے ——

(۳۔ مرتبہ) پھر سالک اس نفی و اثبات کے ذکر میں اتنا منہمک ہو جائے کہ تمام چیزوں کی نفی کر کے ایک کا اثبات کرے تو وہ مرتبہ نفس سے نکل کر دل کے مرتبہ پر پہنچ جاتا ہے ——

(۴۔ مرتبہ) پھر جب سالک لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا تصور حضور قلب سے کرتا ہے اور اپنی ذات و صفات کو اللہ کی ذات و صفات میں ایسا مربوط کر لیتا ہے کہ ہر نفی کا تصور بھی اس کے ذہن سے جاتا رہا ہے اور صرف اللہ ہی اللہ رہ جائے تو اس وقت وہ دل سے متجاوز ہو کر مرتبہ روح پر پہنچ جاتا ہے ——

(۵۔ مرتبہ) پھر سالک اسم ذات کے ذکر میں اس طرح متوجہ ہو کہ اللہ پر جو الف لام داخل ہے باقی نہ رہے صرف لفظ ھُو رہ جائے۔ اس پر پہنچنے کے بعد سالک مرتبہ روح سے ترقی کر کے سر پر پہنچ جاتا ہے ——

(۶۔ مرتبہ) اس کے بعد ھُو ھُو کے ذکر میں ایسا محو ہو جائے کہ فنا در فنا کا مقام حاصل ہو جائے تو وہ سراپا نور ہو جائے گا ——

(۷۔ مرتبہ) پھر وہ مرتبہ حاصل ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے عبدیت و معبودیت کی حقیقت ظاہر ہو جاتی ہے اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی حقیقت واضح ہو جاتی ہے

سبق ۷ ذکر پاس انفاس

یعنی انسان ہر سانس پر بیدار رہے کہ کوئی سانس بغیر ذکر کے نہ ہو۔ سانس لیتے اور سانس باہر نکالتے وقت اللہ کا ذکر کرے جہراً یعنی بلند آواز سے یا سراً یعنی چپکے سے اس کے دو طریق ہیں

پہلا طریقہ: جب سانس باہر نکلے تو لَا اِلٰہ کہے اور جب سانس اندر جائے تو اِلَّا اللہ کہے لیکن ذکر سرّی میں صرف سانس سے ذکر کرے مُنہ بالکل بند رکھے اور زبان کی بالکل حرکت نہ دے

دُوسرا طریقہ: جب سانس اندر جائے تو اللہ کہے اور جب سانس باہر آئے تو ھُو کہے مگر ذکر سرّی میں کیفیت سابقہ ہو گی

سبق ۸ ذکر اسم ذات یک ضربی تا ہفت ضربی

وہ اس طرح کہ قبلہ رو ہو کر آنکھیں بند کرلے پھر کو دائیں کندھے کی طرف جُھکا کر پُوری قوّت سے لفظ اللہ کی دل پر ضرب لگائے اور دو ضربی اس طرح کہ پہلی ضرب رُوح پر لگائے اور دوسری ضرب دل پر لگائے اور سہ ضربی یہ ہے کہ پہلی ضرب بائیں طرف دوسری ضرب دائیں طرف اور تیسری ضرب دل پر لگائے۔ اور چہار ضربی اس طرح کہ پہلی ضرب دائیں، دوسری ضرب بائیں اور تیسری سرف سامنے اور چوتھی ضرب دل پر لگائے اور پانچ ضربی اس طرح کہ پہلی ضرب دائیں۔ دوسری ضرب بائیں تیسری ضرب آگے سامنے کی طرف، چوتھی ضرب پیچھے کی طرف، پانچویں ضرب دل پر لگائے، اور چھ ضربی اس طرح کہ پہلی ضرب دائیں۔ دوسری ضرب بائیں۔ تیسری ضرب آگے چوتھی ضرب پیچھے، پانچویں ضرب اُوپر آسمان کی طرف چھٹی ضرب دِل پر لگائے اور ہفت ضربی اس طرح کہ پہلی ضرب دائیں طرف۔ دوسری ضرب بائیں تیسری ضرب آگے، چوتھی ضرب پیچھے۔ پانچویں ضرب نیچے، چھٹی ضرب اُوپر کی طرف۔ ساتویں ضرب دل پر لگائے اور ضرب میں فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ کا تصور کرے

کہ ہر طرف اللہ ہی اللہ ہے۔

سبق ۹ ذکر اسم ذات قلندری

اس کا طریقہ یہ ہے کہ چہار زانو بیٹھے، دونوں گھٹنوں کے بیچ میں سر کر کے اللہ کی ضرب ناف پر لگا کر سر بلند کرے اور گھٹنوں کو مضبوطی سے پکڑے اور ھُو کی ضرب دل پر لگائے۔

سبق ۱۰ ذکر جاروب

اس کا طریقہ یہ ہے کہ بائیں گھٹنے سے لَا اِلٰہ شروع کرے اور سر کو دائیں گھٹنے پر لا کر دائیں کندھے کی طرف لیجا کر تھوڑا کمر کی طرف جھکائے اور اِلَّا اللہ کی ضرب بہت زور سے دل پر لگائے۔

سبق ۱۱ ذکرِ حدّادی

اس کا طریقہ یہ ہے کہ دوزانوں بیٹھے اور بائیں گھٹنے سے لَا اِلٰہ کو شروع کرے اور سر کو دائیں گھٹنے پر لا کر دائیں کندھے کی طرف لے جا کر تھوڑا سا کمر کی طرف جھکائے مگر اس میں سانس کو زور سے کھینچ کر لَا اِلٰہ کو دائیں کندھے تک پہنچائے اور پھر دونوں گھٹنوں سے کھڑا ہو جائے اور ہاتھ بلند کر کے پوری قوت سے اِلَّا اللہ کی ضرب دِل پر لگائے پھر بیٹھ جائے، یعنی جس طرح لوہار کے ہاتھوں کی حرکت ہتھوڑا اُٹھانے کے وقت ہوتی ہے اسی طرح ہاتھوں کو حرکت دے اس وجہ سے اس کو ذکرِ حدّادی کہتے ہیں۔ حداد کا معنی لوھار ہوتا ہے۔

سبق ۱۲ ذکر ارّہ

پہلا طریقہ۔ آنکھیں بند کرے اور زبان کو تالو سے ملا کر اُلٹی سانس میں پوری طاقت سے لفظ اللہ کو ناف سے کھینچ کر دائیں کندھے تک پہنچائے اور ھُو کی ضرب دل پر اس طرح لگائے جس طرح لکڑی کاٹنے والا لکڑی پر آرہ کھینچتا ہے اور سانس برابر زور سے جاری رہے اور صفات وجہات یعنی علم و قدرت وحیات و سمع و بصر و ارادہ کا تصوّر کرے اور یہ خیال کرے کہ میں دِل پر آرہ کھینچ رہا ہوں اور پھر یہ خیال کرے کہ جیسے لکڑی کا ٹتے وقت اس سے بُرادہ نکلتا ہے اس طرح میرے دِل سے نور کے ذرات نکل رہے ہیں اور

پورے بدن میں پھیل رہے ہیں اور جسم سے نکل کر میرے اور تمام عالم کے وجود کو منوّر کر رہے ہیں ـــــ

دوسرا طریقہ: سانس کو اُلٹا کر پوری طاقت سے لَا اِلٰہ کو ناف سے کھینچ کر دائیں کندھے تک پہنچائے اور سر کو کمر کی طرف تھوڑا جھکا کر اِلَّا اللہ کی ضرب دل پر لگائے ـــــ

اشغال سلسلہ چشتیہ

سبق ۱۳ شغل اسم ذات بحبسِ دم

کیونکہ دل میں دو سوراخ ہیں ایک نیچے کی طرف جس کا تعلق رُوح سے ہے دوسرا اُوپر سے جو جسم سے متصل ہے جب ذکر جہر میں شدّ و مد سے مشغول ہوگا تو اُوپر والا دروازہ کھل جاتا ہے لیکن نیچے کا دروازہ صرف ذکر خفی بحبسِ دم سے کھلتا ہے۔ اس شغل کا طریقہ یہ ہے کہ زبان کو تالو سے لگا کر دل سے جس قدر ہو سکے اللہ کا تصوّر کیا کرے تا کہ پختہ ہو کر بے تکلف جاری ہو جائے ـــــ

سبق ۱۴ شغل نفی و اثبات بحبسِ دم

پہلا طریقہ اس کا یہ ہے کہ آنکھیں بند کر کے زبان تالو سے لگا لے اور سانس کو ناف سے کھینچ کر دل میں قرار دے یا ناف کے نیچے بند کرے یعنی اندر کی طرف خوب سانس کھینچ کر ناف کی جگہ پر روک لے اور پھر لَا اِلٰہَ کو بائیں زانو سے شروع کرے اور دائیں زانو پر لا کر دائیں زانو تک لیجائے ـــ پہلے دن میں دس سانسیں لے اور ایک سانس میں تین مرتبہ مشغول ہو پھر ہر روز ایک ایک درجہ زیادہ کرتا رہے یہاں تک کہ ایک سانس میں اکیس ۲۱ مرتبہ کرے یہ طاق عدد کا لحاظ اس لئے ہے کہ

حدیث میں ہے اَللّٰہ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ (اللہ طاق ہے اور طاق کو دوست رکھتا ہے اور جب سانس کو آہستہ سے باہر کرے تو مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ کا تصور کرے۔

دُوسرا طریقہ: کہ سانس کو ناف سے کھینچ کر دل کی طرف لاکر اُمّ الدماغ میں پھر بغیر زبان کی حرکت کے لفظ لَا کو ناف سے کھینچ کر رُوح کی طرف لاکر لفظ اِلٰہَ کو دماغ تک لائے اور دل پر اِلَّا اللّٰہ کی ضرب لگائے اس میں بھی حسب سابق طریق تعداد بڑھائے اور اگر ہمت ہو تو ایک سانس میں ایک سو اکیس تک لے جائے۔ پھر قلب کے نور کا مشاہدہ کرے کیونکہ دل کا دروازہ پورا کھل جاتا ہے ——

سبق ۱۵ شغل سہ پایہ

اس کا طریقہ یہ ہے کہ چار زانو بیٹھے اور سانس کو روک کر ناف سے کھینچ کر اُمّ الدماغ میں ٹھہرائے پھر اَللّٰہ سَمِیْعٌ، اَللّٰہُ بَصِیْرٌ، اَللّٰہُ عَلِیْمٌ کا ذکر کرے اور سُلْطَانًا مَّحْمُوْدًا اور سُلْطَانًا نَّصِیْرًا کا تصور کرے، طریقہ ذکر یہ ہے کہ جب سانس اُمّ الدماغ میں پہنچے تو اَللّٰہُ سَمِیْعٌ کہے اور بِیْ یَسْمَعُ کا تصور کرے —— پھر دل پر اَللّٰہُ بَصِیْرٌ کہے اور بِیْ یُبْصِرُ کا تصور کرے پھر ناف پر اللّٰہ عَلِیْمٌ کہے اور بِیْ یَنْطِقُ کا تصور کرے اُمّ الدماغ میں اَللّٰہُ عَلِیْمٌ کہے اور دل پر اَللّٰہُ بَصِیْرٌ کہے اور ناف پر اللّٰہ سَمِیْعٌ کہے یہاں تک کہ ایک سانس ایک سو ایک بار یہ شغل کرنے لگے ——

سبق ۱۶ شغل سُلْطَانًا نَّصِیْرًا

اس کا طریقہ یہ ہے کہ صبح و شام دو زانو ہو کر قبلہ رو بیٹھے اور دونوں آنکھوں سے یا ایک آنکھ بند کرکے دوسری آنکھ سے ناک کے نتھنے پر نظر ڈالے اور پلک نہ جھپکے جس طرح چراغ یا ستارہ کی روشنی کو دیکھتا ہے اسی طرح غیر معین نور کا تصور کرے اور

ایسا استغراق ہو کہ اس میں محو ہو جائے تو اس وقت اس کو اپنی صورت ایسے نظر آئیگی جس طرح آئینہ میں نظر آتی ہے اور نورِ الٰہی سے منور ہو جائے گا۔

سبق ۱۷، شغل سلطاناً محموداً

اس کا طریقہ یہ ہے کہ حسبِ سابق طریق سے دونوں بھوؤں کے بیچ میں نظر رکھیں۔ اس شغل میں سالک کو اپنا سر نظر آنے لگتا ہے جس سے عالمِ بالا کے حالات ظاہر ہوتے ہیں

سبق ۱۸ شغل سلطان الاذکار

طریقہ اس کا یہ ہے کہ سالک کسی اندھیرے والے کمرے یا حجرہ میں چلا جائے۔ جہاں شور و شغل کی آواز نہ ہو، درود و استغفا و اعوذ باللہ و بسم اللہ پڑھ کر یہ دعا تین بار یَا اَللّٰہُ اَعْطِنِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا اَوْ اَعْطِنِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ نُوْرًا حضورِ قلب و تصوّر سے کہے پھر لیٹ کر یا کھڑے ہو کر اپنے بدن کو ہلکا کرے اور مردہ تصوّر کرے پھر باہمت ہو کر جب سانس لے تو اللہ کا اور جب سانس باہر لائے تو ھُو کا تصوّر کرے اور خیال کرے کہ سانس کے جاتے اور باہر آتے وقت ہر ہر بال سے لفظ ھُو نکل رہا ہے اور اسمیں ایسا منہمک ہو کہ اپنا خیال بھی جاتا رہے اور ھُوالحیّ القیّوم کا ہر وقت تصوّر قائم کرے اس کے نتیجہ میں ہر ہر بال سے ذکر جاری ہو جائیگا۔

سبق ۱۹ شغل سرمدی

اس کا طریقہ یہ ہے کہ روئی وغیرہ سے حواس خمسہ کو بند کرے اور حواس خمسہ کو جمع کر کے خیال کرے کہ دماغ کے اوپر سے پانی گرنے کی آواز آرہی ہے اور اس کے سننے میں پوری ہمت سے مشغول ہو اور کبھی غفلت نہ کرے، کچھ دنوں کے بعد اس آواز کو اتنی قوت حاصل ہو جائے گی کہ بغیر کان بند کئے یہ آواز سنائی دے گی اور اس سے شور و غل بھی نہ ہوگا اور جب یہ ذکر تمام بدن میں سرایت کر جاتا ہے تو تمام جسم سے گنبد جیسی آواز آنے لگتی ہے اس کو اہلِ سلوک صوتِ حسن و ہمس کہتے ہیں جیسے قرآن میں ہے وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ

لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا (یعنی خدا کے لئے آوازیں پست ہو گئیں تو تم سوائے پست آواز کے کچھ نہیں سُنتے ہو) اس آواز سے اولیاء کو الہام کی نعمت حاصل ہوتی ہے۔ اس ذکر کے عجیب کیفیات وحالات ہوتے ہیں۔

سبق نمبر ۲۰، شغل بساط

اس کا طریقہ یہ ہے کہ آنکھیں بند کر کے زبان کو تالو سے لگا کر سانس کو اُمّ الدماغ میں روک کر گُرد دہ ھُو ھُو کو سُرخی مائل آفتاب کی طرح خیال کرے اور یہ خیال کرے کہ یہ تمام جسم میں پھیل کر اس کو حاوی ہو گیا ہے اور گویا کہ اس کا جسم فنا ہو گیا ہے، اور اس کی جگہ گُرد دہ ھُو قائم ہو گیا ہے اس مرتبہ فنا کا نام رویت تجلّی ذات اور لاہوت محمدی ہے، اس شغل میں اگر نور زرد دکھائی دے تو نور نفس ذات ہے اور اگر سُرخ دکھائی دے تو نور ملکوت ہے اور اگر سبز دکھائی دے تو نور جبروت ہے اور اگر سیاہ دکھائی دے تو نور لاہوت ہے۔

فائدہ اُمّ الدماغ آفتاب کی طرح ایک روشن نقطہ ہے جس کو دل مدور اور لطیفۂ اخفیٰ کہتے ہیں

مراقبات چشتیہ

سبق نمبر ۲۱ مراقبہ حضوری دو زانوں ہو کر بیٹھے سر کو گھٹنے پر رکھ کر دل کو غیر اللہ سے خالی کر کے بارگاہ خداوندی میں حاضر کرے اس کے بعد تعوذ وتسمیہ پڑھے اور اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ، اَللّٰہُ مَعِیْ کہہ کر مراقبہ میں اس کے معنی کا تصور کرے اور خیال کرے کہ اللہ حاضر وناظر ہے اور ہمیشہ میرے ساتھ ہے اس میں ایسا مستغرق ہو جائے کہ اپنا خیال بھی دل سے نکل جائے ——

ابتداء میں مراقبہ کرنے میں تکلیف ہو گی لیکن عادت ہو جانے کے بعد تکلیف نہ ہو گی

اس لئے گھبرا کر چھوڑنا نہیں، ان شاء اللہ تدریجاً ترقی ہو گی ـــــ

سبق ۲۲ مُراقبۂ رؤیت اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی

کے مفہوم کا تصور کرے یعنی خُدا کی رؤیت کا تصوّر کرے کہ خدا ہر حالت میں میرے ساتھ ہے اور وہ مجھے دیکھ رہا ہے۔

سبق ۲۳ مُراقبۂ معیّت :

یعنی وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ کے مفہوم ومعنی کا تصوّر کرے اور اس میں مُستغرق ہو جائے اور تصوّر کرے کہ اللہ تمہارے ساتھ ہے تم جہاں بھی ہو۔

سبق ۲۴ مراقبۂ اقربیت

یعنی نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ کے معنی کا تصور کرے کہ خدا تعالیٰ مجھ سے قریب ہے اور شہ رگ سے بھی نزدیک ہے۔

سبق ۲۵ مراقبۂ وحدت

یعنی هُوَ الْاَوَّلُ هُوَ الْاٰخِرُ هُوَ الظَّاهِرُ هُوَ الْبَاطِنُ کے مفہوم کا تصور کرے کہ اس کے سوا کوئی نہیں ـــــ

سبق ۲۶ مراقبۂ فنا وبقا۔

یعنی كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ کے مفہوم کا تصور کرے کہ تمام چیزیں فنا ہو جائیں گی اور ایک ذاتِ باری ہمیشہ رہے گی

سبق ۲۷ مراقبۂ جہت

اَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ کے مفہوم کا تصوّر کرے کہ ہر جہت میں اللہ

کی ذات بے کیف ہے ــــــ

سبق ۲۸ مراقبہ ۸ علم

کَانَ اللّٰہُ عَلَیۡکُمۡ رَقِیۡبًا کے مفہوم کا تصور کرے کہ وہ ہر چیز پر مطلع ہے۔

سبق ۲۹ مراقبہ ۹ احاطہ

وَھُوَ بِکُلِّ شَیۡءٍ مُّحِیۡطٌ کے معنی کا تصور کرے کہ اللہ سب کو محیط ہے ــــــ

سبق ۳۰ مراقبہ ۱۰ وجودی

وَفِیۡۤ اَنۡفُسِکُمۡ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ کے معنی کو ملحوظ رکھے کہ ہمارا وجود اللہ پر دلیل ہے، اللہ نے کس طرح جسم کو بنایا اور اسمیں کیسے دیکھنے، سننے، سمجھنے کے کارخانے لگائے ہیں ــــــ

سبق ۳۱ مراقبہ ۱۱ وصفی

ھُوَالۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ کے مفہوم کا تصور کرے کہ اللہ ہی ازلی و ابدی ہے اور سب کی نگرانی کرنے والا ہے ــــــ

ان کے علاوہ ارض و سما، وجنّت وجہنّم کے مراقبات بھی ہیں، حسب ارشادِ مرشد ان کی تعلیم دی جا سکتی ہے ــــــ

دوسرا شجرہ سلسلہ چشتیہ

جو حضرت مولانا محمد زکریا رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔

۱۔ الٰہی بحرمت شفیع المذنبین سید المرسلین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم!
۲۔ الٰہی بحرمت امیر المومنین اسد اللہ الغالب حضرت علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب!
۳۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ
۴۔ الٰہی بحرمت خواجہ عبد الواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ
۵۔ الٰہی بحرمت حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ
۶۔ الٰہی بحرمت حضرت سلطان ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ
۷۔ الٰہی بحرمت خواجہ حذیفہ مرعشی رحمۃ اللہ علیہ
۸۔ الٰہی بحرمت خواجہ ہبیرہ بصری رحمۃ اللہ علیہ
۹۔ الٰہی بحرمت خواجہ علو ممشاد دینوری رحمۃ اللہ علیہ
۱۰۔ الٰہی بحرمت خواجہ ابو اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ
۱۱۔ الٰہی بحرمت خواجہ ابو احمد ابدال رحمۃ اللہ علیہ
۱۲۔ الٰہی بحرمت خواجہ محمد ابو احمد رحمۃ اللہ علیہ
۱۳۔ الٰہی بحرمت خواجہ سید ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ
۱۴۔ الٰہی بحرمت خواجہ مودود چشتی رحمۃ اللہ علیہ
۱۵۔ الٰہی بحرمت خواجہ شریف زندنی رحمۃ اللہ علیہ
۱۶۔ الٰہی بحرمت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ
۱۷۔ الٰہی بحرمت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ
۱۸۔ الٰہی بحرمت شیخ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ
۱۹۔ الٰہی بحرمت شیخ فرید الدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ
۲۰۔ الٰہی بحرمت خواجہ علاء الدین صابر کلیری رحمۃ اللہ علیہ
۲۱۔ الٰہی بحرمت خواجہ شمس الدین ترک رحمۃ اللہ علیہ
۲۲۔ الٰہی بحرمت شیخ جلال الدین کبیر الاولیاء رحمۃ اللہ علیہ
۲۳۔ الٰہی بحرمت شیخ احمد عبد الحق رودلوی رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۔ الٰہی بحرمت شیخ عارف رحمۃ اللہ علیہ

۲۵۔ الٰہی بحرمت شیخ محمد بن شیخ عارف رحمۃ اللہ علیہ

۲۶۔ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت عبدالقدوس رحمۃ اللہ علیہ

۲۷۔ الٰہی بحرمت شیخ جلال الدین تھانیسری رحمۃ اللہ علیہ

۲۸۔ الٰہی بحرمت شیخ نظام الدین تھانیسری رحمۃ اللہ علیہ

۲۹۔ الٰہی بحرمت شاہ ابوسعید نعمانی رحمۃ اللہ علیہ

۳۰۔ الٰہی بحرمت خواجہ محب اللہ الہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ

۳۱۔ الٰہی بحرمت سید محمدی اکبر آبادی رحمۃ اللہ علیہ

۳۲۔ الٰہی بحرمت شاہ محمد مکی جعفری رحمۃ اللہ علیہ

۳۳۔ الٰہی بحرمت شیخ عضد الدین رحمۃ اللہ علیہ

۳۴۔ الٰہی بحرمت شیخ عبدالہادی رحمۃ اللہ علیہ

۳۵۔ الٰہی بحرمت شاہ عبدالباری صدیقی رحمۃ اللہ علیہ

۳۶۔ الٰہی بحرمت شیخ الحاج عبدالرحیم رحمۃ اللہ علیہ

۳۷۔ الٰہی بحرمت حضرت اقدس شیخ میانجی نور محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

۳۸۔ الٰہی بحرمت اعلیٰ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

۳۹۔ الٰہی بحرمت امام ربانی حضرت مولانا رشید احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت مولانا الحاج خلیل احمد صاحب مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت مولانا عبدالحئی بہلوی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت شیخ الحدیث والتفسیر امام العلماء والصلحاء
سیدی وسندی ومولائی وابی حضرت مولانا شفیق الرحمٰن صاحب درخواستی

احقر الی اللہ
حماد اللہ درخواستی

ختم خواجگانِ چشت رحمہم اللہ

جب کوئی ضرورت پیش آوے اوّل دس مرتبہ درود شریف پڑھے پھر تین سو ساٹھ مرتبہ وَلَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ پڑھے پھر سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ تعداد مذکور پڑھے۔ پھر یہی دعا، لَا مَلْجَأَ الیٰ آخرہ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے، پھر درود شریف دس مرتبہ پڑھ کر دعا، زاری سے کرے اور حاجت کی اللہ تعالیٰ سے درخواست کرے اور کچھ شیرینی بارواحِ خواجگان چشت رحمہم تقسیم کرے اور ہر روز پڑھتا رہے، ان شاء اللہ چند ایام میں مقصد حاصل ہوجائے گا۔

شجرہ مبارکہ حضرات چشتیہ رح

۱۔ الٰہی بحرمت شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین حبیبِ خدا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

۲۔ الٰہی بحرمت امیر المؤمنین اسد اللہ الغالب حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

۳۔ الٰہی بحرمت خیر التابعین حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۴۔ الٰہی بحرمت عبد الواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ

۵۔ الٰہی بحرمت خواجہ فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ

۶۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ سلطان ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ

۷۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ حذیفہ المرعشی رحمۃ اللہ علیہ

۸۔ الٰہی بحرمت حضرت امین الدین البصری رحمۃ اللہ علیہ

۹۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ ابو ابراہیم اسحاق علو دینوری رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ ابو اسحاق رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ احمد رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ ابو محمد رحمۃ اللہ علیہ
۱۳۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ
۱۴۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ مودود چشتی رحمۃ اللہ علیہ
۱۵۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ حاجی شریف زندنی رحمۃ اللہ علیہ
۱۶۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ
۱۷۔ الٰہی بحرمت حضرت امام الطریقۃ حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری اجمیری رحمۃ اللہ علیہ
۱۸۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ قطب الدین کاکی رحمۃ اللہ علیہ
۱۹۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ فرید الدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ
۲۰۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ مخدوم علی صابری رحمۃ اللہ علیہ
۲۱۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ شمس الدین پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ
۲۲۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ جلال الدین پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ
۲۳۔ الٰہی بحرمت حضرت خواجہ شیخ عبد الحق صاحب رودلی رحمۃ اللہ علیہ
۲۴۔ الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد عارف رودلی رحمۃ اللہ علیہ
۲۵۔ الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد رودلی رحمۃ اللہ علیہ
۲۶۔ الٰہی بحرمت حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ
۲۷۔ الٰہی بحرمت حضرت شیخ رکن الدین گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ
۲۸۔ الٰہی بحرمت حضرت شیخ عبد الواحد رحمۃ اللہ علیہ
۲۹۔ الٰہی بحرمت حضرت شیخ امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ
۳۰۔ الٰہی بحرمت حضرت شیخ خازن الرحمۃ محمد سعید رحمۃ اللہ علیہ
۳۱۔ الٰہی بحرمت حضرت شیخ عبد الاحد رحمۃ اللہ علیہ
۳۲۔ الٰہی بحرمت حضرت محمد عابد سنامی رحمۃ اللہ علیہ
۳۳۔ الٰہی بحرمت حضرت شیخ مرزا جان جاناں شہید رحمۃ اللہ علیہ
۳۴۔ الٰہی بحرمت حضرت شیخ الشیوخ سید غلام علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

۳۵- الٰہی بحرمت حضرت شاہ ابو سعید رحمۃ اللہ علیہ

۳۶- الٰہی بحرمت حضرت شاہ احمد سعید رحمۃ اللہ علیہ

۳۷- الٰہی بحرمت حضرت حاجی دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ علیہ

۳۸- الٰہی بحرمت حضرت امام الاولیاء خواجہ محمد عثمان رحمۃ اللہ علیہ

۳۹- الٰہی بحرمت حضرت مولانا سراج الدین رحمۃ اللہ علیہ

حضرت قطب زمان الحاج مولانا حسین علی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت غوث زمان مولانا محمد امیر صاحب دامانی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت قطب زمان عارف باللہ حضرت مولانا محمد عبد اللہ صاحب بہلوی ثم شجاع آبادی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت سید العارفین فانی فی اللہ باقی باللہ سیدی محمد عبد الحی صاحب ادام اللہ فیوضہم بہلوی ثم شجاع آبادی دامت برکاتہم العالیہ

الٰہی بحرمت حضرت شیخ الحدیث والتفسیر امام العلماء والصلحاء

سیدی وسندی ومولائی وابی حضرت مولانا شفیق الرحمٰن صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ

افقر الی اللہ

حماد اللہ درخواستی

اسباقِ سہروردیہ

سلسلہ سہروردیہ میں طریقۂ ذکر

سورۃ فاتحہ ایک بار، اخلاص تین بار، تین مرتبہ کلمہ تمجید، تین بار استغفار، تین مرتبہ درود پڑھ کر ایصالِ ثواب کرے حضورؐ و صحابہؓ و اہل بیتؓ و تمام اولیائے ومشائخ سہروردیہ، پھر ذکر شروع کرے۔

(اذکارِ سہروردیہ)

سبق ۱ ذکر نفی و اثبات

دوزانو یا چار زانو بیٹھے، لا کو دل سے اٹھائے اور سر کو بائیں زانو کی طرف مائل کرے اور پھر سر کو اٹھا کر دائیں کندھے کی طرف لے جائے اور اِلٰہ کو دائیں کندھے پر پہنچائے۔ پھر سر کو دل کی طرف مائل کرے اور اِلَّا اللّٰہُ کی ضرب دل پر لگائے لَآ اِلٰہَ کے وقت غیر کی نفی کرے اور اِلَّا اللّٰہ کے وقت اللہ کی ذات کا اثبات کرے اس کو ذکر ناسوتی کہتے ہیں۔

سبق ۲ ذکر اثبات مجرّد

ذکر اثبات مجرد یعنی فقط اِلَّا اللّٰہ کا ذکر جس کو ذکر ملکوتی کہتے ہیں

اشغال سہروردیہ

سبق ۳ شغلِ اسمِ ذات

جس کا طریقہ یہ ہے کہ لفظ اللہ دل سے نکالیں اور ساتھ اپنے سر کو دائیں کندھے تک لے جائیں، پھر اللہ کی ضرب دل پر لگائیں اور اسمِ ذات کو صفات سبعہ کے ساتھ موصوف خیال کر کے ذکر کریں، صفات سبعہ سے مُراد اللہُ قدیمٌ اللہُ مُریدٌ، اللہُ سمیعٌ، اللہُ بصیرٌ، اللہُ علیم، اللہُ قدیرٌ، اس کو ذکر جبروتی کہتے ہیں

سبق ۴ شغلِ اسمِ ھُو

اس کا طریقہ یہ ہے کہ سر کو سینہ پر جھکائیں اور ناف یا دل سے ھُو کو نکال کر دماغ تک لیجائیں اور دماغ پر ھُو کی ضرب لگائیں اس کو ذکرِ لاھوتی کہتے ہیں۔

سبق ۵ شغل پاس انفاس

سلسلہ چشتیہ میں اس کا طریقہ ذکر ہوچکا ہے

مُراقباتِ سہروردیہ

سبق ۶ مراقبہ حضور

اللہ حاضِری ، اللہ ناظِری اللہ مَعی کے مفہوم و معنی کا تصور کرنا۔

سبق ۷ مراقبہ معیت

باقی مراقبات سلسلہ چشتیہ و قادریہ والے ہیں۔ اس کے بعد دیگر اشغال و مراقبات دیگر سلاسل کے بھی کرائے جاتے ہیں۔

شجرہ مبارکہ حضرات سہروردیہ

الٰہی بحرمت شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین حبیب خدا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
الٰہی بحرمت امیر المومنین اسد اللہ الغالب حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ
الٰہی بحرمت افضل التابعین حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت امام الطریقۃ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت ممشاد دینوری رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت شیخ احمد دینوری رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت سید یار محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت شیخ وجیہ الدین عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت صاحب الطریقۃ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت شیخ صدر الدین ملتانی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت شیخ رکن الدین ملتانی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت شیخ مخدوم جہاں گشت رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت سید اجمل بہرائچی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت سید بدھن بہرائچی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت شیخ درویش محمد بن قاسم اودھی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت شیخ عبد القدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت شیخ رکن الدین رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت شیخ عبد الواحد رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت محبوب ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت خواجہ محمد سعید رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت شیخ عبد الاحد رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت شیخ محمد عابد رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت مرزا مظہر جانِ جاناں شہید رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت عبد اللہ المعروف بشاہ غلام علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت حضرت شاہ ابو سعید رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت احمد سعید رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت امام الاولیاء حضرت خواجہ محمد عثمان رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت حضرت خواجہ سراج الدین رحمۃ اللہ علیہ

حضرت رئیس المفسرین مولانا حسین علی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ مولانا محمد امیر رحمۃ اللہ علیہ

قطب الاقطاب عارف باللہ حضرت مولانا محمد عبداللہ بہلوی ثم شجاع آبادی رحمۃ اللہ علیہ۔

الٰہی بحرمت سید العارفین فانی فی اللہ باقی باللہ سیدی مولانا محمد عبدالحی صاحب بہلوی ثم شجاع آباد ادام اللہ فیوضہم

الٰہی بحرمت حضرت شیخ الحدیث والتفسیر امام العلماء والصلحاء سیدی وسندی ومولائی والی حضرت مولانا شفیق الرحمٰن صاحب درخواستی رحمۃ اللہ علیہ

افقر الی اللہ
حماد اللہ درخواستی

باب سوم

مسنون دعاؤں کے ذکر میں ہے

جو زندگی کے مخصوص اوقات و حاجات اور حالات میں پڑھی جاتی ہیں

۱۔ صبح و شام پڑھنے کی دعائیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (تین بار) اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ نَحْیٰی وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ رَضِیْنَا بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نَبِیًّا اَصْبَحْنَا عَلٰی فِطْرَۃِ الْاِسْلَامِ وَکَلِمَۃِ الْاِخْلَاصِ وَعَلٰی دِیْنِ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَعَلٰی مِلَّۃِ اَبِیْنَا اِبْرَاھِیْمَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ کہ جس کے نام کیساتھ نہیں پہنچا سکتی نقصان کوئی چیز زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہ سنتا جانتا ہے۔ پناہ چاہتا ہوں میں حق تعالیٰ کے کامل کلمات کے ساتھ تمام مخلوق کی برائی سے، یا اللہ آپ ہی کی قدرت سے صبح کی ہم نے اور آپ ہی کی قدرت سے شام کی ہم نے اور آپ ہی کی قدرت سے ہم زندہ ہیں اور آپ ہی کی قدرت سے ہم مرتے ہیں اور آپ ہی کی طرف اٹھنا ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے، اکیلا ہے وہ، نہیں کوئی شریک اس کا، اسی کا ملک ہے اور اسی کیلئے تعریف ہے، جلاتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے۔ نہیں موت اس کو اور وہ سب چیزوں پر قادر ہے۔ راضی ہیں ہم سب اللہ تعالیٰ سے باعتبار رب ہونے کے اور اسلام سے باعتبار دین ہونے کے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے باعتبار نبی ہونے کے، صبح کی ہم نے دین اسلام پر اور کلمہ اخلاص پر

أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَأَبُوْءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (حسبی اللہ سے عظیم تک سات بار پڑھے)۔

اور اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین پر اور اپنے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے طریقے پر جو کہ خاص مطیع تھے اور نہ تھے مشرکوں میں سے، یا اللہ تو ہی ہے رب میرا، نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے، پیدا کیا تو نے مجھے اور میں بندہ ہوں تیرا اور میں تیرے عہد اور تیرے وعدے پر ہوں جہاں تک استطاعت رکھتا ہوں اور اقرار کرتا ہوں تیری نعمت کا اپنے اوپر اور اقرار کرتا ہوں اپنے گناہ کا، پس بخشدے تو مجھے، کیونکہ نہیں بخشتا ہے گناہوں کو کوئی سوائے تیرے، پناہ پکڑتا ہوں میں تیری اپنے اعمال کی برائی سے، کافی ہے مجھ کو اللہ تعالیٰ نہیں کوئی معبود سوائے اس کے، اسی پر بھروسہ کیا میں نے اور وہ رب ہے عرش عظیم کا۔

۲- جب آفتاب طلوع ہو تو یہ دعا پڑھے:-

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَقَالَنَا يَوْمَنَا هٰذَا وَلَمْ يُهْلِكْنَا بِذُنُوْبِنَا۔

شکر ہے خدائے تعالیٰ کا جس نے آج ہمیں معافی دی اور ہمارے گناہوں کی وجہ سے ہمیں ہلاک نہیں کیا۔

۳- غروب آفتاب کے وقت یہ دعا پڑھے:-

اَللّٰهُمَّ هٰذَا إِقْبَالُ لَيْلِكَ وَإِدْبَارُ نَهَارِكَ وَأَصْوَاتُ دُعَاتِكَ وَحُضُوْرُ صَلَوَاتِكَ فَاغْفِرْ لِيْ۔

یا اللہ یہ وقت ہے آپ کی رات کے آنے کا اور آپ کے دن کے جانے کا اور آپ کے سائلوں کی پکار کا، اور تیری دعاؤں کے حاضر ہونے کا پس مجھے بخش دے۔

۴- جب گھر میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا۔

یا اللہ! میں مانگتا ہوں آپ سے بھلائی اندر جانے کی اور بھلائی باہر نکلنے کی، خدائے تعالیٰ کے نام سے اندر جاتے ہیں ہم اور خدائے تعالیٰ کے نام سے باہر نکلتے ہیں ہم اور اپنے رب تعالیٰ پر بھروسہ کیا ہم نے

۵- جس وقت گھر سے نکلے تو یہ دُعا پڑھے :-

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ـ خدائے تعالیٰ کے نام کے ساتھ خدا پر بھروسہ کیا میں نے گناہوں سے بچانا اور نیکیوں کی طاقت دینا اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

۶- سوتے وقت یہ دُعا پڑھے :-

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى ـ یا اللہ میں تیرے نام کو یاد کرتے ہوئے مرتا ہوں اور جاگتا ہوں ـــ

۷- جب کوئی بُرا خواب دیکھے تو یہ دُعا پڑھے :-

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ وَشَرِّ هٰذِهِ الرُّؤْيَا (تین بار کہے اور بائیں طرف تھتکار دے پھر کروٹ بدل لے اور کسی سے وہ خواب بیان نہ کرے) اور جب چونک جائے یا دحشت چھا جائے یا بیخوابی ہو تو یہ کہے۔	پناہ پکڑتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کی شیطان سے اور اس خواب کی برائی سے۔ .. ..
اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ ـــ	پناہ پکڑتا ہوں میں خدائے تعالیٰ کے کامل کلمات کیساتھ اس کے غصہ اور اس کے عذاب سے اور اس کی مخلوق کی برائی سے اور شیطانوں کی چھیڑ سے اور اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔

۸- سو کر اُٹھے تو یہ دُعا پڑھے :-

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ۔	شکر ہے اللہ کا جس نے ہمیں زندہ کیا بعد مار دینے کے اور اسی کی طرف اُٹھنا ہے۔

۹- جب بیت الخلاء میں جانے کا ارادہ کرے تو یہ دُعا پڑھے :-

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ	شروع اللہ کے نام کے ساتھ یا اللہ میں پناہ

اَلْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ۔ | پکڑتا ہوں تیری ناپاک جنوں اور ناپاک جنیوں سے

۱۰۔ جب بیت الخلاء سے باہر آئے تو یہ دُعا پڑھے:

غُفْرَانَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنِّي الْاَذٰى وَعَافَانِيْ۔

بخشش چاہتا ہوں میں آپ کی شکر ہے اللہ کا جس نے دُور کر دی مجھ سے گندگی اور صحت دی مجھکو

۱۱۔ جب وضو شروع کرے تو یہ دُعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ الْمَاءَ طَهُوْرًا۔ کلی کرتے وقت کہے اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَتِلَاوَةِ كِتَابِكَ ناک میں پانی ڈالتے وقت کہے اَللّٰهُمَّ اَرِحْنِيْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَلَا تُرِحْنِيْ رَائِحَةَ النَّارِ منہ دھوتے وقت کہے اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِيْ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ۔ دایاں ہاتھ دھوتے وقت کہے اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ وَحَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَّسِيْرًا۔ جب بایاں ہاتھ دھوئے تو کہے اَللّٰهُمَّ لَا تُعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِشِمَالِيْ وَلَا مِنْ وَّرَاءِ ظَهْرِيْ وَلَا تُحَاسِبْنِيْ حِسَابًا عَسِيْرًا۔ سر کے مسح کے وقت کہے اَللّٰهُمَّ حَرِّمْ شَعْرِيْ وَبَشَرِيْ عَلَى النَّارِ وَاَظِلَّنِيْ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِكَ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّكَ۔ کانوں کے مسح کے وقت کہے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ۔ گردن کے مسح کے وقت کہے اَللّٰهُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ جب پاؤں دھوئے تو کہے۔ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِيْ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے سب تعریف اللہ کیلئے ہے جس نے پانی کو پاکی کا ذریعہ بنایا ـــــ یا اللہ مدد کر میری اپنے ذکر پر اور شکر پر اور تلاوت قرآن پر ـــــ یا اللہ سنگھا مجھ کو جنت کی خوشبو اور نہ سنگھا مجھے دوزخ کی بو ـــــ یا اللہ روشن کرے میرا منہ جس دن روشن ہونگے چہرے اور سیاہ ہونگے چہرے، ـــــ یا اللہ دے مجھ کو میرا اعمالنامہ میرے داہنے ہاتھ میں اور کر حساب مجھ سے آسان یا اللہ نہ دے مجھ کو میرا اعمالنامہ میرے بائیں ہاتھ میں اور نہ پیٹھ کے پیچھے سے اور نہ حساب لے مجھ سے حساب مشکل ـــــ یا اللہ محفوظ رکھ آگ سے میرے بالوں کو اور میرے جسم کو اور لے مجھے اپنے عرش کے سائے کے نیچے اس دن کہ تیرے سوائے اور کسی کا سایہ نہ ہوگا ـــــ یا اللہ مجھے ان لوگوں میں سے جو سنتے ہیں تیرے قول کو اور پیروی کرتے ہیں اسکی اچھی طرح سے ـــــ یا اللہ میری گردن کو آگ سے بچا لیجئے ـــــ

تَزِلُّ فِيْهِ الْاَقْدَامُ۔	یا اللہ مضبوط رکھ میرے قدم اوپر صراط کے جس دن

کہ لغزش کھائیں گے قدم اس میں ۔

۱۲۔ وضو کے درمیان میں یہ دُعا پڑھے :۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔	یا اللہ بخش دے میرے گناہ اور کشائش دے مجھے میرے گھر میں اور برکت دے میری روزی میں۔

۱۳۔ وضو کے بعد یہ دُعا پڑھے :۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔	دل سے اقرار کرتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے، اکیلا ہے وہ، نہیں ہے کوئی شریک اس کا اور اقرار کرتا ہوں میں کہ بیشک محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے بندے ہیں اور اس کے رسول ہیں، اے اللہ بنا مجھ کو توبہ کرنیوالوں میں سے اور کر مجھے پاک وصاف لوگوں میں سے، پاکی بیان کرتا ہوں میں آپکی اور تعریف کرتا ہوں آپ کی، دل سے اقرار کرتا ہوں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوا آپ کے، بخشش چاہتا ہوں آپ سے اور توبہ کرتا ہوں آپ کے سامنے۔

۱۴۔ جب تہجد کے لئے اُٹھے تو یہ دُعا پڑھے :

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّوْنَ	یا اللہ واسطے آپکے ہی ہے تعریف، آپ ہی ہیں قائم رکھنے والے آسمانوں اور زمین کے اور ان کے جو ان میں ہیں، اور آپ ہی کے لئے حمد ہے آپ ہی بادشاہ ہیں آسمانوں اور زمین کے اور جو ان میں ہے۔ اور آپ ہی کیلئے حمد ہے آپ ہی منور کرنیوالے ہیں آسمانوں اور زمین کے اور ان کے جو ان میں ہے اور آپ ہی کیلئے حمد ہے، آپ برحق ہیں اور وعدہ آپکا برحق ہے اور حضوری آپ کے

حَقٌّ وَّمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَّالسَّاعَۃُ حَقٌّ۔ اَللّٰھُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْکَ اَنَبْتُ وَبِکَ خَاصَمْتُ وَاِلَیْکَ حَاکَمْتُ اَنْتَ رَبُّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ فَاغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ اَنْتَ اِلٰہِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

سامنے برحق ہے اور ارشاد آپ کا حق ہے اور جنت برحق ہے اور دوزخ برحق ہے اور سب نبی برحق ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم برحق ہیں اور قیامت برحق ہے، یا اللہ آپ ہی کا فرمانبردار ہوں اور آپ ہی پر ایمان لایا ہوں اور آپ ہی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور آپ ہی کی طرف رجوع کرتا ہوں میں، آپ ہی کے زور پر مقابل ہوتا ہوں دشمنانِ دین کے، اور آپ ہی کی طرف فیصلہ لاتا ہوں میں، آپ ہی ہیں رب ہمارے اور آپ ہی کی طرف لوٹنا ہے، بس بخش دیجئے جو کچھ میں نے آگے کیا ہو اور جو کچھ میں نے پیچھے کیا ہو، اور جو کچھ پوشیدہ کیا ہو اور جو کچھ ظاہر کیا ہو اور جو کچھ آپ زیادہ جاننے والے ہیں مجھ سے، آپ ہی آگے بڑھانے والے ہیں اور آپ ہی پیچھے ہٹانے والے ہیں، آپ ہی ہیں معبود میرے، نہیں کوئی معبود سوائے آپ کے، اور نہیں ہے پھرنا گناہ سے اور نہ طاقت عبادت کی مگر ساتھ اللہ کے ـــــــ

۱۵- جب اذان سنے تو جو کچھ مؤذن کہے اس کے جواب میں وہی کلمات کہے اور جب مؤذن ـــــــ

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کہے تو سننے والا کہے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ تکبیر اقامت کا جواب بھی اذان کی طرح دے اور قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کے جواب میں کہے اَقَامَھَا اللّٰہُ وَاَدَامَھَا۔ اور اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کا جواب ہے صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَنَطَقْتَ بِالْحَقِّ۔

(آؤ طرف نماز کے۔ آؤ طرف بھلائی کے) نہیں ہے طاقت اور نہیں ہے قوت مگر اللہ کے ساتھ ...... نماز قائم ہوگئی ...... اللہ اسے قائم کرے اور ہمیشہ رکھے ...... نماز نیند سے بہتر ہے ...... تو نے سچ کہا اور تیری نجات ہوئی اور تو حق کے ساتھ بولا ہے۔

۱۶- اذان کے بعد یہ دُعا پڑھے :-

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ

یا اللہ اس پوری اذان اور قائم نماز کے پروردگار

الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۔

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو وسیلہ اور فضیلت دے اور درجہ بلند عطا کر اور اس کو مقامِ محمود میں اٹھا جس کا تو نے وعدہ کیا ہے اور اس کی شفاعت بھی ہم کو نصیب کر، بیشک تو وعدہ خلاف نہیں ہوتا۔

۱۷- جس وقت صبح کی نماز کیلئے نکلے تو یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ شِمَالِيْ نُوْرًا وَّخَلْفِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّفِيْ عَصَبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ لَحْمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ دَمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ شَعْرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَشَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا وَّمِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ نُوْرًا۔

یا اللہ کر دیجئے میرے دل میں نور اور میری زبان میں نور اور میری بینائی میں نور اور میری سماعت میں نور اور میرے دائیں نور اور میرے بائیں نور اور میرے پیچھے نور اور کر دیجئے میرے لئے ایک خاص نور اور میرے خون میں نور اور میرے بال میں نور اور میری کھال میں نور اور میری زبان میں نور اور کر دیجئے میری جان میں نور اور بڑا دیجئے مجھ کو نور اور کر دیجئے مجھ کو سراپا نور اور کر دیجئے میرے اوپر نور اور میرے نیچے نور، یا اللہ دیجئے مجھ کو خاص نور ـــــــ

۱۸- جب مسجد میں داخل ہو تو کہے:۔

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ۔

یا اللہ کھولدے میرے لئے دروازے اپنی رحمت کے۔

۱۹- جب مسجد سے نکلے تو یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

یا اللہ میں مانگتا ہوں آپ کا فضل۔

۲۰- ہر نماز کے بعد اپنے سر پر داہنا ہاتھ پھیرے اور یہ دعا پڑھے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ

اللہ کے نام کے ساتھ وہ اللہ کہ نہیں ہے کوئی

الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّى الْهَمَّ وَالْحُزْنَ ۔

معبود سوائے اس کے بخشش والا مہربان ہے۔ یا اللہ دُور کر دیجئے مجھ سے فکر اور غم

۲۱۔ صبح اور مغرب کی نماز کے بعد یہ دُعا پڑھے:۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِىْ وَ يُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۔ پھر سات مرتبہ کہے اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِىْ مِنَ النَّارِ ۔

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اکیلا ہے وہ نہیں کوئی شریک اس کا اسی کا ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اسی کے ہاتھ میں بھلائی اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ یا اللہ پناہ دیجئے مجھے دوزخ سے۔

(۲۲) چاشت کی نماز کے بعد یہ دُعا پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ بِكَ اُحَاوِلُ وَبِكَ اُصَاوِلُ وَ بِكَ اُقَاتِلُ ۔

اے اللہ تیرے ہی سہارے چلتا پھرتا ہوں اور تیرے ہی بھروسے دشمنوں پر حملہ کرتا ہوں اور تیرے ہی زور پر لڑتا ہوں۔

۲۳۔ خطبہ نکاح

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَ مِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِىَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا بَيْنَ يَدَىِ السَّاعَةِ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ يَّعْصِهِمَا فَاِنَّهٗ لَا يَضُرُّ اِلَّا نَفْسَهٗ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے ہم اس کی تعریف کرتے ہیں اور اسی سے مدد مانگتے ہیں اور اسی سے مغفرت طلب کرتے ہیں اور اپنی جانوں کی بُرائی اور بُرے اعمال سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں جس کو اللہ ہدایت دے اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں اور جس کو وہ گمراہ کرے تو اس کا کوئی ہادی نہیں اور گواہی دیتا ہوں میں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے کوئی اس کا شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔ اللہ نے ان کو رسولِ برحق

وَلَا يَضُرُّ اللّٰهَ شَيْئًا وَنَسْئَلُ اللّٰهَ تَعَالٰى اَنْ يَّجْعَلَنَا مِمَّنْ يُّطِيْعُهٗ وَيُطِيْعُ رَسُوْلَهٗ وَ يَتَّبِعُ رِضْوَانَهٗ وَيَجْتَنِبُ سَخَطَهٗ فَاِنَّمَا نَحْنُ بِهٖ وَلَهٗ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ٥ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ٥ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ٥

کیا، بشارت دینے والا اور قیامت سے ڈرانے والا، جو شخص اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرے تو بیشک اس نے ہدایت پائی اور جو ان کی نافرمانی کرے تو وہ اپنی جان کے سوا کسی کو نقصان نہیں پہنچائے گا اور اللہ کا کچھ نقصان نہ کریگا اور ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ ہم کو ان لوگوں میں سے کرے جو اس کی اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرتے ہیں اور اس کی رضا کے تابع ہوتے ہیں اور اس کے غصے سے بچتے ہیں۔ پس ہم اس کے ساتھ اور اسی کے واسطے ہیں۔ اے لوگو! اپنے اس رب سے ڈرو جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا اور اس سے اس کی زوجہ کو پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورت پھیلائے، اور اس سے ڈرو جس کے وسیلے سے آپس میں سوال کرتے ہو اور قطع رحم سے بیشک اللہ تم پر محافظ ہے، اے مسلمانو! اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور ہرگز نہ مرنا مگر اس حال میں کہ مسلمان ہو۔ اے مسلمانو! اللہ سے ڈرو اور ٹھیک بات کہو وہ تمہارے عمل سنوار دے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ اور جس نے اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کی تو اس نے بڑی مراد پائی ــــــ

۲۴- دولھا کو مبارک باد کیلئے یہ کہے:-

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ جَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ ــــــ

اللہ تعالیٰ تیرے واسطے برکت کرے اور اللہ تعالیٰ تجھ پر برکت کرے اور تم دونوں کو بہتری پر جمع کرے۔

۲۵- جب دولھا، دلہن کے پاس جائے تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ۔

خداوندا! میں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتا ہوں۔

٢٦- خلوت کے وقت یا غلام خریدتے وقت یا جانور خریدتے وقت چاہیے کہ اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر یہ دُعا پڑھے:-

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِھَا وَخَیْرِ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْهِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْهِ۔	یا اللہ! میں سوال کرتا ہوں آپ سے بھلائی اس کی اور بھلائی اس کی کا پیدائشی عادتوں کی اور پناہ چاہتا ہوں میں آپ سے اس کی بُرائی سے اور اس کی پیدائشی عادتوں کی برائی سے۔

٢٧- جب قُربت کا ارادہ کرے تو یہ دُعا پڑھے:-

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا	خدا کے نام کے ساتھ یا اللہ دُور رکھیے ہم کو شیطان سے اور دُور رکھیے شیطان کو اس بچہ سے جو نصیب کریں آپ ہم کو۔

٢٨- جس وقت انزال ہو تو اپنے دل میں کہے:-

اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْ لِلشَّیْطَانِ فِیْمَا رَزَقْتَنِیْ نَصِیْبًا۔	یا اللہ! جو بچہ آپ ہمیں عنایت کریں اس میں شیطان کا کوئی حصہ نہ رکھیے۔

٢٩- جب روزہ افطار کرے تو یہ دُعا پڑھے:-

اَللّٰھُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ (اور افطار کے بعد یہ دُعا پڑھے) ذَھَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی۔	اے اللہ میں نے تیرے لئے روزہ رکھا اور تیرے رزق پر میں نے افطار کیا جاتی رہی پیاس اور تر ہوگئیں رگیں اور ثابت ہوگیا ثواب ان شاء اللہ تعالیٰ۔

٣٠- جب کسی کے ہاں روزہ افطار کرے تو یہ دُعا پڑھے:-

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ	افطار کیا کریں تمہارے پاس روزہ دار لوگ اور

الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰئِكَۃُ۔ | کھایا کریں تمہارے کھانے کو نیک اشخاص اور رحمت کی دُعا کیا کریں تمہارے لئے فرشتے :۔

۳۱- جب کھانا شروع کرے تو یہ دُعا پڑھے :۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ۔ | خُدا کے نام سے اور اللہ تعالیٰ کی برکت کے ساتھ۔

۳۲- جب کھانا کھا چکے تو یہ دُعا پڑھے :۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔ | شکر ہے اللہ تعالیٰ کا جس نے ہم کو کھلایا اور پلایا اور کیا ہمیں مُسلمانوں میں سے۔

۳۳- جب پیٹ بھر جائے تو یہ دُعا پڑھے :۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ اَشْبَعَنَا وَاَرْوَانَا وَاَنْعَمَ عَلَیْنَا وَاَفْضَلَ۔ | سب تعریفیں اس اللہ کو جس نے ہمارا پیٹ بھرا اور ہم کو سیراب کیا اور ہم پر انعام اور فضل کیا

۳۴- اگر کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی بھول گیا تو یہ دُعا پڑھے :

بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ۔ | ساتھ نام اللہ کے شروع اور آخر طعام کے۔

۳۵- اگر کوڑھی یا کسی آفت رسیدہ (بیمار) کے ساتھ کھائے تو یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ ثِقَۃً بِاللّٰہِ وَتَوَکُّلًا عَلَیْہِ۔ | اللہ کے نام سے اللہ پر بھروسہ اور اسی پر اعتماد کرتے ہوئے

۳۶- کھانا کھانے کے بعد کی دیگر دُعا :۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا مِّنْہُ | خداوندا! ہمیں اس میں برکت دے اور اس سے بہتر کھلا۔

۳۷- اگر دُودھ پیئے تو یہ پڑھے :۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ. — خداوندا ہمیں اس میں برکت دے اور اس کو ہمارے لئے زیادہ کر۔

۳۸۔ اگر دعوت کا کھانا کھائے تو یہ دُعا پڑھے :۔

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ۔ اور یہ بھی زیادہ کرے وَبَارِكْ لَهٗ فِيْ مَالِهٖ وَرِزْقِهٖ۔ یا یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِصَاحِبِ الطَّعَامِ۔

یا اللہ کھانا دے اس کو جس نے مجھے کھانا کھلایا اور پانی پلا اس کو جس نے مجھے پانی پلایا۔ اور برکت دے اس کے مال اور رزق میں اے اللہ کھانے کے مالک کو بخش دے۔

۳۹۔ جب کوئی کپڑا پہنے تو یہ دُعا پڑھے :۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ۔

سب تعریف اس اللہ کو جس نے مجھے یہ پہنایا اور مجھے یہ دیا بغیر میری قوت اور طاقت کے۔

۴۰۔ جب نیا کپڑا پہنے تو یہ دُعا پڑھے :۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَا اُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيٰوتِيْ۔

سب تعریف اس خدا کو جس نے مجھے ایسا کپڑا پہنایا جس سے میں اپنا ستر ڈھانپتا ہوں اور اپنی زندگی میں زینت حاصل کرتا ہوں۔

۴۱۔ جب اپنے دوست کو نیا کپڑا پہنے دیکھے تو کہے :۔

تُبْلِيْ وَيُخْلِفُ اللّٰهُ اَبْلِ وَاَخْلِقْ ثُمَّ اَبْلِ وَاَخْلِقْ ثُمَّ اَبْلِ وَاَخْلِقْ۔

پرانا کر اللہ اس کا بدل دیگا، پرانا کر اور پرانا کر پھر پرانا کر اور پرانا کر پھر پرانا کر اور پرانا کر۔

۴۲۔ جب کسی کو رخصت کرے تو اس کو یہ دُعا دے :

اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ ـــ

اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں تیرے دین کو اور تیری قابل حفاظت چیزوں کو اور تیرے اعمال کے انجام کو

۴۳۔ جب سفر کا ارادہ کرے تو یہ دُعا پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصُوْلُ وَبِکَ اَحُوْلُ وَبِکَ اَسِیْرُ ۔

اے اللہ آپ ہی کی مدد سے حملہ کرتا ہوں اور آپ ہی کی مدد سے حملہ روکتا ہوں اور آپ ہی کی مدد سے چلتا ہوں۔

۴۴۔ جب پیر رکاب میں رکھے تو کہے بِسْمِ اللہِ اور جب سواری پر اچھی طرح بیٹھ جائے تو یہ پڑھے:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۔ جب چلنا شروع کرے تو یہ کہے اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا ھٰذَا السَّفَرَ وَاطْوِعَنَّا بُعْدَہٗ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَاٰبَۃِ الْمَنْظَرِ وَسُوْٓءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَھْلِ وَالْوَلَدِ ۔

اے اللہ شکر ہے آپ کا پاکی ہے اس کو جس نے ہمارے قبضہ میں کر دیا اس کو اور نہ تھے ہم اس کو قابو میں کرنیوالے اور ہم اپنے پروردگار کی طرف ضرور لوٹنے والے ہیں۔ اے اللہ آسان کر دیجیے ہم پر اس سفر کو اور کم کر دیجیے ہم پر درازی اس سفر کی اے اللہ آپ ہی رفیق سفر ہیں اور خبر گیراں ہیں گھر بار میں، یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں آپ کی سفر کی مشقت سے اور بری حالت دیکھنے سے اور واپس آکر بری حالت پانے سے مال میں اور بیوی بچوں میں۔

۴۵۔ جب سفر سے لوٹے تو اوپر والی دُعا پڑھے اور یہ اور زیادہ کرے:

اٰئِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ سَآئِحُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللہُ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ

ہم رجوع کرنے والے ہیں توبہ کرنے والے ہیں عبادت کرنیوالے سجدہ کرنیوالے پھرنے والے اپنے ربّ کی تعریف کرنیوالے ہیں سچ کر دکھایا اللہ نے اپنا وعدہ اور اپنے بندہ کو غالب کیا اور گروہ کفار کو تنہا شکست دی ۔

۴۶۔ جب سفر سے آکر گھر میں جائے تو کہے:

تَوْبًا تَوْبًا لِرَبِّنَا اَوْبًا لَا یُغَادِرُ عَلَیْنَا

توبہ کرتا ہوں، توبہ کرتا ہوں اپنے ربّ کی طرف

خود کو ـــــــ | رجوع کرتا ہوں کہ ہم پر کوئی گناہ نہ چھوڑے۔

۴۷- جب کشتی میں سوار ہو تو کہے :-

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌ بِیَمِیْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعَالٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ۔

اللہ کے نام سے اس کا چلنا اور ٹھہرنا ہے بیشک میرا رب غفور رحیم ہے اور انہوں نے اللہ کی اتنی تعظیم نہیں کی جتنا اس کی تعظیم کا حق ہے اور قیامت کے روز ساری زمین اس کی مٹھی میں ہو گی اور تمام آسمان لپٹی ہوئی حالت میں اس کی داہنی مٹھی میں ہوں گے، اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے جس کو اس کا شریک ٹھہراتے ہیں

۴۸- جب کسی شہر کے اندر جانا چاہے تو یہ دُعا، پڑھے :-

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهَا (تین بار پڑھے) اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاهَا وَحَبِّبْنَا اِلٰی اَهْلِهَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَهْلِهَا اِلَیْنَا

یا اللہ برکت دیجئے اس شہر میں ہمیں ـــــ یا اللہ نصیب کر دیجئے ہمیں ثمرات اس کے اور عزیز کر دیجئے ہمیں اہل شہر کے نزدیک اور محبت دیجئے ہمیں اہل شہر کے نیک لوگوں کی ـــــ

۴۹- جب کسی منزل میں اُترے تو یہ دُعا، پڑھے :

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ ـــــ

پناہ میں آتا ہوں خُدائے تعالیٰ کی کامل باتوں کی تمام مخلوق کی بُرائی سے۔

۵۰- نومُسلم کو یہ دُعا، تعلیم کرے :-

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاهْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔

اے اللہ بخش دیجئے مجھے اور رحم کیجئے مجھ پر اور ہدایت کیجئے مجھے اور رزق دیجئے مجھے۔

۵۱- مصیبت کے وقت یہ دُعا، کثرت سے پڑھے :-

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی اللّٰهِ

کافی ہے ہم کو اللہ اور اچھا کارساز ہے اللہ پر

تَوَکَّلْنَا ــــــــ بھروسہ کیا ہم نے۔

۵۲- صدمہ کے وقت یہ دُعا پڑھے:-

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ عِنْدَكَ اَحْتَسِبُ مُصِیْبَتِیْ فَاْجُرْنِیْ فِیْھَا وَاَبْدِلْنِیْ مِنْھَا خَیْرًا۔	بیشک ہم اللہ کے ہیں اور بیشک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں اے اللہ میں آپ کے پاس ثواب مانگتا ہوں اپنی مصیبت کا پس اجر دیتا مجھے

اس میں اور بدلہ میں دیجئے مجھے بہتر اس سے ــــ

۵۳- جب ظالم کا خوف ہو تو یہ دُعا پڑھے:-

اَللّٰھُمَّ اکْفِنَاہُ بِمَا شِئْتَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔	اے اللہ جس طرح تو چاہے ہماری طرف سے اس کو کافی ہو اے اللہ میں کرتا ہوں آپ کو مقابلے میں ان کے اور پناہ چاہتا ہوں آپکی ان کی بدی سے

۵۴- دعاء توبہ:-

اَللّٰھُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ (تین بار پڑھے)	یا اللہ مغفرت آپکی زیادہ وسیع ہے میرے گناہوں سے اور رحمت آپ کی زیادہ اُمید کی چیز ہے میرے

نزدیک میرے عمل سے ــــ

۵۵- دُعاء قلتِ بارش:-

اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا (تین بار) اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا (تین بار) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِیُّ وَ	اے اللہ پانی پلا دیجئے ہمیں ــــ یا اللہ مینہ برسایئے ہم پر۔ سب تعریف اللہ کو جو سب جہانوں کا پروردگار ہے۔ رحمٰن اور رحیم ہے قیامت کا مالک ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے، خداوندا، تو ہی معبود ہے

نَحْنُ الْفُقَرَآءُ اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ وَ اجْعَلْ مَآ اَنْزَلْتَ عَلَيْنَا قُوَّةً وَّبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُّغِيْثًا مَّرِيْئًا مَّرِيْعًا نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَيْرَ اٰجِلٍ رَائِثٍ اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَآئِمَكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْ عَلٰى اَرْضِنَا زِيْنَتَهَا وَسَكَنَهَا۔	تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو غنی ہے اور ہم محتاج ہم پر مینہ برسا اور وہ خیر جو تو ہم پر نازل کرے اس کو قوت اور ایک وقت تک پہنچنے کا سبب کر، خداوندا ہم پر ایسا مینہ برسا جو قحط سے بچانے والا، نبات اگانے والا، نفع دینے والا، ضرر نہ کرنے والا، جلدی والا، نہ دیر میں، نہ رکا ہوا۔ خداوندا! اپنے بندوں اور جانوروں کو سیراب کر اور اپنی رحمت فراخ کر، اپنے مردہ شہر کو زندہ فرما، خداوندا، ہماری زمین پر اس کی زینت نازل کر اور اس کے رہنے والوں کو تسلی دے۔

۵۶- جب بادل آتا دیکھے تو یہ دعا پڑھے:-

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَآ اُرْسِلَ بِهٖ۔	اے اللہ ہم پناہ چاہتے ہیں آپ کی اس چیز کی برائی سے جس کے ساتھ یہ بھیجا گیا ہو۔

۵۷- بارش کے وقت یہ دعا

اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَّافِعًا۔	یا اللہ نفع دینے والی بارش برسا۔

۵۸- جب زیادہ بارش سے نقصان کا اندیشہ ہو تو یہ دعا پڑھے:-

اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالْاٰجَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ	یا اللہ برسایئے آس پاس ہمارے اور نہ برسا اوپر ہمارے یا اللہ ٹیلوں پر اور نیستانوں پر اور پہاڑوں پر اور وادیوں پر اور درختوں کے اگنے کی جگہوں پر

۵۹- گرج اور کڑک کے وقت یہ دعا پڑھے:-

اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا	اے اللہ قتل نہ فرمایئے ہمیں اپنے غصے سے

بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذَالِكَ۔ | اور نہ ہلاک کیجئے ہمیں اپنے عذاب سے اور معافی دیجئے ہمیں پہلے ان سے۔

۶۰- آندھی کے وقت یہ دُعا پڑھے :۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَخَيْرِ مَا فِيْهَا وَخَيْرِ مَا اُمِرَتْ بِهٖ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِهٖ۔

یا اللہ ہم مانگتے ہیں آپ سے بھلائی اس ہوا کی اور بھلائی اس کی جو اس میں ہے اور بھلائی اس کی جس کا اس کو حکم دیا گیا ہے اور پناہ چاہتے ہیں ہم آپ سے برائی سے اس ہوا کی اور برائی سے اس چیز کی جو اس میں ہے اور برائی سے اس کی جس کا اس کو حکم کیا گیا ہے۔

۶۱- مرغ کی آواز سُنے تو یہ دُعا پڑھے :۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ۔ | یا اللہ! میں مانگتا ہوں آپ کا فضل۔

۶۲- گدھے یا کُتے کی آواز سُن کر کہے

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ | پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے۔

۶۳- سُورج یا چاند گرہن ہو تو اَللّٰهُ اَكْبَرُ بہت پڑھے، نماز پڑھے، خیرات کرے اور اَللّٰه سے دُعا مانگے۔

۶۴- پہلی رات کا چاند دیکھے تو یہ دُعا پڑھے :۔

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ۔

یا اللہ نکالنا اس کو ہم پر برکت اور ایمان کے ساتھ اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ اور اعمال مرغوبہ اور پسندیدہ کے ساتھ، رب میرا اور تیرا (اے چاند) اللہ ہے۔

۶۵- جب چاند پر نظر پڑے تو یہ دُعا، پڑھے :-

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ ھٰذَا الْغَاسِقِ	پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی اس تاریک ہوجانے والے کی بُرائی سے

۶۶- جب شب قدر دیکھے تو یہ دُعا، پڑھے :-

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ -	یا اللہ، آپ مُعاف کرنیوالے ہیں پسند کرتے ہیں عفو کو پس درگذر کیجئے، مجھ سے۔

۶۷- آئینہ دیکھے تو کہے :-

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ	یا اللہ آپ نے اچھا بنایا میری صُورت کو پس اچھا کر دیجئے میری سیرت کو

۶۸- مُسلمان کو ہنستا دیکھے تو کہے :-

اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّکَ	خدائے تعالیٰ تجھ کو ہنستا ہی رکھے۔

۶۹- احسان کے بدلہ میں یہ کہے :

جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا -	جزا دے اللہ تجھ کو بہتر۔

۷۰- اپنا قرض وصُول ہو تو کہے :-

اَوْفَیْتَنِیْ اَوْفَی اللّٰہُ بِکَ -	تُو نے میرا حق پُورا کیا اللہ تعالیٰ تیرا حق پُورا کرے۔

۷۱- خوشی کے موقع پر یہ دُعا، پڑھے :-

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ -	شُکر ہے اللہ کا جس کے انعام سے اچھی چیزیں کمال کو پہنچتی ہیں۔

۷۲- خلافِ طبع بات ہو تو یہ دُعا، پڑھے:-

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ۔	شکر ہے اللہ کا ہر حال میں۔

۷۳- وسوسہ کے وقت یہ دُعا، پڑھے:-

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَرُسُلِہٖ ـــــ	پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے ایمان لایا میں اللہ پر اور اس کے رسُول پر۔

۷۴- غصہ کے وقت پڑھے:-

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ

۷۵- جب مجلس سے اُٹھے تو یہ دُعا، پڑھے:-

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ۔	پاکی ہے اللہ کی اور اس کی تعریف ہے پاکی بیان کرتا ہوں میں تیری حمد کیساتھ دل سے اقرار کرتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے بخشش چاہتا ہوں تجھ

سے اور توبہ کرتا ہوں تیرے سامنے۔

۷۶- بازار پہنچے تو یہ دُعا، پڑھے:-

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ خَیْرَ ھٰذِہِ السُّوْقِ وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ اَنْ اُصِیْبَ فِیْھَا یَمِیْنًا فَاجِرَۃً اَوْ صَفْقَۃً خَاسِرَۃً۔	اللہ کے نام سے یا اللہ میں مانگتا ہوں آپ سے بھلائی اس بازار کی اور بھلائی اس چیز کی جو اس میں ہے اور پناہ چاہتا ہوں میں برائی سے اس کی اور اس چیز کی برائی سے جو اس میں ہے، یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں آپ کی اس سے کہ پڑجاؤں

اس بازار میں جھوٹی قسم میں یا کسی معاملہ خسارے والے میں۔

۷۷- جب نیا پھل سامنے آئے تو یہ دُعا پڑھے:-

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیْ مَدِیْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیْ مُدِّنَا۔	یا اللہ برکت دیجئے ہمارے پھلوں میں اور برکت دیجئے ہمارے شہر میں اور برکت دیجئے ہمارے پیمانے میں اور برکت دیجئے ہمارے ناپ میں۔

۷۸- کسی مصیبت زدہ کو دیکھ کر اپنے جی میں کہے:-

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔	شکر ہے اللہ کا جس نے بچایا مجھ کو اس مصیبت سے جس میں تجھے مبتلا کیا اور فضیلت دی مجھ کو

اپنی مخلوق میں سے بہتیروں پر ظاہر فضیلت

۷۹- گم شدہ اور بھاگے ہوئے شخص کے لئے پڑھے:-

اَللّٰھُمَّ رَادَّ الضَّالَّةِ وَهَادِیَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَهْدِیْ مِنَ الضَّلَالَةِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ بِقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ فَاِنَّهَا مِنْ عَطَائِكَ وَفَضْلِكَ۔	یا اللہ لوٹانے والے گم شدہ چیز کے اور ہدایت کرنے والے گمراہی سے آپ ہی ہدایت کرتے ہیں گمراہی سے پھیر لا میری کھوئی ہوئی چیز کو اپنی قدرت اور اپنے غلبہ سے کیونکہ وہ آپ ہی کا عطیہ اور فضل تھا

(۸۰) کسی شگون پر دل میں خطرہ ہو تو یہ دُعا پڑھے:-

اَللّٰھُمَّ لَا یَاْتِیْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا یَذْهَبُ بِالسَّیِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ۔	یا اللہ نہیں لاتا بھلائیوں کو کوئی سوا آپ کے اور نہیں دُور کرتا بُرائیوں کو سوا آپ کے اور نہیں ہے پھرنا گناہ سے اور نہ طاقت عبادت کی مگر ساتھ تیرے

۸۱: نظر لگے ہونے پر یہ دُعا پڑھ کر دم کرے:-

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰھُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا	اللہ کے نام سے، اے اللہ دُور کر اس کی گرمی،

وَوَصَبِہٖ۔ — اور اس کی سختی اور اس کی تکلیف۔

۸۲- کسی کا کولھا اُتر جائے تو یہ دُعا پڑھ کر اس پر دم کرے۔

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ۔

دُور کر تکلیف کو اے پروردگار آدمیوں کے شفا دے تو ہی شافی ہے نہیں ہے شفا دینے والا کوئی تیرے سوا ۔

۸۳- آگ لگی ہوئی دیکھے تو بکثرت اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہے :-

۸۴- پیشاب رُک جائے یا پتھری ہو تو یہ دُعا پڑھے :-

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ۔

رب ہمارا اللہ ہے جس کا ظہور آسمانوں میں ہے پاک ہے نام تیرا حکم تیرا آسمانوں اور زمین میں ہے جیسے کہ رحمت تیری آسمانوں میں ہے ۔ اسی طرح کر دے رحمت اپنی زمین میں اور بخش دے ہمارے گناہ اور خطائیں تو رب ہے اچھے لوگوں کا پس اتار دے ایک شفا اپنی شفا میں سے اور ایک رحمت اپنی رحمت میں سے اس تکلیف پر۔

۸۵ - پھوڑے پھنسی کے لیے انگشتِ شہادت پر اپنا لب لگا کر مٹی لگائے پھر انگلی پھنسی پر ملتا جائے اور یہ کہتا رہے :-

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

حق تعالیٰ کے نام کے ساتھ یہ مٹی ہے ہماری زمین کی ہم میں سے ایک کے تھوک کے ساتھ تاکہ ہمارے بیمار کو شفا ہو جائے ہمارے رب کی اجازت سے

۸۶-
پاؤں سو جائے تو یہ پڑھے :-

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

رحمت کاملہ نازل فرما اوپر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

۸۷- ہر دکھ تکلیف کی جگہ ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ بسم اللہ اور سات بار یہ پڑھے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔

پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی اور اس کی قدرت کی اس برائی سے جو پاتا ہوں میں اور جس کا مجھے ڈر ہے

۸۸- آنکھ دکھنے آجائے تو یہ دعا پڑھے :-

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ۔

یا اللہ کارآمد کیجئے میرے لئے نگاہ میری اور کیجئے اس کو باقی میرے اور دکھایئے مجھے دشمن میں بدلہ میرا اور فتح دیجئے مجھے اس پر جو مجھ پر ظلم کرے۔

۸۹- بخار کی دعا :-

بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

خدائے بزرگ کے نام کے ساتھ، پناہ چاہتا ہوں میں عظمت والے اللہ کی ہر اچھلنے والی رگ کی برائی سے اور آگ کی گرمی کے نقصان سے۔

۹۰- قربانی ذبح کرتے وقت یہ دعا پڑھے :-

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ وَمِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَلٰی مِلَّۃِ اِبْرَاھِیْمَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ

اللہ کے نام سے خداوندا! مجھ سے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی طرف سے قبول کر۔ میں اس ذات کیطرف متوجہ ہوا جس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا۔ ابراہیم علیہ السلام کے دین پر اس اللہ کی طرف یکسو ہوں اور میں مشرک نہیں ہوں بیشک میری نماز اور میری قربانی اور میری زندگی

لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ	میری زندگی اور میری موت اللہ رب العالمین کے لئے ہے جس کا کوئی شریک نہیں اور یہی

حکم کیا گیا ہوں اور میں مسلمانوں میں سے ہوں، خداوندا یہ تیرے فضل سے ہے اور تیرے واسطے، اللہ کے نام سے اور اللہ بہت بڑا ہے ـــــــ

۹۱- اُونٹ کی قربانی کے وقت یہ دُعا پڑھے :-

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ۔	اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بہت بڑا ہے۔ خداوندا! یہ تیرے فضل سے ہے اور تیرے واسطے۔

۹۲- دُعا عقیقہ

بِسْمِ اللّٰهِ عَقِيْقَةُ فُلَانٍ	اللہ کے نام کے ساتھ یہ فلاں کا عقیقہ ہے۔

۹۳- دُشمن کے شہر سے گزرے تو پڑھے :-

اَللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ (پھر اس شہر کا نام لے جس کا ارادہ ہو) اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ (تین بار)۔	اللہ بہت بڑا ہے یہ شہر اُجڑ جائے... جب ہم قوم کے کسی میدان میں اُترے تو ان کے بُرے دن ہوئے۔

۹۴- دُعا وقتِ ناامیدی :-

بِقَدَرِ اللّٰهِ وَمَا شَآءَ فَعَلَ۔	اللہ کی تقدیر سے ہے اور جو اس نے چاہا وہی ہوا

۹۵- کسی کو سلام کرے تو کہے :-

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔ اور سلام کے جواب میں کہے: وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ	سلامتی ہو تم پر اور رحمت اللہ کی اور برکت اسکی ..... تم پر بھی سلامتی ہو اور رحمت اللہ کی اور

عربی	ترجمہ
وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ - اہلِ کتاب کے جواب میں یوں کہے وَعَلَیْكَ۔	اور برکت اس کی ۔۔۔۔۔۔ اور تم پر بھی ہو۔

٩٦- کسی کی طرف سے کوئی سلام پہنچائے تو یوں کہے :-

عربی	ترجمہ
وَعَلَیْكَ وَعَلَیْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔	اور تم پر بھی اور اس پر بھی سلامتی ہو اور رحمت اللہ کی اور برکت اس کی۔

٩٧- چھینکنے والے کو کہے :-

عربی	ترجمہ
یَرْحَمُكَ اللّٰهُ	رحمت کرے تم پر اللہ ۔۔۔۔
پھر چھینکنے والا یوں کہے یَهْدِیْكُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَكُمْ یَرْحَمُنَا اللّٰهُ وَاِیَّاكُمْ وَیَغْفِرُ لَنَا وَلَكُمْ۔	اللہ تم کو ہدایت دے اور تمہیں سنوار دے، رحمت کرے اللہ ہم پر اور تم پر اور بخشدے ہم کو اور تم کو

٩٨- کسی مسلمان کو دوست بنائے تو اس سے کہے :-

عربی	ترجمہ
اِنِّیْ اُحِبُّكَ فِی اللّٰهِ۔ اور وہ اس کو یوں جواب دے! اَحَبَّكَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ لَهٗ۔	اللہ کے واسطے تجھ کو دوست رکھتا ہوں۔ تو جس کے واسطے مجھ کو دوست رکھتا ہے وہ تجھ کو دوست رکھے

٩٩- جب یوں کہا گیا غَفَرَ اللّٰهُ

اللہ تجھ کو بخشے ۔۔۔۔۔۔

عربی	ترجمہ
تو جواب میں کہے وَلَكَ	اور تجھ کو بھی۔

(١٠٠) جب کوئی پکارے تو کہے :-

عربی	ترجمہ
لَبَّیْكَ۔	حاضر ہوتا ہوں۔

١٠١- جب کوئی مزاج پرسی کرے تو کہے :-

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ۔ | شکر ہے اللہ تعالیٰ کا۔

۱۰۲۔ کسی کی بیمار پرسی کرے تو کہے:۔

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اشْفِهٖ اَللّٰهُمَّ عَافِهٖ۔

کچھ ڈر نہیں کفارہ گناہ ہے انشاء اللہ تعالیٰ کچھ ڈر نہیں کفارہ گناہ ہے انشاء اللہ تعالیٰ یا اللہ اس کو شفا دیجئے یا اللہ اسے اچھا کر دیجئے۔

۱۰۳۔ ماتم پرسی کرے تو سلام کے بعد کہے:۔

اِنَّ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلِلّٰهِ مَا اَعْطٰى وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ۔

بیشک اللہ نے جو لیا وہ اسی کا تھا اور جو اس نے دیا وہ بھی اسی کا ہے اور اس کے ہاں ہر چیز کا ایک مقررہ وقت ہے۔ تو تو صبر کر اور اجر طلب کر۔

۱۰۴۔ جب کوئی مرنے لگے تو یہ تلقین کرے:۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں۔

۱۰۵۔ میّت کو چارپائی پر رکھے تو پڑھے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ۔ | اللہ کے نام کے ساتھ۔

۱۰۶۔ نماز جنازہ کی دعاء:۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ۔

خداوندا! ہمارے زندہ اور مردہ اور چھوٹے اور بڑے اور مرد اور عورت اور حاضر اور غائب کو بخشدے، خداوندا! ہم میں جس کو تو زندہ رکھے تو اس کو اسلام پر زندہ رکھ اور جس کو تو ہم میں سے موت دے تو اس کو ایمان پر مار۔

۱۰۷- میت قبر میں رکھے تو کہے :-

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ	اللہ کے نام سے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین پر۔

۱۰۸- جب مٹی ڈالے تو یہ پڑھے :-

(پہلی مٹھی کے وقت) مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ (دوسری مٹھی کے وقت) وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ (تیسری مٹھی کے وقت) وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى۔	ہم نے اسی سے تم کو پیدا کیا ..... اور اسی میں ہم تم کو لے جائیں گے ..... اور پھر دوبارہ اسی سے تم کو اٹھائیں گے ...

۱۰۹- اور دفن کے بعد قبر پر سورۂ بقرہ کا پہلا اور آخری رکوع پڑھے :-

۱۱۰- جب قبرستان میں جائے تو یہ پڑھے :-

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ	اے اہلِ قبور تم پر سلامتی ہو اور اللہ ہم کو تم کو بخشے اور تم آگے جانے والے ہو اور ہم تمہارے قدم بہ قدم ہیں —

بابِ چہارم

وظائف و عملیات مجرّبہ میں ہے۔

ایمان کی حفاظت کے لئے

امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ نماز فجر میں سنت اور فرض کے درمیان یہ پڑھیں

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
یَا اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ
یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ———

محبّتِ الٰہی پیدا کرنے و قربِ خداوندی حاصل کرنے کے لئے

(۱) صبح و شام سات سات مرتبہ یہ تین سورتیں پڑھیں۔ ایک سورۃ فاتحہ، دوسری سورۃ اخلاص۔ تیسری سورۃ الم نشرح۔ اوّل و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

(۲) نماز عشاء کے بعد اکیس مرتبہ یہ دونوں شعر پڑھیں۔ ———

۱؎ مرا اشرِ مسارِی زِ رُوئے تو بس ؞ دِگر شر مسارم مکن پیشِ کس

۲؎ تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے ؞ دِلِ مرتضٰی سوزِ صدّیق دے

محبّتِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم پیدا کرنے و قربِ رسولؐ حاصل کرنے کیلئے

(۱) صبح و شام سات سات بار یہ دو سورتیں پڑھیں ایک سورۃ کوثر دوسری

سُورۃ والضحیٰ اول و آخر سات مرتبہ دُرود شریف پڑھیں ۔

(۲) روزانہ ایک تسبیح دُرود شریف پڑھیں ۔

انابت اِلیٰ اللہ کے لئے

۱۔ اگر کسی کا دِل اللہ تعالیٰ کی طرف مائل نہ ہو تو اس وِرد کے پڑھنے سے انابتِ الی اللہ ہوگی اور دِل اللہ کی طرف مائل ہوگا ۔

سُبْحَانَ مَنْ یَرَانِیْ، سُبْحَانَ مَنْ یَسْمَعُ کَلَامِیْ، سُبْحَانَ مَنْ یَذْکُرُنِیْ وَلَا یَنْسَانِیْ ۔

(پاک ہے وہ اللہ جو مجھے دیکھ رہا ہے، پاک ہے وہ اللہ جو میری بات سُن رہا ہے، پاک ہے وہ اللہ جو مجھے یاد رکھتا ہے اور مجھے بُھلاتا نہیں ۔

(۲) روزانہ سو مرتبہ یہ وِرد پڑھے یَا ھُوْ یَا مَنْ لَّا ھُوَ اِلَّا ھُوَ اس کا مضمون اپنے دِل میں پختہ کرے کہ سب کے لئے فنا ہے ایک اللہ کے لئے بقا ہے۔

(۳) روزانہ ایک تسبیح اس وِرد کی پڑھے اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ اور اس کے معنیٰ کا تصوّر کرے کہ اللہ میرے پاس موجود ہے اور اللہ مجھے دیکھ رہا ہے اور اللہ میرا مددگار ہے اور اللہ میرے ساتھ ہے ۔

شیطانی وساوس سے بچنے کے لئے

(۱) نماز یا کوئی نیک کام کریں اس سے پہلے یہ دُعا تین مرتبہ پڑھیں، اوّل آخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں رَبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَعُوْذُ بِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ (ترجمہ) اے رَب میرا، میں تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں، شیاطین کے وساوس سے اور میں تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں۔ اے رَب میرا اس سے کہ یہ شیاطین حاضر ہوں ۔ اور کثرت سے اس دُعا کو پڑھیں۔

(۲) حسب ذیل آیت کو پانی پر دم کردیں اور پلائیں تو وساوس وخیالات فاسدہ دفع ہونگے

وَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ حِجَابًا مَسْتُورًا ۝ (ترجمہ) اور جس وقت پڑھتا ہے تو قرآن کو کر دیتے ہیں ہم درمیان تیرے اور درمیان ان لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے پردا چھپا ہوا

گناہوں کی معافی کیلئے

۱۔ صلوٰۃ التسبیح پڑھیں چار رکعت نفل کی نیت کریں، پہلی رکعت میں ثناء و فاتحہ وسورت پڑھنے کے بعد پندرہ مرتبہ پڑھیں سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ۔ پھر رکوع کرے، سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ تین مرتبہ کہے پھر دس مرتبہ وہی تسبیح پڑھے، پھر قومہ میں وہی تسبیح دس مرتبہ پڑھے، پھر سجدہ میں جائے سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى تین مرتبہ وہی تسبیح دس مرتبہ پڑھے، پھر سجدے جلسہ میں دس مرتبہ پڑھے۔ پھر دوسرے سجدہ میں اس طرح دس مرتبہ پڑھے، پھر دوسرے سجدہ سے اٹھ کر دس مرتبہ تسبیح پڑھ کر پھر اٹھے، یہ پچھتر مرتبہ ہے۔ ہر رکعت میں اس طرح کرے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباسؓ کو کہا کہ روزانہ پڑھیں یا ہفتہ میں ایک بار، یا مہینہ میں ایک بار یا سال میں ایک بار یا کم از کم عمر میں ایک مرتبہ۔ اس سے گناہ معاف ہوتے ہیں (یعنی اگلے اور پچھلے سب گناہ)

(۲) بخاری شریف میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص دن کو سو بار پڑھے لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔

(ترجمہ) خدا کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا عبادت کے لائق ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کے لئے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اس کو دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا اور سو نیکیاں لکھی جائیں گی اور سو گناہ معاف ہوں گے اور شام تک شیطان کے اثر سے محفوظ رہے گا اور خاتمہ ایمان

پر ہو گا ـــــ

(۳) بخاری شریف میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو دن میں ایک سو بار پڑھے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ (ترجمہ۔ اللہ کے لئے پاکیزگی ہے اور اسی کے لئے تعریف ہے تو اس کے گناہ معاف ہوں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں ــ (۴) گناہوں سے بچنے کے لئے خصوصاً زنا، لواطت، حرام سے بچنے کے لئے تین دن روزہ رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس کو پڑھے۔

یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شِبْہٍ فَلَا شَیْئَ کَمِثْلِہٖ

حب جاہ حب مال کا علاج

۱۔ اگر انسان یہ چاہے کہ مجھے دین کا شوق ہو اور عزت و شہرت و ذاتی وجاہت کا خیال ختم ہو اور مال کی محبت بھی ختم ہو تو اس کے لئے صبح و شام تین مرتبہ سورۃ تکاثر پڑھیں اول و آخر درود شریف پڑھیں۔

زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے

(۱) جمعرات غسل کر کے پاک وصاف کپڑے پہنے اور خوشبو لگائے پھر بعد نماز عشاء دو رکعت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد پچیس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے پھر سلام کے بعد ایک ہزار مرتبہ درود قادری پڑھے وہ یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ان شاء اللہ خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو گی۔

(۲) جمعرات کو بعد نماز عشاء دو رکعت نفل پڑھ کر پھر درج ذیل درود شریف ایک سو ایک بار پڑھیں وہ یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَآ اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا

اَهْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِي الْقُبُوْرِ ———

(۳) جمعرات غسل کر کے خوشبو لگائے اور دو رکعت نفل پڑھے سلام کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۂ کوثر اور ایک ہزار مرتبہ درود قادری پڑھیں ———

زیارت والدین کے لئے

اگر کسی کے والدین فوت ہو گئے ہیں اور وہ ان کو خواب میں زیارت کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو رات کو سونے کے وقت سات مرتبہ سورۂ یٰس پڑھ کر ان کے ایصال ثواب کرے، ان شاء اللہ خواب میں زیارت ہو گی ———

تہجد کے لیے بیدار ہونے کا عمل

(۱) سوتے وقت سورۃ کہف کی آخری چار آیات پڑھیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝

(۲) لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ۔ سونے کے وقت تین بار پڑھیں (۳) صرف خیال کریں اور دل میں کہیں کہ "یا اللہ میں فلاں وقت بیدار ہو جاؤں تو ان شاء اللہ بیداری ہو جائے گی۔

اِستخارہ کا طریقہ

ہر کام میں استخارہ کرنا موجب خیر و برکت ہوتا ہے تین رات استخارہ کرے بدھ کی رات تا جمعہ کی رات ۔ ان شاء اللہ خواب میں رہنمائی ہو گی اور حقیقت حال ظاہر ہو جائے گی

(۱) حدیث میں مسنون استخارہ کا طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نفل پڑھے، اس کے بعد یہ دعا پڑھے: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَ اَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ اور ھٰذَا الْاَمْرَ پر جب پہنچے تو اپنے کام کا خیال و تصور کرے۔ اس کے بعد یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ کا ورد کرتے ہوئے دائیں کروٹ پر قبلہ رخ ہو کر سو جائے، ان شاء اللہ خواب میں حقیقت کھل جائے گی اور اگر کچھ نہ دیکھے تو جب اٹھے جو بات دل میں مضبوطی سے آئے اس پر عمل کرے۔

(۲) سونے کے وقت اکیس بار سورۃ الم نشرح پڑھے۔ حقیقت حال کا علم ہو جائے گا

(۳) ایک سو ایک بار سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ پڑھ کر سو جائے ــــــ

(۴) رات کو وضو کریں پھر بستر پر بیٹھ کر اول و آخر درود شریف پڑھیں اور دس مرتبہ سورۃ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں اور سو جائیں اللہ کی طرف سے اس اہم کام کے لئے راہنمائی ہو گی ــــــ

(۵) جب عشاء کی نماز سے اور دنیوی امور سے فارغ ہوں تو وضو کر کے تین تسبیح بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی پڑھے پھر ۱۷ مرتبہ سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ پڑھے۔ پھر ایک تسبیح اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّکَ پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کرے اور اللہ سے دعاء کرے کہ یا اللہ اس کام کی حقیقت مجھ پر کھول دے۔

(۶) وضو کر کے دائیں کروٹ پر قبلہ کی جانب لیٹ کر سات مرتبہ سورۃ وَالشَّمْسِ اور سات مرتبہ سورۃ وَاللَّیْلِ اور سات مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور دعاء کرے۔ ان شاء اللہ حقیقت حال کھل جائے گی۔

مرض معلوم کرنے کا طریقہ

(۱) مریض کی پہنی ہوئی قمیص جو اس کے بدن پر تھی اس کو پیمائش کرلیں، پھر تین بار سورۃ فاتحہ، تین بار آیۃ الکرسی، ایک بار سورۃ صافات تا لازب ایک بار، سورۃ جن تا شططاً ایک بار سورۃ طارق پھر آخری چہار قل یعنی سورۃ کافرون واخلاص و فلق وناس تین تین بار پڑھیں اور:

سُبْحٰنَکَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ

تین بار پڑھیں اور یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ ۴۲ مرتبہ پڑھیں اول و آخر تین بار درود شریف پڑھیں اور اس قمیص پر دم کریں اور اس کی پیمائش کریں اگر مقدار بڑھ جائے تو آسیب ہے اور اگر کم ہو جائے تو سحر ہے، اگر برابر رہے تو مرض جسمانی ہے پھر اس کے مطابق اس کو تعویذ دیں

(۲) سورۃ فاتحہ وآیۃ الکرسی و آخری چہار قل سات سات مرتبہ پڑھ کر اس مریض پر دم کریں اگر مرض بڑھ جائے تو آسیب اور اگر کم ہو جائے تو سحر اور اگر سابقہ حال کی طرح برابر رہے تو مرض جسمانی ہوگی۔

(۳) اگر وقت کی گنجائش نہ ہو تو اس مریض کی مستعمل قمیص پر گیارہ مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ پڑھ کر دم کریں اور حسب سابق قمیص کی پیمائش کے بعد دوبارہ پیمائش کر کے تینوں صورتیں دیکھیں اور اس کے مطابق عمل کریں۔

تسخیر عوام کیلئے

(۱) يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ أَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنْهَا كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هَٰذَا بَشَرًا إِنْ هَٰذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ وَلِيٌّ مِنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيهًا۔

ان آیات کو بعد فجر و مغرب گیارہ مرتبہ پڑھنا ہے۔ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں

(۲) سورۃ قریش سحری کے وقت ایک سو بار اور بعد مغرب ایک سو بار یا بعد نماز فجر ایک سو بار اور بعد نماز مغرب ایک سو بار یا ہر نماز کے بعد اکیس بار پڑھیں مگر دوام و ہمیشگی ہو ناغہ نہ ہو

(۳) وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا قطب ستارہ کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر دایاں پاؤں بائیں پاؤں پر رکھ کر مونٹھ سفید کے گیارہ دانے جو ایک رنگ کے ہوں ان میں سے ہر دانہ پر گیارہ گیارہ مرتبہ مذکورہ آیت پڑھیں، پھر ان دانوں کو مٹی کے برتن میں رکھ کر اپنے مکان میں دفن کر دیں پھر اس آیت کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کو بخشیں پھر روزانہ مقدار معین کر کے پڑھیں، کم از کم ایک تسبیح پڑھیں اور اس کے ساتھ ۱۱۱ گیارہ سو گیارہ بار یَا مُغْنِیُ یَا بَاسِطُ پڑھیں جبکہ خلقتِ خدا رجوع کرے تو خوش اخلاقی سے پیش آئے اور طعام و لباس و مال سے ان کو فائدہ پہنچائیں مال کو جمع نہ کریں اور حرام جگہ بھی خرچ نہ کریں۔

(۴) وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ اس آیت کو ۶۷۸ مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ ادا کرے پھر جب چاہے اس کو روغن چنبیلی پر دم کرے جس کو سنگھائے وہ مسخر ہو گا

(۵) يَا وَدُوْدُ يَا لَطِيْفُ گیارہ تسبیح پڑھیں اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں جس کی تسخیر مطلوب ہو اس کا تصور کریں۔

(۶) سورۃ یوسف روزانہ پڑھیں اور ہر لفظ یوسف پر اکتالیس مرتبہ یا عزیز پڑھیں۔

(۷) اَللّٰهُ الصَّمَدُ کی زکوٰۃ ادا کریں وہ اس طرح کہ چہار شنبہ کی رات سے تین رات میں ایک لاکھ پورا کرنا ہے۔ تینوں دن روزہ رکھیں اور روٹی باوضو پکائیں، پہلی رات کو بتیس ہزار، دوسری رات کو تینتیس ہزار، تیسری رات پینتیس ہزار بار پڑھے، اس کے بعد روزانہ گیارہ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، گیارہ مرتبہ درود شریف، گیارہ مرتبہ استغفار پھر گیارہ تسبیح اَللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھے پھر ناغہ نہ ہو، یہ عمل مسخرات کے لئے عجیب ہے۔

(۸) روزانہ ایک مرتبہ حسب ذیل آیات پڑھے اور اگر تاجر دوکان میں چسپاں کرے اور گھر والے غلہ میں ان کو لکھ کر رکھیں تو برکت ہوگی۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا۔ تُعْطِيْهِمَا مَنْ تَشَآءُ وَتَمْنَعُهُمَا مَنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ۔

(۹) يَا اِلٰهَ الْاٰلِهَةِ الرَّفِيْعُ جَلَالُهٗ يَا اَللّٰهُ روزانہ صبح کو گیارہ بار پڑھیں اوّل و آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

(۱۰) يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ لَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ وَلَا اِلٰى اَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ۔ پہلے اس کی زکوٰۃ ادا کریں کہ تین دن روزہ رکھیں اور ہر دن اس کو تین ہزار مرتبہ پڑھیں اوّل و آخر ایک سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد دس مساکین کو کھانا کھلائیں، پھر روزانہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں، اوّل و آخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

(۱۱) اگر کسی کو مسخر کرنا ہو اور اپنی کوئی ضرورت پوری کرانا ہو تو دو رکعت نفل پڑھے پھر یہ آیت وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا

بلا تعداد پڑھے اور ساتھ یہ آیت بھی پڑھے وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا اور جب اس کے پاس جائے تو ان آیات کو پڑھتا جائے اور جب وہاں جا کر بیٹھے تو دل میں ان آیات کو پڑھتا رہے، ان شاء اللہ ضرورت پوری ہوگی۔

(۱۲) يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ بعد سنت فجر ۴۱ مرتبہ پڑھیں، اوّل آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

(۱۳) نمازِ فجر کے بعد طلوع شمس سے پہلے تین مرتبہ سورۃ رحمٰن پڑھے، تسخیر کے لئے مفید ہے۔ اوّل و آخر درود شریف پڑھے۔

(۱۴) يَا وَدُوْدُ يَا رَءُوْفُ يَا رَحِيْمُ بعد نماز عشاء اس کی تین تسبیح پڑھیں اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف مہینہ کی پہلی جمعرات سے پڑھیں، گیارہ دن یہ عمل کریں، جس مقصد کے لئے پڑھیں گے وہ پورا ہوگا۔

(۱۵) سُورۃ وَالضُّحٰی روزانہ سو مرتبہ پڑھیں اوّل و آخر درود شریف پڑھیں فتوحات کے دروازے کھلیں گے۔

(۱۶) بعد نماز جمعہ سلام کے بعد يَا رَحِيْمُ يَا وَدُوْدُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ سات مرتبہ پڑھیں اور اوّل و آخر درود شریف پڑھیں۔

(۱۷) سورج طلوع ہونے کے پانچ منٹ بعد سورج کی طرف رُخ کرے اور اس کو دیکھے اور سورۃ رحمٰن پڑھنا شروع کرے جب فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچے تو شہادت کی انگلی سے سورج کی طرف اشارہ کرے اتنے تک کہ سورت ختم کرے ایک چلہ اس طرح کریں اس کیلئے بہتر یہ ہے کہ کسی میدان میں چلا جائے جہاں سورج طلوع کے فوراً بعد نظر آئے۔

تسخیرِ حکام کیلئے:

(۱) جس کو پریشانی ہو وہ موذن کی آذان کا جواب اس طرح دے جیسے موذن کلمہ کہتا ہے پھر اذان ختم ہونے کے بعد اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادِ پڑھے پھر یہ دعا تین مرتبہ پڑھے: رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا وَّرَسُوْلًا وَّبِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا وَّبِالْکَعْبَۃِ قِبْلَۃً وَّبِالْمُؤْمِنِیْنَ اِخْوَانًا اور حاکم کے پاس جائے

(۲) کٓھٰیٰعٓصٓ کُفِیْتُ حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِیْتُ سات مرتبہ پڑھیں اور پھر سات مرتبہ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ پڑھیں اور افسر پر دم کریں ——

(۳) پانچ نمازوں کے بعد ایک تسبیح یَا وَدُوْدُ یَا لَطِیْفُ پڑھیں اور حاکم و افسر کے مائل ہونے کا دھیان کریں اور بعد میں اس کے نرم ہونے کی دعا کریں۔

تسخیرِ امراء کے لئے

(۱) تین دن حزب البحر پڑھے روزانہ اکیس مرتبہ اور جب یَا مَنْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ پر پہنچے تو کہے یَا عَزِیْزُ عَزِّزْنِیْ فِیْ عَیْنِ فُلَانٍ وَ قَلْبِہٖ کی جگہ اس کا نام لے پھر سورۃ قدر تین مرتبہ پڑھے پھر جس دن اس کے پاس جائے تو ایک مرتبہ پڑھ کر جائے تو اس کا وہ کام کر دے گا۔

فتوحاتِ غیبی کے لئے

(۱) چار دن روزہ رکھیں ہر دن ہر نماز کے بعد چالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں

اس کے بعد دس طلباء قرآن کو کھانا کھلائیں، اس زکوٰۃ کے ادا کرنے کے بعد ہر نماز کے بعد بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر دس مرتبہ سورۃ فاتحہ ولا الضّالّین آمین تک پڑھیں پھر یہ دعا پڑھیں اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ــــ

(۲) سورۃ یٰسین پڑھیں اور سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کی آیت پچاس مرتبہ پڑھیں ــــ

(۳) مغرب وعشاء کے درمیان سورۃ واقعہ پڑھیں اور جب اَمْ نَحْنُ الْخَالِقُوْنَ اور اَمْ نَحْنُ الزَّارِعُوْنَ اور اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ اور اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ کے جملے پڑھیں تو اس وقت کہیں بَلْ اَنْتَ یَا رَبِّ پھر سورت ختم کرنے کے بعد یہ دعا پڑھیں اَللّٰھُمَّ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَسِّرْ عَلَیْنَا الْحِسَابَ

اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَاءِ فَاَنْزِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْہُ وَاِنْ

کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْہُ اِلَیَّ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْہُ لِیْ

وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا فَخَلِّدْہُ وَطَیِّبْہُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا فَبَارِکْ فِیْہِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ــــ

(۴) برائے دستِ غیب یعنی کام کے لئے غیبی اسباب پیدا ہوں اس کے لئے ایک چلہ یہ عمل کریں، مہینہ کی پہلی جمعرات سے شروع کریں، چالیس دن تک روزانہ دو سو گیارہ مرتبہ یَا مُنْعِمُ پڑھیں اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
(۵) خزانہ غیب پر مطلع ہونے کے لئے پانچ دن عمل کریں روزانہ دس ہزار مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھیں ۔(۶) یا بعد نماز عشاء، چار سو مرتبہ سورۃ کوثر پڑھیں، خواب میں خزانہ پر مطلع کیا جائے گا

وسعتِ رزق کے لئے

(۱) ایمان وجان ومال کی حفاظت و وسعت رزق کے لئے سورۃ یٰسین پڑھیں

لیکن اس طرح پڑھیں کہ پہلے یَا بَاسِطُ یَا بَسِیْطُ یَافَتَّاحُ تین مرتبہ پڑھیں پھر یٰسین پڑھیں پھر آخر میں یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ تین مرتبہ پڑھیں۔ پھر سات مرتبہ سورہ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ پڑھیں۔

(۲) وسعتِ رزق وحفاظت وترقی حافظ کے لئے یَابَاسِطُ یَاحَفِیْظُ کی ایک تسبیح پڑھیں۔ اوّل وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

(۳) ۔ نمازِ فجر باجماعت پڑھ کر مسجد میں موجود رہیں اور سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھتے رہیں پھر جب آفتاب بلند ہوجائے تو دو رکعت یا چار رکعت اشراق کی نماز پڑھیں، اس کے بعد تین مرتبہ سورۃ آلِ عمران کا آخری رکوع پڑھیں۔

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ الَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَاۤ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَیْتَهٗ وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ رَبَّنَاۤ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَاۤ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ فَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِیْ سَبِیْلِیْ وَقٰتَلُوْا

وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ
